الخامس: العرض، وقد جاء القرآن بالمحافظة عليه بأقوم الطرق وأعدلها، فنهى المسلم عن أن يتكلم في أخيه بما يؤذيه، وأوجب عليه إن رماه بفرية حد القذف ثمانين جلدة، قال تعالى:" ولا يغتب بعضكم بعضا"[43]، وقال: "ولا تلمزوا أنفسكم ولا تنابزوا بالألقاب بئس الاسم الفسوق بعد الإيمان ومن لم يتب فأولئك هم الظالمون" [44] وقال في إيجاب حد القاذف: والذين يرمون المحصنات ثم لم يأتوا بأربعة شهداء فاجلدوهم ثمانين جلدة ولا تقبلوا لهم شهادة أبدا وأولئك هم الفاسقون إلا الذين تابوا الآية [45] .

السادس: المال، وقد جاء القرآن بالمحافظة عليه بأقوم الطرق وأعدلها، ولذلك منع أخذه بغير حق شرعي، وأوجب على السارق حد السرقة وهو قطع اليد كما تقدم، قال تعالى: يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارة عن تراض منكم [46]،.. وقال: "والسارق والسارقة فاقطعوا أيديهما جزاء بما كسبا نكالا من الله [47]، وكل ذلك محافظة على المال ودرءا للمفسدة عنه.[48]

فهذه الأشياء الستة ضرورة كل إنسان لدفع الضرر عن نفسه، والآن يذكر الشيخ الشننقيطي مصلحة ثانية متعلقة بإباحة جلب المصالح الدائرة بين أفراد المجتمع بقوله:

يقول الشيخ الشنقيطي تحت هذه الآية الكريمة: " وقد أجاز بعض العلماء تعلم السحر لأمرين: إما لتمييز ما فيه كفر من غيره. وإما لإزالته عمن وقع فيه، فأما الأول: فلا محذور فيه إلا من جهة الاعتقاد، فإذا سلم الاعتقاد فمعرفة الشيءبمجرده لا تستلزم منعا. كمن يعرف كيفية عبادة أهل الأوثان للأوثان. لأن كيفية ما يعلمه الساحر إنما هي حكاية قول أو فعل، بخلاف تعاطيه، والعمل به . وأما الثاني: فإن كان لا يتم كما زعم بعضهم إلا بنوع من أنواع الكفر أو الفسق فلا يحل أصلا، وإلا جاز للمعنى المذكور..، إذ ليس لأحد أن يبيح ما صرح الله بأنه يضر، ولا ينفع، مع أن تعلمه قد يكون ذريعة للعمل به، والذريعة إلى الحرام يجب سدها [25]

الحاصل من كلام الشيخ الشنقيطي أنه يحكم على جهة اعتقاد الإنسان وفكره، إن سلم الفكر والاعتقاد فتصح المعرفة عن السحر وإلا فلا يجوز تعلم السحر، فيجوز تعلم السحر لتمييز بين الكفر وغيره ولإزالة السحر عمن وقع فيه، وبالتالي إذا صح الفكر يصح العمل وإذا فسد الفكر يفسد به العمل .

**المثال الثالث، قال الله جل وعلا:**

" حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءُو قَالَ أَكَذَّبْتُم بِـَٔايَٰتِى وَلَمْ تُحِيطُوا۟ بِهَا عِلْمًا أَمَّاذَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ " [26]

يقول الشيخ الشنقيطي تحت هذه الآية الكريمة: " .. والسؤال المذكور سؤال توبيخ وتقريع، فقد وبخهم تعالى فيه على فساد الاعتقاد، وفساد الأعمال، والتوبيخ عليهما معا المذكور هنا جاء مثله في قوله تعالى: " فلا صدق ولا صلى ولكن كذب وتولى " [27] [28] .

الحاصل من كلام الشيخ الشنقيطي أن الله تعالى وبخ الكفار وزجرهم من أجل فساد الفكر والاعتقاد وفساد الأعمال.

**المثال الرابع، قال الله جلّ وعلا:**

" إِنَّ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانَ يَهْدِى لِلَّتِى هِىَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ ٱلْمُؤْمِنِينَ ٱلَّذِينَ يَعْمَلُونَ ٱلصَّٰلِحَٰتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْرًا كَبِيرًا "[29]

ذكر الشيخ الشنقيطي تحت هذه الآية الكريمة كلاما بليغا أصوليا مقاصديا، والذي يدور تماما عن يسر الإسلام وسماحته وخلقه العظيم ومحسن العادات بقوله: " ...وتشريع الحكيم الخبير جل وعلا مشتمل على جميع الحكم من درء المفاسد وجلب المصالح، والجري على مكارم الأخلاق، ومحاسن العادات، ولا شك أن من أقوم الطرق معاقبة فظيع الجناية بعظيم العقاب جزاء وفاقا. [30]

وكل هذا يستنبطه الشيخ الشنقيطي بمقاصد الشريعة من الآية الكريمة بقوله: ". المصالح التي عليها مدار الشرائع ثلاثة:

الأولى: درء المفاسد المعروف عند أهل الأصول بالضروريات.

والثانية: جلب المصالح، المعروف عند أهل الأصول بالحاجيات.

يتمثل الفريق الأول في المهاجرين والأنصار وما كانوا عليه من أخوة، ومودة، ورحمة، وعطاء، وإيثار على النفس.

ويتمثل الفريق الآخر في المنافقين، واليهود، وما كان بينهم من مواعدة، وإغراء، وتحريض، ثم تخل عنهم وخذلان لهم.

فكان في ذلك تصوير لحزبين متقابلين متناقضين حزب الرحمن، وحزب الشيطان، وهي صورة المجتمع في المدينة آنذاك.

ثم تأتي إلى مقارنة أخرى بين نتائج هذين الحزبين ومنتهاهما وعدم استوائهما، وفي ذلك تقرير المصير: لا يستوي أصحاب النار وأصحاب الجنة أصحاب الجنة هم الفائزون [21] .

وهذه أخطر قضية في كل أمة أي: تقرير مصيرها، ثم بيان حقيقة تأثير القرآن وفعاليته في المخلوقات، ولو كانت جبلا أشم أو حجرا أصم لو أنزل عليه لرأيته خاشعا متصدعا من خشية الله، فإذا بها قد اشتملت على موضوع الخلق والخالق، والأمة والرسالة، والبدء والنهاية، وصراع الحق مع الباطل، والكفر والإيمان، والنفوس في الشح والإحسان، وكلها مواقف عملية ومناهج واقعية وأمثلة بيانية، " وتلك الأمثال نضربها للناس لعلهم يتفكرون " [22]

فإذا ما توجه الفكر في هذا العرض، وتنقل من موقف إلى موقف، وتأمل صنع الله وقدرته وآياته، نطق بتسبيحه، وعلم أنه سبحانه هو الله الذي لا إله إلا هو عالم الغيب والشهادة، علم ما سيكون عليه العالم قبل وجوده، فأوجده على مقتضى علمه به، وسيره على النحو الذي أوجده عليه، علم خذلان المنافقين لليهود قبل أن يحرضوهم، فكان كما علم سبحانه وحذر من مشابهتهم، وعلم أنه لو أنزل القرآن على جبل ماذا يكون حاله، فحث العباد بالأخذ به، ولعلمه هذا بالغيب والشهادة، كان حقا هو الله وحده. [23]

الحاصل من كلام الشيخ الشنقيطي أن الأمر الأساسي الذي يؤدي دورا مهما فى حياة الإنسان كونه صاحب فكر سليم أم فكر خاطئ، كونه صاحب فكر رحماني فيتصف بصفات حسنة وينشر بين المجتمع من أخوة، ومودة، ورحمة، وعطاء، وإيثار على النفس، أم صاحب فكر شيطاني فينشر فى المجتمع من مواعدة، وإغراء، وتحريض وشح وخذلان، فإما يدخل فى حزب الرحمان وإما يدخل فى حزب الشيطان، وبهذا ينقسم فى صنفين من الباطل أو الحق، الإيمان والكفر، فكل هذه مواقف عملية ومناهج واقعية وأمثلة بيانية، كقوله تعالى " وتلك الأمثال نضربها للناس لعلهم يتفكرون " وعلى هذا يواجه الإنسان بأمرين معارضين مناقضين، كقوله عز وجل: " لا يستوي أصحاب النار وأصحاب الجنة "، إذن تترتب النتيجة على فكر كل إنسان من الفوز والفشل .

**المثال الثاني، قال الله جل وعلا:**

"وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ" [24]

المحسوسات فهو في الاصطلاح تخييلوقال الزمخشري في «الكشاف»: في أنفسهم، يحتمل أن يكون ظرفا كأنه قيل: أولم يحدثوا التفكر في أنفسهم، أي: في قلوبهم الفارغة من الفكر، والفكر لا يكون إلا في القلوب، ولكنه زيادة تصوير لحال المتفكرين ; كقولك: اعتقده في قلبك وأضمره في نفسك وأن يكون صلة للتفكر كقولك: تفكر في الأمر أجال فيه فكره" . [14]

**الأمر الرابع: مفهوم الأخلاق**

والخلق، بالضم وبضمتين: السجية والطبع، والمروءة والدين. [15]

أخلاق وهو حسن النقيبة: أي جميل الخليقة. [16]

الخلق: المروءة، والخلق: الدين وفي التنزيل: وإنك لعلى خلق عظيم والجمع أخلاق [17]

الخلق: بضم أوله وثانيه، صفة راسخة في النفس تصدر عنها الافعال بغير تكلف، ج أخلاق [18] ...

ومفهوم الأخلاق بهذا في غاية الأهمية في الاتجاه الأخلاقي في الإسلام، لأنه يعتبر السند الذي يعتمد عليه في إقامة النظام الخلقي وفي عملية الالتزام به، فبدون هذا الأساس تفقد الأخلاق قدسيتها وعظم تأثيرها في الإنسان، ولا يمكن أن تطبق الأخلاق تطبيقا عمليا دقيقا في السر والعلن إلا إذا اتخذ هذا الأساس في قلوب البشر مكانا، وآمنوا به إيمانا صادقا .

**الأمر الخامس: رأي الشيخ الشنقيطي عن أسس الأخلاق**

ذكر الشيخ الشنقيطي فى تفسيره أربعة أسس أخلاقية، ونقل إجماع العلماء على هذا بقوله: " .. اتفق علماء الاجتماع أن أسس الأخلاق أربعة: هي: الحكمة، والعفة، والشجاعة، والعدالة.

ويقابلها رذائل أربعة: هي الجهل، والشره، والجبن، والجور. ويتفرع عن كل فضيلة فروعها:

الحكمة: الذكاء وسهولة الفهم، وسعة العلم. وعن العفة: القناعة، والورع، والحياء، والسخاء، والدعة، والصبر، والحرية. وعن الشجاعة: النجدة، وعظم الهمة. وعن السماحة: الكرم، والإيثار، والمواساة، والمسامحة. أما العدالة – وهي أم الفضائل الأخلاقية – فيتفرع عنها: الصداقة، والألفة، وصلة الرحم، وترك الحقد، ومكافأة الشر بالخير، واستعمال اللطف. فهذه أصول الأخلاق وفروعها، فلم تبق خصلة منها إلا وهي مكتملة فيه – صلى الله عليه وسلم – وقد برأه الله من كل رذيلة، فتحقق أنه – صلى الله عليه وسلم – على خلق عظيم، فعلا وعقلا.. " [19]

## المبحث الثاني: النماذج من تفسير "اضواء البيان" بشأن الفكر الإسلامي والأخلاق عند الشيخ الشنقيطي.

**المثال الأوّل، قال الله جل وعلا:**

"هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۖ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ" [20]

يقول الشيخ الشنقيطي تحت هذه الآية الكريمة: " ثم تأتي لموقف فريقين متقابلين فريق المؤمنين، والكافرين.

**مؤلفاته:**

**رجز** في فروع مذهب مالك (رحمه الله)، **يختص** بالعقود من البيوع والرهون، وهو يُعد بالآلاف، **ألفية** في المنطق. **نظم** في الفرائض، **شرح** على سُلَّم الأخضري في المنطق، **الرحلة** إلى بيت الله الحرام. طُبع بعد وفاته بعشر سنوات. **منع** جواز المجاز في المنزَّل للتعبُّد والإعجاز، **دفع** إيهام الاضطراب عن آيات الكتاب.

**وفاته:**

وقد توفي الشيخ (رحمه الله) ضحى يوم الخميس، السابع عشر من شهر ذي الحجة، عام ثلاث وتسعين وثلاثمائة وألف، في منزله في مكة المكرمة، وقد صلى عليه سماحة الشيخ عبد العزيز بن باز بعد صلاة الظهر من ذلك اليوم، ودُفن بمقبرة المعلاة بريع الحجون، فرحمه الله رحمة واسعة. [10]

## المبحث الأول: مفهوم الفكر والأخلاق ورأي الشيخ الشنقيطي عن مفهوم الفكر وعن أسس الأخلاق

من المعلوم أن ما يتطلبه البحث العلمي الدقيق تحديد المصطلحات الموجودة فى البحث، لذلك نعرفها أولا .

وفى هذا المبحث أمور،

**الأمر الأول: مفهوم الفكر لغة:**

فكر: الفَكْرُ والفِكْرُ: إعمال الخاطر في الشيء؛ قال سيبويه: ولا يجمع الفكر ولا العلم ولا النظر، قال: وقد حكى ابن دريد في جمعه أفكارا. والفكرة: كالفكر وقد فكر في الشيء وأفكر فيه وتفكر بمعنى. ورجل فكير، مثال فسيق، وفيكر: كثير الفكر؛ الأخيرة عن كراع. الليث: التفكر اسم التفكير. ومن العرب من يقول: الفكر الفكرة، والفكرى على فعلى اسم، وهي قليلة. الجوهري: التفكر التأمل، والاسم الفكر والفكرة، والمصدر الفكر، بالفتح. قال يعقوب: يقال: ليس لي في هذا الأمر فكر أي ليس لي فيه حاجة، قال: والفتح فيه أفصح من الكسر [11]

الفكر، بالكسر ويفتح: إعمال النظر في الشيء، كالفكرة والفكرى، بكسرهما، ج: أفكار. فكر فيه وأفكر وفكر وتفكر، وهو فكير، كسكيت، وفيكر، كصيقل: كثير الفكر ومالي فيه فكر، وقد يكسر، أي: حاجة. [12]

**الأمر الثاني: مفهوم الفكر اصطلاحا:**

الفكر: ترتيب أمور معلومة للتأدي إلى مجهول. [13]

**الأمر الثالث: رأي الشيخ الشنقيطي عن مفهوم الفكر لغة واصطلاحا**

ذكر الشيخ الشنقيطي فى تفسيره عن مفهوم الفكر بقوله: " والتفكر: التأمل والنظر العقلي، وأصله إعمال الفكر، والمتأخرون يقولون: الفكر في الاصطلاح حركة النفس في المعقولات، وأما حركتها في

لأتمم مكارم الأخلاق" [3]، وربط عليه الصلاة والسلام بين كمال الإيمان وحسن الخلق، فقال: "إن أكمل المؤمنين إيمانا أحسنهم خلقا" [4]، ونبه عليه الصلاة والسلام على أهمية سلوك الخير وفعله فقال: " ما من شيء أثقل في الميزان من حسن الخلق " [5]

## خطة البحث

يتضمن البحث تمهيدا وفيه ترجمة موجزة للشيخ الشنقيطي ـ رحمه الله ـ والتعريف بتفسيره "أضواء البيان" ومبحثين، البحث الأول يشتمل على بيان مفهوم الفكر الإسلامي والأخلاق ورأي الشيخ الشنقيطي من مفهوم الفكر ومن أسس الأخلاق، والبحث الثاني يشتمل على النماذج التطبيقية من خلال تفسير "أضواء البيان" للشنقيطي – رحمه الله – . وأثر هذا الفكر الإسلامي والأخلاق على واقعنا الحالي فى المجتمع .

## التمهيد

## ترجمة موجزة للشيخ العلامة المفسر محمد الأمين الشنقيطي [6]

قد بيّن عدد من الباحثين ترجمة الشيخ الشنقيطي – رحمه الله –، وذكرت ترجمة الشيخ فى نهاية تفسيره " أضواء البيان " أيضا، لذلك لانطيل الكلام فيها،

### اسمه ونسبه:

هو محمد الأمين بن محمد المختار بن عبد القادر بن محمد بن أحمد نوح بن محمد بن سيدي أحمد بن المختار، من أولاد الطالب أوبك، الذي هو من أولاد كرير بن الموافي بن يعقوب بن جاكن الأبر، جد القبيلة المعروفة بالجكنيين، التي يرجع نسبها إلى حِمْيَر [7]

### مولده ونشأته:

قدولد الشيخ (رحمه الله) سنة (1325) عند ماء يُسمى (تَنْبَه) من أعمال (كيفا) من موريتانيا، ونشأ الشيخ (رحمه الله) يتيمًا؛ إذ توفي والده وهو صبي صغير لا زال يقرأ في جزء عمَّ من القرآن الكريم. فترعرع الغلام في بيت أخواله الذين هم من بني عمومته؛ ذلك أن والدته كانت ابنة عم أبيه، وكان ذلك البيت الذي تربى فيه الشيخ (رحمه الله) يزخر بمزيد من العلم فضلًا عمَّا يكتنف تلك البيئة من قطر شنقيط عمومًا من انتشار للعلم وذويه، والأدب وأربابه، والفروسية ورجالاتها، ولما أتم العاشرة من عمره فرغ من حفظ القرآن الكريم على خاله عبد الله بن محمد المختار بن إبراهيم بن أحمد نوح [8]

### غزارة علمه وسعة اطلاعه:

حبا الله الشيخ (رحمه الله) ذكاءً مفرطًا، وحافظة نادرة، وهمة عالية، فسخَّر ذلك كله في تحصيل العلم وجَمْعِهِ بمختلف فنونه وصنوفه، من عقيدة، وتفسير، وحديث، وأصول، وعربية ...

وكان كلامه في العلم يشد كل من سمعه، حتى يُخيل للسامع أن الشيخ أفنى عمره في ذلك الفن ولا يُحسن غيره!. [9]

ارتضاه الله جلّ وعلا لعباده، من أهم خصائصه أنه ثابت فى مصادره وأهدافه وضوابطه، ثابت فى قيمه، ثابت فى أحكامه وتشريعاته، لايتغير ولايتبدل، وفيه مرونة وصلاحيّة لكل زمان ومكان، والفكر السليم هو الأساس الذي يبنى عليه القيم الإسلامي، وهو من أهم ما يطلب من الإنسان لكون العمل يتبع الفكر والاعتقاد، فالأعمال الظاهرة لاتنفع الإنسان إذا فسد فكره ومعتقده، وبدون هذا الأساس تفقد الأخلاق مكانتها وعظم تأثيرها فى الإنسان، وله دور وأثر كبير فى تسامي العبد خلقيا، فهذا الدين جاء ليتمم مكارم الأخلاق، وقد ركّز البحث عى إبراز تعزيز الفكر الإسلامي والأخلاق ببيان أسس الإنسانية من الحرية مع ضوابطها وكرامة الإنسانية وسعادتها، ويتناول البحث تعريف الفكر لغة واصطلاحا، وتعريف الأخلاق لغة واصطلاحا ثم التعريف بالفكر الإسلامي، وكما يتضمن البحث بمعرفة مجالات التغير فى الفكر الإسلامي، وأثرها فى الأخلاق الإسلامية، سيكون البحث فى صورة مبحثين وخاتمة بمشيئة الله جلّ وعلا.

ويدرس هذا الموضوع من خلال تفسير الشنقيطي ـ رحمه الله ـ الّذى يعتبر من أجلّ التّفاسير المعاصرة، سيكون تقديم البحث فى صورة مبحثين وخاتمة.

**الكلمات المفتاحية:** تعزيز الفكر الإسلامي – مكانة القيم الأخلاق – الوقوف على أسراردقيقة من ناحية الفكر الإسلامي والأخلاق فى " أضواء البيان" – إبراز أسلوب تناول الشيخ الشنقيطي منه – أثره على واقعنا الحالي فى المجتمع .

**أهمية الموضوع:** يعتبر موضوع " تعزيز الفكر الإسلامي والأخلاق " جديربالدراسة، إذ تصلح به أمور الإنسان في الدنيا والآخرة، ولما كان التمسك بالأخلاق ومكارمها يستلزم– ضرورة– التخلي عن مذمومها من حيث كونهما ضدان لا يجتمعان، لذلك لا بد من الحرص على إبراز هذه الأخلاق المذمومة التي نهى عنها الشارع الحكيم، وبذلك تتوفر لقارىء هذا البحث قاعدة علمية شاملة تضم الأمرين جميعا: المأمور به والمنهي عنه في القرآن الكريم، وبهذه المعرفة تتعين المعايير الازمة التي تضبط حركة السلوك الإنساني في هذه الحياة، ولأن هذه المعرفة وحدها غير كافية، إذ ينبغي على المؤمن أن يربط القول بالعمل، والمعرفة بالسلوك، بحيث لا يكون القول مجرد كلام لا طائل تحته، وتكون المعرفة مجرد إطار نظري لا فائدة منها، لأن اقتران القول بالعمل والمعرفة بالممارسة ضابطة إسلامية أقرها القرآن الكريم في قول الله جلّ وعلا:

"يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ۝" [1]

وقد كانت حياة النبي الكريم– صلّى الله عليه وسلّم– كلها عبارة عملية لكل ما كان يدعو الناس إليه من مكارم الأخلاق وحميد الصفات فكان – صلّى الله عليه وسلّم — نموذجا حسنا في عدله ورحمته وبره، وكانت بعثته صلّى الله عليه وسلّم في جوهرها لإتمام هذا الجانب التطبيقي المتمثل في تتميم مكارم الأخلاق، قولا وفعلا، دعوة وممارسة، يقول عليه الصلاة والسلام: "إنما بعثت لأتمم صالح الأخلاق" [2]، و "إنما بعثت

# تعزيز الفكر الإسلامي والأخلاق وأثره فى المجتمع عند الشيخ الشنقيطي –رحمة الله عليه– من خلال تفسيره " أضواء البيان"

# Enhancement of Islamic notions and morality with its consequences on society in views of "Azwa al-Bayan" interpretation of Quran by "Al-Shaikh Al-Shanqeeti"

* أ: عبدالواحد

**د: سميع الله الزبيري

*** د: عبدالماجد

**ABSTRACT**

Almighty Allah has selected Islam as a religion of successful and He gave priority to Islam for humankind among His creatures. There are some important characteristics among which accuracy and reliability in the sources of Islam, likewise certainty in the injunctions of Islam, moreover rulings of Islam have flexibility through which it can be amended with exigencies of the time. Islamic building is totally depending on fairness in secret feelings about Islam and abstract inclination is more important because apparent activities are depending on internal thoughts. Mannerism with ethics has importance because Islam's descend was for completion of moray.

**KEYWORDS:** *Building up Islamic theories, ethics, Logic with respect to Islamic approach towards internal doctrines in a book known with "Azwa Ul Bayan", Impact on community*

الحمد لله الّذى نصب للحق دليلاً، والصّلاة والسّلام على النّبى الأمين، أعلم النّاس بمراد الله تعالى، وعلىٰ صحابته الكرام رضوان الله عليهم وعلىٰ من تبعهم بإحسان إلى يوم الدين، فالدين الإسلامي الذى

---

* الباحث بمرحلة الدكتوراه، والأستاذ الزائر فى قسم التفسير و علوم القرآن، بكلية أصول الدين، الجامعة الإسلامية العالمية، إسلام آباد

** الأستاذ المساعد فى قسم اللغة العربية وآدابها بكلية اللغة العربية والدراسات الإسلامية، جامعة العلامة إقبال المفتوحة، إسلام آباد

*** الأستاذ المساعد ، قسم الدراسات الإسلامية ، جامعة الأردو الفيدرالية للفنون والعلوم والتكنولوجيا، إسلام آباد

# فهرس



| نمبر شمار | مقالہ نگار | مقالات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | أ: عبدالواحد<br>د: سميع الله الزبيري<br>د: عبدالماجد | تعزيز الفكر الإسلامي والأخلاق وأثره فى المجتمع عند الشيخ الشنقيطي -رحمة الله عليه- من خلال تفسيره " أضواء البيان" | 1 |
| 2 | الحافظ رضوان عبدالله<br>د: الحافظ محمد ارشد اقبال | استقصاء المتون في حديث صفوان بن أمية السلمي و تنسيقها بترتيب جزئياتها من الشواهد والمتابعات (دراسة نقدية) | 15 |

# المقالات العربية

28۔ محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:170

29۔ سورۃ یوسف:12/2

30۔ محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:52

31۔ محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:142

32۔ سکندری ادماثانی، منہج ابی الطیب والصابونی فی تفسیر آیات الاحکام (دراسۃ مقارنۃ) جامعۃ الرباط الوطنی، الخرطوم، سوڈان، 2015م، ص:8

33۔ عصام احمد عرسان شحادہ، الصابونی ومنہجہ فی التفسیر من خلال کتابہ صفوۃ التفاسیر، جامعۃ النجاح الوطنیۃ، نابلس، 2013م، ص:9

34۔ عصام احمد عرسان شحادہ، الصابونی ومنہجہ فی التفسیر من خلال کتابہ صفوۃ التفاسیر، ص:10

35۔ سکندری ادماثانی، منہج ابی الطیب والصابونی فی تفسیر آیات الاحکام (دراسۃ مقارنۃ) ص:17

36۔ سورۃ البقرہ:2/281

37۔ الصابونی، التبیان فی علوم القرآن، ص:22

38۔ الصابونی، التبیان فی علوم القرآن، ص:25

39۔ الصابونی، التبیان فی علوم القرآن، ص:83

40۔ الصابونی، التبیان فی علوم القرآن، ص:204

41۔ الصابونی، التبیان فی علوم القرآن، ص:92

# حواشی وحوالہ جات

1۔صالحہ عبدالحکیم، قرآن حکیم کے اردو تراجم، قدیمی کتب خانہ، کراچی، س ن، ص:54
2۔الزرقانی، محمد عبدالعظیم، دارالکتاب العربی، بیروت، 1995م، 1/28
3۔ابن ندیم، الفہرست، م ن، مصر، 1348ھ، ص:57-51
4۔صالحہ عبدالحکیم، قرآن حکیم کے اردو تراجم، ص:56
5۔الداؤدی، طبقات المفسرین، م ن، مصر، 1976م، 1/141
6۔انصاری، عبدالحق، محدث اعظم حجاز کی وفات اور سعودی صحافت، فقیہ اعظم پبلی کیشنز، بصیرپور، اوکاڑہ، 2011ء، ص:25
7۔انصاری، محدث اعظم حجاز کی وفات اور سعودی صحافت، ص:24
8۔انصاری، محدث اعظم حجاز کی وفات اور سعودی صحافت، ص:24
9۔انصاری، محدث اعظم حجاز کی وفات اور سعودی صحافت، ص:24
10۔انصاری، محدث اعظم حجاز کی وفات اور سعودی صحافت، ص:26
11۔انصاری، محدث اعظم حجاز کی وفات اور سعودی صحافت، ص:26
12۔بخاری، الجامع الصحیح، کتاب بدء الوحی، باب کیفیۃ الوحی، حدیث:1، 1/15
13۔محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:11۔12
14۔الحج:22/39
15۔البقرۃ:2/219
16۔الانعام:6/145
17۔البقرہ:2/173
18۔محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:13
19۔النساء:4/176
20۔البقرۃ:2/287
21۔البقرۃ:2/281
22۔محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:14
23۔محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:15۔16
24۔محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:17
25۔محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:18۔19
26۔محمد بن علوی مالکی، زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن، ص:20
27۔الذہبی، محمد حسین، التفسیر والمفسرون، مکتبہ وہبیہ، القاہرہ، 2000م، 1/15

ذریعے اس علم میں وسعت پیدا کی۔ تیسری صدی ہجری میں یہ علم با قاعدہ ایک فن کی شکل اختیار کر گیا، محققین نے با قاعدہ طور پر اس فن کو کتابی شکل میں لانا شروع کر دیا۔ ہر آنے والے دور میں پہلے کی بانسبت اس کام میں تیزی اور نکھار آنے لگا۔ زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن اور التبیان فی علوم القرآن بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہیں۔ ان دونوں کتب میں بڑی خوبصورتی اور سہل انداز میں اس فن کی ابحاث کو نہ صرف بیان کیا گیا ہے بلکہ ان میں ایسی جدید ابحاث کا اضافہ بھی کیا گیا ہے جو دوسری کتب میں مفقود ہیں۔ ان میں چھ ابحاث مشترک ہیں۔ جن میں عمومی طور پر تو ایک جیسی بحث کی پیش کی گئی ہے صرف الفاظ اور بیان میں فرق ہے لیکن کچھ ابحاث تفرد سے کام لیا گیا ہے۔

## سفارشات

زیر نظر موضوع سے متعلق چند سفارشات درج ذیل ہیں:

۱۔ جس طرح متقدمین علماء کرام نے قرآن کریم کے علوم میں غوطہ زن ہو کر متعدد علوم متعارف کرائے اسی طرح دور حاضر میں اس موضوع پر تخصص اور مہارت کی ضرورت ہے تاکہ قرآن کریم سے جدید موضوعات کا استنباط کیا جاسکے۔

۲۔ ایسے ماہرین کی اشد ضرورت ہے جو قرآنی علوم پر مہارت رکھتے ہوں نیز جدید سائنس ایسے موضوعات کا قرآن کریم سے استنباط کریں بلکہ زیادہ بہتر یہ ہے کہ قرآنی علوم کی روشنی میں ایسی جدید اسلامی سائنس کی بنیاد رکھی جائے جو انسان کو اللہ تعالیٰ سے دور کرنے کی بجائے قریب سے قریب تر کر دے۔

۳۔ ایک مسلم ریاست کی ذمہ داری ہے کہ حکومتی سطح ایسے محققین کی ایک کمیٹی تشکیل دے جو قرآن کریم میں غوطہ زن ہو کر علوم القرآن کی ابحاث میں اضافہ کرے۔

۴۔ مختلف جامعات کے اسلامیات کے شعبہ میں ایم اے، ایم فل اور پی ایچ ڈی کی طلباء کے لیے ایسے موضوعات کا انتخاب کیا جائے جو علوم القرآن کی ابحاث میں اضافے کا سبب بن سکیں۔

۵۔ دنیا میں اکثر مسلم ممالک کا شمار ترقی پذیر ممالک میں ہوتا ہے۔ اس کے کئی اسباب میں سے ایک سبب سائنسی علوم میں عدم دلچسپی ہے۔ قرآن کریم میں کئی جگہوں پر مسلمانوں کو تفکر و تدبر کی دعوت دی گئی ہے، لہذا یہ تفکر و تدبر ہی دورِ حاضر میں مسلمانوں کو ترقی کے راستے کی طرف گامزن کر سکتا ہے۔

۶۔ لوگوں کو علوم القرآن سیکھنے کی طرف راغب کرنے کے لیے ضروری ہے کہ محققین اپنے کتب اور مقالوں، اینکر پرسن اپنے ٹاک شوز اور کالم نویس اخبارات میں اس موضوع کا تذکرہ کریں۔

### ۵. اعجاز قرآن

نبی اکرم ﷺ کو عطا کیے جانے والے معجزات میں سے سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے۔ بڑے بڑے فصحاء و بلغاء پوری کوشش کے باوجود نہ صرف اس کی ایک سورت بنانے سے قاصر رہے بلکہ ایک آیت لانے سے بھی عاجز رہے۔ قرآن کریم میں عام و خاص دو طرح کے مقابلہ کی دعوت دی گئی ہے۔ عام مقابلہ میں تمام انسان شامل ہیں جبکہ خاص مقابلہ صرف اہل عرب کے لیے تھا۔ معجزہ کا ایسا کلام ہونا جس پر صرف اللہ تعالیٰ قادر ہو، معجزہ کا کائنات کے طرق کے مخالف ہونا، نبوت کے مدعیٰ اس کو اپنی سچائی پر پیش کرنا، معجزہ کا نبی کے چیلنج کے موافق ہونا اور کسی بھی شخص کا مقابلہ کے طریقے پر اس کی مثل لانے پر قادر نہ ہونا معجزہ کی شرائط ہیں۔ قرآن کریم کے اعجاز کے اعتراف کے باوجود اس کے اعجاز کے سبب میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ کچھ کے نزدیک اس کا نظمِ غریب، بعض کے نزدیک اس کی فصاحت و بلاغت اور ایک رائے کے مطابق اس کا تناقض سے خالی ہونا ہی اس کے اعجاز کا سبب ہے۔[41]

## تقابلی مطالعہ

زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن اور التبیان فی علوم القرآن دونوں کتب میں پانچوں ابحاث کو مجموعی طور پر بڑے ہی شاندار انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ البتہ انفرادی اعتبار سے نزولِ قرآن کی بحث میں ڈاکٹر محمد بن علوی مالکی کی تحقیق زیادہ جبکہ ڈاکٹر محمد علی الصابونی کم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ زبدۃ الاتقان میں نزول کے اعتبار سے پہلی آیت، مختلف موضوعات سے متعلق پہلی آیت اور سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیت سے متعلق مختلف اقوال ذکر کیے گئے ہیں۔ سببِ نزولِ آیات کے ضمن میں ڈاکٹر محمد علی الصابونی نے سبب نزول کی معرفت کے مختلف طرق بھی ذکر کیے ہیں جو کہ زبدۃ الاتقان میں نظر نہیں آتے۔ التبیان میں قرآن کریم کی تفسیر اور تاویل کے ضمن میں تفسیر کی اقسام اور ان کے احکام بڑے جاندار انداز میں بیان کیے گئے ہیں۔ یہ چیزیں زبدۃ الاتقان میں مفقود ہیں۔ قرآن کریم میں عجمی الفاظ کے ضمن میں ڈاکٹر محمد بن علوی مالکی نے تین اقوال جبکہ ڈاکٹر محمد علی الصابونی نے دو اقوال ذکر کر کے وجہ ترجیح ذکر کی ہے۔ اعجازِ قرآن کریم کے ضمن میں زبدۃ الاتقان کی بحث میں معجزے کی اقسام کا ذکر کرنا اگرچہ اس کتاب کے تفرد پر دلالت کرتا ہے لیکن التبیان میں مقابلہ کی اقسام اور معجزہ کی شرائط ذکر کرنا بھی ایک منفرد تحقیق ہے۔

## خلاصہ بحث

قرآن کریم کے سب سے پہلے مفسر نبی اکرم ﷺ تھے۔ اصحابِ رسول کو جب بھی کسی آیت کا مفہوم سمجھنے میں دشواری محسوس ہوتی تو نبی اکرم ﷺ اس کو حل فرمادیتے۔ اِن حضرات کو بھی علوم القرآن میں مہارت حاصل ہو گئی۔ نبی اکرم ﷺ کے وصال کے بعد یہی ہستیاں مرجع تھیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں باقاعدہ طور پر اُصول و قواعد کو مرتب کرنے کا کام شروع کر دیا گیا۔ تابعین عظام علیہم الرحمہ نے مختلف علاقوں میں درس و تدریس کے

دینا تاویل کہلاتا ہے یا قرآن کریم کے ظاہری معانی کی وضاحت کو تفسیر اور وہ پوشیدہ معانی اور لطیف اسرار جن کا آیت کریمہ میں احتمال پایا جاتا ہے ان کے استنباط کو تاویل کہا جاتا ہے۔ تفسیر کو تین اقسام "تفسیر بالدرایۃ، تفسیر بالرایۃ اور تفسیر بالاشارۃ" میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ تفسیر بالدرایۃ سے مراد قرآن کریم کی قرآنی آیات، احادیث طیبہ یا اقوالِ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ذریعے تفسیر کرنا کہلاتا ہے۔ اس کو تفسیر بالماثور بھی کہا جاتا ہے۔ تفسیر بالرائے میں رائے سے مراد ایسا اجتہاد ہے جو درست اصولوں اور ایسے عمدہ قواعد پر مبنی ہو جو نہ صرف سلیم ہوں بلکہ ان کی اتباع بھی کی جاتی ہو۔ مفسر کے لیے ان اصول و قواعد کی پیروی کرنا لازم ہے۔ یہاں رائے سے مراد نہ تو انسانی خواہشات ہیں اور نہ ہی اس طرح تفسیر کرنا مراد ہے جس طرح انسان کے دل میں خیال آئے۔ تفسیر بالرائے دو اقسام "محمود اور مذموم" پر مشتمل ہے۔ تفسیر محمود سے مراد ایسی تفسیر ہے جو شارح کی اغراض کے موافق، جہالت اور گمراہی سے بہت دور، لغت عربیہ کے قوانین کے مطابق اور قرآنی نصوص کو سمجھنے میں ان کے اسلوب پر اعتماد ہو۔ جبکہ تفسیر مذموم ایسی تفسیر کو کہا جاتا ہے جو بغیر علم کے یا پھر اپنی خواہشات کے مطابق کی جائے۔ تفسیر بالرائے کی قبولیت اور عدم قبولیت سے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے۔ ایک رائے کے مطابق اس کا قبول کرنا جائز نہیں ہے جبکہ جمہور کا موقف ہے کہ مخصوص شرائط کی بنیاد پر جائز ہے۔ تفسیر اشاری سے مراد قرآن کریم کی ایسی تاویل ہے جو ظاہر کے خلاف ہو۔ اس تفسیر کے قبول اور عدم قبول سے متعلق بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ ایک رائے کے مطابق جائز ہے جبکہ ایک قول کے مطابق ناجائز ہے۔ تفسیر اشاری کی قبولیت کے لیے ضروری ہے کہ وہ قرآن کریم کے الفاظ مبارکہ کے ظاہر کے خلاف نہ ہو، یہ دعویٰ نہ کیا جائے کہ صرف یہی معنیٰ مراد ہے نہ کہ ظاہری اور تاویل عقل سے ایسی بعید اور بہت کمزور نہ ہو جو لفظ کا محتمل نہ ہو۔ ایک مفسر کے لیے لغت عربیہ اور اس کے قواعد، علوم بلاغت، اصول فقہ، اسباب نزول، ناسخ و منسوخ، علم قراءۃ کی پہچان اور علم الموہبۃ پر مہارت رکھنا ضروری ہے۔[39]

### د. قرآن کریم میں عجمی الفاظ کا استعمال

قرآن کریم میں عجمی الفاظ کے استعمال سے متعلق دو طرح کے اقوال ملتے ہیں۔ ایک رائے کے مطابق قرآن کریم کے تمام الفاظ عربی ہیں۔ کوئی ایسا لفظ نہیں ہے جو عربی نہ ہو۔ ان لوگوں نے ان تمام آیات کو دلیل بنایا ہے جن میں قرآن کریم کے عربی زبان میں نزول کا ذکر کیا گیا ہے۔ کچھ محققین کا موقف ہے کہ کچھ الفاظ ایسے ہیں جو عربی نہیں بلکہ عجمی ہیں۔ مثلاً مشکوٰۃ، کفل، ]قسوۃ، قسطاس اور سجیل وغیرہ۔ ان میں سے مشکوٰۃ، کفل اور قسوۃ حبشہ زبان کے، قسطاس رومی زبان جبکہ سجیل فارسی زبان کا لفظ ہے۔[40] مصنف کا راجح موقف پہلا قول ہے۔

میں ہی ایک سرکاری سکول میں تدریس کے فرائض سر انجام دینے شروع کیے۔ کچھ سال گزرنے کے بعد آپ کو حکومت شام کی طرف سے جامعہ ملک عبد العزیز مکہ مکرمہ میں بھیج دیا گیا۔ جب جامعہ ملک عبد العزیز کو جامعہ ام القریٰ میں ضم کی گیا تو پھر آپ کی جامعہ ام القریٰ میں تقرری ہو گئی، جہاں آپ ۲۰ سال تک تدریس کرتے رہے۔[34] وہاں رہتے ہوئے ہی آپ نے تالیف و تصنیف کی طرف توجہ دینا شروع کر دی۔ آپ نے بیسیوں علمی موضوعات پر قلم اٹھایا۔[35] التبیان فی علوم القرآن اسی کڑی کا ایک حصہ ہے۔

**التبیان فی علوم القرآن کی مشترک ابحاث**

التبیان فی علوم القرآن میں ڈاکٹر محمد علی الصابونی نے علوم القرآن کے مختلف موضوعات پر قلم اٹھایا ہے۔ اس کی تقریباً سات ابحاث ایسی ہیں جو زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن سے مشابہت رکھتی ہیں۔ لیکن یہاں ان سات میں سے صرف پانچ ابحاث کا التبیان کے حوالہ سے ذکر کیا جا رہا ہے جو کہ نزول قرآن، اسباب نزول آیات، قرآن کریم کی تفسیر اور تاویل، قرآن کریم میں عجمی الفاظ کا استعمال اور اعجاز قرآن پر مشتمل ہیں۔ ان ابحاث کی تفصیل کی ذیل میں کی جا رہی ہے:

**أ. نزول قرآن**

قرآن کریم کے نزول کی ابتداء سورۃ علق سے ہوئی۔ سب سے پہلے اس کی ابتدائی پانچ آیات کا نزول ہوا۔ ابتداء سے متعلق انہوں نے کسی قسم کا کوئی اختلاف ذکر نہیں البتہ سب سے آخر میں نازل ہونے والے آیت کریمہ سے متعلق اچھا خاصا اختلاف ذکر کر کے راجح اور مفتی بہ قول کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ سب سے آخر میں ﴿وَٱتَّقُواْ يَوۡمٗا تُرۡجَعُونَ فِيهِ إِلَى ٱللَّهِۖ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفۡسٖ مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ﴾[36] کا نزول ہوا۔[37]

**ب. اسباب نزول**

ڈاکٹر محمد بن علوی مالکی نے سبب نزول کی بحث میں اگرچہ بڑی تفصیل ذکر کی ہے لیکن انہوں نے پوری بحث میں سبب نزول کی معرفت کے طرق ذکر نہیں کیے۔ البتہ ڈاکٹر محمد علی الصابونی نے یہ طرق اگرچہ زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان تو نہیں کیے لیکن کسی حد تک کافی معلومات فراہم کی ہیں۔ درست، صحیح اور قابل اعتماد روایت کے ذریعے سبب نزول کی معرفت حاصل کی جا سکتی ہے اور راوی خود صراحت کے ساتھ "سبب" کا لفظ بولے تو یہ صیغہ بھی سبب نزول پر دلالت کرتا ہے۔ ان کے نزدیک ایک ہی آیت کریمہ کے متعدد اسباب نزول ہو سکتے ہیں۔[38]

**ج. قرآن کی تفسیر اور تاویل**

متقدمین کے نزدیک تفسیر اور تاویل دونوں مترادف الفاظ ہیں جبکہ متاخرین کے نزدیک دونوں میں واضح اور نمایاں فرق پایا جاتا ہے۔ آیت کریمہ کے ظاہری معنیٰ کو تفسیر جبکہ آیت کریمہ کے متعدد معانی میں سے کسی ایک کو ترجیح

تفسیر کرنا تفسیرِ قرآن کے بنیادی ماخذ ہیں۔ ایک مفسر کے لیے لغت، علم النحو، علم الصرف، علم الاشتقاش، علم المعانی، علم بیان، علم بدیع، علم القراءۃ، اصول الدین، اصول الفقہ، اسباب نزول اور قصص، ناسخ و منسوخ، علم الفقہ، مجمل و مبہم اور علم الموہبہ پر مہارت تامہ رکھنا ضروری ہے۔[28] ان علوم میں سے کسی ایک سے ناواقفیت کی وجہ سے انسان مفسر نہیں بن سکتا۔

### د۔ قرآن کریم میں عجمی الفاظ کا استعمال

ایک رائے کے مطابق قرآن کریم کے تمام الفاظ عربی ہیں۔ کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا﴾[29] کچھ محققین کا موقف ہے کہ قرآن کریم میں عجمی الفاظ کا استعمال بھی کیا گیا ہے جبکہ صحیح اور مفتی بہ قول کے مطابق کچھ عجمی الفاظ جب عربوں کے پاس آئے تو انہوں نے ان کو عربی بنادیا۔ اس کے بعد قرآن کریم کا نزول ہوا۔[30] ڈاکٹر محمد بن علوی مالکی نے اسی قول کو ترجیح دی ہے۔

### ہ۔ اعجاز قرآن کا بیان

معجزات دو اقسام حسی اور عقلی میں منقسم ہیں۔ بنی اسرائیل کے انبیاء کرام علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے اکثر و بیشتر حسی معجزات عطا کیے تھے جبکہ ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کو زیادہ تر عقلی معجزات عطا کیے گئے ہیں۔ آپ ﷺ کا سب سے بڑا عقلی معجزہ قرآن کریم ہے۔ اس کے سبب میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ ایک رائے کے مطابق قرآن کریم فصاحت، بہترین اسلوب اور تمام عیبوں سے پاک ہونے کی وجہ سے معجزہ کہلاتا ہے۔ امام زملکانی کے نزدک اس کی خاص ترتیب و تالیف ہی اس کے معجزہ کا سبب ہے۔ ابن عطیہ کی رائے کے مطابق صحتِ معانی، الفاظ میں مسلسل فصاحت اور ترتیب اس کے معجزہ ہونے کا سبب ہیں۔[31]

## التبیان فی علوم القرآن

### التبیان کے مصنف کا تعارف:

ڈاکٹر محمد علی الصابونی کی پیدائش شام کے ایک مشہور شہر حلب میں ۱۹۳۹ء کو ہوئی۔ آپ ایک علمی خاندان سے وابستہ تھے۔ آپ کے والد گرامی اپنے دور کے جید اور ممتاز علماء و محققین میں شمار کیے جاتے تھے۔ ڈاکٹر محمد علی الصابونی اپنے خاندان کی اس روایت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔[32] آپ نے اپنے والد گرامی سے مختلف علوم و فنون کی کتب پڑھیں۔ پڑھنے کا یہ سلسلہ نہ صرف مدرسے میں جاری رہتا بلکہ گھر میں بھی آپ کا یہی شغل ہوا کرتا تھا۔ ملک شام کے بڑے بڑے محققین سے آپ نے استفادہ کرنے کے بعد حفظِ قرآن کریم کی سعادت حاصل کی۔ درس نظامی کی باقاعدہ ڈگری آپ نے سرکاری مدرسے حاصل کرنے کے بعد جامعہ ازہر قاہرہ سے کلیہ شرعیہ میں سند فراغت حاصل کی۔ جامعہ ازہر سے ہی آپ نے قضاء شرعی میں تخصص کی سند بھی حاصل کی۔[33] تعلیم سے فراغت کے بعد آپ نے حلب

سورۃ بقرہ نازل ہوئی۔ مکہ مکرمہ میں سب سے آخر میں سورۃ المومنون جبکہ مدینہ منورہ میں سب سے آخر میں سورۃ براءۃ کا نزول ہوا۔ جہاد سے متعلق سب سے پہلے ﴿اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا﴾[14]، شراب کی حرمت سے متعلق سب سے پہلے ﴿یَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ﴾[15]"، سجدے والی سورتوں میں سے سب سے پہلے سورۃ النجم، کھانوں سے متعلق مکہ مکرمہ میں سب سے پہلے ﴿قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا﴾[16]"، اور مدینہ منورہ میں سب سے پہلے ﴿اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَیْكُمُ الْمَیْتَةَ﴾[17] کا نزول ہوا۔[18] ایک رائے کے مطابق سب سے آخر میں ﴿یَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْكُمْ﴾[19]، بعض کے نزدیک ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰٓوا﴾[20]، کچھ کے نزدیک ﴿وَاتَّقُوْا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ﴾[21] جبکہ ایک قول کے مطابق آیتِ دَین کا نزول ہوا۔[22] آخری تین آیات قرآن کریم میں اسی ترتیب سے موجود ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان تینوں آیات کریمہ کا نزول سب سے آخر میں اکٹھا ہی ہوا تھا۔

### ب. اسبابِ نزولِ آیات

قرآن کریم کی کچھ آیات کریمہ کا نزول ابتداءً ہوا جبکہ کچھ آیات کریمہ کا نزول کسی سوال یا واقعہ کے بعد ہوا۔ اگر کسی آیت کریمہ کا سببِ نزول معلوم نہ ہو تو اس کا مفہوم اور معنی سمجھنے میں انسان غلط فہمی کا شکار ہو سکتا ہے۔[23] نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی صحبت اختیار کرنا، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے احوال سے واقفیت حاصل کرنا، آیات کے نزول کی تحقیق کرنا اور خود صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا نزول کا سبب بننا اسبابِ نزول کے مصادر ہیں۔[24] دلچسپی کی بات یہ ہے کہ ایک ہی آیت کریمہ کے اسبابِ نزول مختلف ہو سکتے جبکہ ایسا بھی ممکن ہے کہ مختلف آیات کریمہ کا سببِ نزول ایک ہی ہو۔[25] کچھ ایسی آیات بھی موجود ہیں جن کے سببِ نزول میں تکرار پایا جاتا ہے۔[26]

### ج. قرآن کی تفسیر اور تاویل

تفسیر سے مراد وہ علم ہے جس میں قرآنی الفاظ سے انسانی طاقت کے مطابق اس طرح بحث کی جائے کہ اللہ تعالیٰ کی مراد واضح ہو جائے۔[27] ابو عبیدہ اور کچھ لوگوں کا موقف یہ ہے کہ تفسیر اور تاویل مترادف الفاظ ہیں جبکہ امام راغب کی رائے کے مطابق ان دونوں میں فرق پایا جاتا ہے۔ تفسیر کا اکثر استعمال الفاظ اور مفردات میں اور تاویل کا اکثر استعمال معانی اور جملوں میں ہوتا ہے، تاویل کا اکثر استعمال کتب الٰہیہ میں اور تفسیر کا استعمال کتب الٰہیہ اور دیگر کتب دونوں میں ہوتا ہے۔ قرآن کریم کی تفسیر کو تین وجوہات کی بناء پر فضیلت اور مقام و مرتبہ حاصل ہے۔ ایک یہ کہ اس کا موضوع وہ کلام الٰہی ہے جو تمام حکمتوں کا سرچشمہ اور تمام فضیلتوں کا خزانہ ہے، اس میں زمانہ ماضی اور مستقبل کی خبریں موجود ہیں۔ دوسری وجہ یہ کہ اس کی غرض عروہ وثقیٰ کو مضبوطی سے تھام لینا اور اس حقیقی کامیابی تک پہنچنا ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتی اور تیسری وجہ یہ کہ تمام دنیاوی اور دینی کمال علوم شرعیہ اور معارفِ دینیہ کا محتاج ہے اور ان تمام چیزوں کا انحصار اللہ تعالیٰ کی کتاب پر ہے۔ ارشادِ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم، قول صحابی رضی اللہ عنہ، لغت اور کلام کے معنی اور قوتِ شرع کے مطابق

ہیں۔ انہوں نے علوم القرآن کے فن کو آسان اور سادہ الفاظ میں بیان کر دیا ہے۔ ذیل میں زبدۃ الاتقان اور التبیان کی مشترک ابحاث کا تقابلی مطالعہ پیش کیا جا رہا ہے:

## زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن

### زبدۃ الاتقان کے مصنف کا تعارف:

ڈاکٹر سید محمد علوی مالکی ۱۹۴۳ء کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ پیدائشی نام محمد حسن جبکہ بعد میں آپ کو صرف محمد نام سے شہرت حاصل ہوئی۔ آپ کا پورا خاندان فقہ مالکی کی اتباع کرنے والا تھا۔[6] مختلف ممالک سے تعلیم کے حصول کے بعد آپ الازہر یونیورسٹی سے آپ پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔[7] مسجد حرام میں درس، ریڈیو اور ٹی وی پر تقاریر کے علاوہ مختلف محافل میں بھی شرکت کیا کرتے تھے۔ گورنمنٹ شریعت کالج مکہ مکرمہ میں چند سالوں کے لیے پروفیسر بھی تعینات رہے۔[8] ۲۰۰۰ء میں الازہر یونیورسٹی نے آپ کو پروفیسر کا دائمی لقب عطا کرتے ہوئے پی ایچ ڈی کی اعزازی ڈگری بھی عطا کی۔[9] ایک سو سے زائد کتب آپ نے تصنیف کیں۔ انہی میں سے ایک زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن بھی ہے۔[10] ۲۹ اکتوبر ۲۰۰۴ء کو آپ اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ آپ کے جنازے میں ۱۰ لاکھ لوگوں نے شرکت کی۔[11]

### زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن کی مشترک ابحاث

دنیا میں علوم القرآن کے دو منہج رائج ہیں۔ اس موضوع کی ہر ایک جزو پر علیحدہ کتاب تصنیف کی جاتی۔ اس منہج کو ابتدائی دور میں اختیار کیا گیا۔ کچھ صدیوں بعد علوم القرآن کی تمام اجزاء اور ابحاث کو ایک کتاب میں لکھا جانے لگا۔ زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن اور التبیان فی علوم القرآن کا تعلق دوسرے منہج کے ساتھ ہے۔ ان دونوں میں مشترک ابحاث ذکر کی گئی ہیں لیکن ان میں سے یہاں پر نزول قرآن، اسباب نزول آیات، قرآن کریم کی تفسیر اور تاویل، قرآن کریم میں عجمی الفاظ کا استعمال اور اعجاز قرآن کی ابحاث ذکر کی جائیں گی۔ زبدۃ الاتقان کی ان پانچ ابحاث کا ذیل میں ذکر کیا جا رہا ہے:

#### أ. نزول قرآن

اس بحث میں ڈاکٹر محمد بن علوی مالکی نے سب سے پہلی نازل ہونے والی آیت کریمہ، مختلف اور متعدد موضوعات پر قرآن کریم کے نزول کی اولیت اور نزول کے اعتبار سے سب سے آخری آیت کریمہ سے متعلق گفتگو کی ہے۔ ایک رائے کے مطابق سب سے پہلے سورہ علق کی ابتدائی چار آیات کا نزول ہوا۔[12] دوسرے قول کے مطابق سب سے پہلے سورت مدثر نازل ہوئی۔ تیسری رائے کے مطابق سورت فاتحہ سب سے پہلے نازل ہوئی اور چوتھی رائے یہ ہے کہ سب سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم کا نزول ہوا۔[13] انہوں نے ان چاروں اقوال میں سے پہلے قول کو ترجیح دی ہے۔ اگر مختلف موضوعات پر نزول کی اولیت کو دیکھا جائے تو مکہ مکرمہ میں سب سے پہلے سورت علق اور مدینہ منورہ میں سب سے پہلے

آپ ﷺ نے قرآن کریم سیکھنے اور سکھانے کی اس انداز سے ترغیب دلائی کہ محققینِ اسلام نے اپنی تحقیق کا مرکز و محور قرآن کریم بنالیا۔ اس تحقیق نے بہت سارے قرآنی علوم و فنون کی کی بنیاد ڈالی۔ قرآن کریم اور اس سے تعلق رکھنے والے علوم و فنون مثلاً جمعِ قرآن، اسبابِ نزولِ آیاتِ قرآنیہ، ترتیبِ قرآن، علمِ تفسیر، علمِ ترجمہ، علم الرسم و الخط، تلاوت و تجوید، علم النحو والصرف، ناسخ و منسوخ، محکم و متشابہ، مکی و مدنی سور کی معرفت وغیرہ پر اتنی زیادہ تحقیق کی گئی کہ باقی سماوی کتب پر نہیں کی گئی۔ نبی اکرم ﷺ کے پہلے مخاطب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے جو کہ خالص عربی ہونے کی وجہ سے قرآن کریم کے اسلوب اور دلالات کو بخوبی سمجھتے تھے نیز قرآن کریم کے نزول کے وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم موجود تھے اور ان کے سامنے قرآن کا نزول ہوا، لہذا قرآنی آیات کے اسبابِ نزول، ناسخ و منسوخ اور محکم و متشابہ وغیرہ کو جس طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جانتے تھے بعد کا کوئی بھی بندہ اِن کی برابری کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ اسی وجہ سے قرآن کریم کی تفسیر سے متعلق نبی اکرم ﷺ کی احادیث کے بعد سب سے زیادہ معتمد قولِ صحابی ہے۔ عہدِ نبوی ﷺ میں نبی اکرم ﷺ کی موجودگی کی وجہ سے علوم القرآن کو تحریری شکل میں لانے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دور میں قرآن کریم کو جس خط میں لکھا گیا وہ رسم عثمانی سے جانا جاتا ہے۔ لہذا اس دور میں خط نسخ، خط کوفی، خط ثلث اور خط نستعلیق وغیرہ کا رواج پڑا اور کتابت کو ایک مستقل فن کی شکل دے دی گئی۔[1] حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور میں علم نحو کے قواعد کی ایجاد سے اعراب القرآن کی بنیاد ڈالی گئی۔[2] تابعین علیہم الرحمہ کے دور میں علم اسبابِ نزول، علم تفسیر، علم مقطوع و موصول قرآن، علم غریب اور علم ناسخ و منسوخ کی بنیادیں فراہم کی گئیں۔[3] اس کے بعد محققین و علماء کرام نے باقاعدہ تفاسیر لکھیں۔[4] علوم القرآن کی مختلف اقسام پر مستقل تصانیف کا سلسلہ دوسری صدی ہجری میں شروع ہو گیا۔[5] اسی طرح یہ سلسلہ چلتا رہا اور مختلف زبانوں میں اس پر کام ہوتا رہا۔ اس سلسلہ میں دورِ حاضر کے نامور دو محققین "ڈاکٹر سید محمد بن علوی مالکی اور ڈاکٹر محمد علی الصابونی" نے اس موضوع پر دو کتب تحریر کی ہیں۔ "زبدۃ الاتقان فی علوم القرآن "ڈاکٹر سید محمد بن علوی مالکی جبکہ "التبیان فی علوم القرآن "ڈاکٹر محمد علی الصابونی کی مصنفہ ہیں۔ ان دونوں کتب میں علوم القرآن کی کچھ مشترک ابحاث موجود ہیں۔ زیر نظر موضوع میں انہی ابحاث کا تقابلی مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔

## زبدۃ الاتقان از مالکی و التبیان از الصابونی کی مشترک ابحاث کا تقابلی مطالعہ

علوم القرآن ایک ایسا موضوع ہے جس پر ہر دور میں مسلم محققین نے کتب تصنیف کی ہیں۔ ہر نئے دور میں اس کی نئی جہتوں پر کام کیا گیا۔ اس موضوع کو نہ صرف عرب علماء نے زیرِ بحث لایا بلکہ مختلف علاقوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے والے اہلِ علم نے اپنی دلچسپی کا مرکز بنایا۔ دور حاضر میں لکھی جانے والی دو کتب "زبدۃ الاتقان از مالکی اور التبیان از الصابونی" کا تعلق بھی اسی موضوع کے ساتھ ہے۔ علامہ مالکی اور الصابونی دور حاضر کے مشہور محققین میں شمار کیے جاتے

# زبدۃ الاتقان از مالکی اور التبیان از صابونی کی مشترک ابحاث کا تقابلی مطالعہ

# (A Comparative Study of the Commonalities of Zubda al-Atqan by Maliki & Al-Tibyan by Saboni)

* محمد رفاقت علی

** حافظ محمد نوید

**ABSTRACT**

The first interpretor of the Holy Qur'an was the Holy Prophet (PBUH). Whenever the Companions of the Holy Prophet (PBUH) found it difficult to understand the meaning of a Verse, the Holy Prophet (PBUH) would solve it. After the demise of the Holy Prophet, during the caliphate of Hazrat Ali (RA) the work of formulating rules and regulations was started regularly. After that Tabi'ein 'Uzzaam (may God have mercy on him) expanded this knowledge in different areas.

In the third century AH, this knowledge became a regular form of art. Researchers began to bring this art in bookish form on a regular basis. In every coming era, this work began to grow faster and brighter than before.

Zubdat al-Atqan fi Uloom al-Quran and Al-Tebian fi Uloom al-Quran are also a link in the same chain. In both of these books, the research of this art has not only been described in a very beautiful and easy way but also modern research has been added to them which is missing in other books. There are six commonalities in them. In general, the same discussion has been presented. The only difference is in the words and the statement, but some of the researches have been used separately. This article is an effort to give a comparative analysis on these commonalities found in these books.

***KEY WORDS:*** *Holy Qur'an, Holy Prophet (PBUH), Hazrat Ali (RA), Tabein Azaam.*

قرآن کریم میں نبی اکرم ﷺ کی بعثت کے جو مقاصد ذکر کیے گئے ہیں، ان میں اُمت کو قرآنی آیات کی تلاوت کے ساتھ اِن کے معانی و مفاہیم سکھانا بھی شامل ہے۔ قرآن کریم کی وہ تشریحات جو نبی اکرم ﷺ اپنی امت کو دے کر گئے تھے، وہ آج بھی اسی طرح محفوظ ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کے اصحاب رضی اللہ عنہم پھر تابعین و تبع تابعین نے قرآن کریم کی تعلیمات کو ایسے انداز میں پھیلایا جس کی مثال پیش کرنے سے تاریخِ انسانی قاصر ہے۔

* ریسرچ اسکالر پی ایچ ڈی، شعبہ علوم اسلامی، جامعہ کراچی، کراچی

** ریسرچ اسکالر پی ایچ ڈی، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات

40۔ مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن، 2/156

41۔ کاندھلوی، محمد ادریس، معارف القرآن، 3/356

42۔ مرغینانی، برھان الدین، ابو الحسن علی بن ابی بکر، الہدایۃ، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، 1990ء، 2/381

17۔ سورۃ الصف:61/4

18۔ مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن،5/456

19۔ مسلم، ابن الحجاج قشیری النیشاپوری، صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابۃ، باب من فضائل ابی دجانۃ سماک بن خرشۃ رضی اللہ تعالی عنہ، رقم الحدیث:4516،12/246

20۔ دریابادی، عبد الماجد، مولانا، تفسیر ماجدی، تاج کمپنی لمیٹڈ، لاہور، اکتوبر 2001ء، ص:374

21۔ سعیدی، غلام رسول، علامہ، تبیان القرآن، فرید بک سٹال اردو بازار، لاہور، 2006ء، 9/390

22۔ پانی پتی، ثناء اللہ، قاضی، تفسیر مظہری، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ، 2003ء، 5/149

23۔ البخاری، ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم، الجامع الصحیح البخاری، دار طوق النجاۃ، دمشق، 1422ھ، کتاب الجھاد والسیر، باب قتل الصبیان فی الحرب، رقم الحدیث:3014،7/563

24۔ ابو داود سلیمان بن اشعث سجستانی، سنن ابی داوٗد، المکتبۃ العصریۃ، بیروت، لبنان، س-ن، کتاب الجھاد، باب فی دعاء المشرکین، رقم الحدیث:2247،7/195

25۔ ابو داود سلیمان بن اشعث سجستانی، سنن ابی داود، کتاب الجہاد، باب فی کراھیۃ حرق العدو بالنار، رقم الحدیث:2299،7/279

26۔ کاندھلوی، محمد ادریس، معارف القرآن،8/360

27۔ ترمذی، ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ، سنن الترمذی، عالم الکتب، مکتبہ النہضہ العربیہ، بیروت، لبنان، 1409ھ، کتاب الدیات عن رسول اللہ ﷺ، باب ماجاء فی النھی عن المثلۃ، رقم الحدیث:1328،5/294

28۔ مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن،5/82

29۔ سورۃ البقرہ:2/205

30۔ سورۃ الحشر:59/5

31۔ بیہقی، ابو بکر احمد بن حسین بن علی، دار الکتب العلمیہ، السنن الکبریٰ، بیروت، لبنان، طبع سوم، 1424ھ-2003ء کتاب السیر، باب تحریم قتل مالہ روح الا بأن یذبح فیؤکل، رقم الحدیث 18125،9/145

32۔ کاندھلوی، محمد ادریس، معارف القرآن 8/21-23، 1/397-399؛ مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن 1/159، 160، 5/388-386؛ ازہری، محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن 1/140، 141، 5/166، 167

33۔ سورۃ محمد:47/4

34۔ کاندھلوی، محمد ادریس، معارف القرآن 7/396-401؛ مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن 5/12-14؛ ازہری، محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن 4/504، 505

35۔ سورۃ النساء:4/94

36۔ مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن،1/384

37۔ ازہری، محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن،1/379

38۔ سورۃ الانفال:8/61

39۔ ازہری، محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن،2/163

کی کہ اسلام کا کوئی عمل بھی انسانی خواہشات کے تابع اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی سے خالی نہیں۔ اصلاح کے اس پورے نظام کے پیچھے سالارِ اعظم ﷺ کی شخصیت نظر آتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے جہاں جنگ کے مقاصد اور طریق حصولِ مقصد کو پاکیزہ کیا وہاں آپ ﷺ نے فوج کی عمدہ تربیت بھی کی اور اپنی جنگی حکمت عملی کو مثالی بنایا۔ اسی وجہ سے تاریخ نے دیکھا کہ دس سال کی قلیل مدت میں اس قدر کثیر جنگیں ہونے کے باوجود انسانی جانوں کا ضیاع کم سے کم مقدار میں ہوا۔

## حواشی وحوالہ جات


1۔ کاندھلوی، محمد ادریس، مولانا، سیرۃ المصطفی ﷺ، الطاف اینڈ سنز، کراچی، 1433ھ، 2/44

2۔ ابن حجر عسقلانی، احمد بن علی بن محمد، فتح الباری شرح صحیح البخاری، دار المعرفۃ، بیروت، لبنان، 1412ھ، 8/48، 49

3۔ سورۃ آل عمران: 3/153

4۔ مودودی، ابو الاعلیٰ، سید، تفہیم القرآن، ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، صفر 1425ھ - اپریل 2004ء، 1/295

5۔ سورۃ آل عمران: 3/146

6۔ ازہری، محمد کرم شاہ، پیر، ضیاء القرآن، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، ربیع الثانی 1425ھ، 1/282

7۔ سورۃ الانفال: 8/46

8۔ کاندھلوی، محمد ادریس، مولانا، معارف القرآن، مکتبۃ المعارف، دار العلوم حسینیہ، شہداد پور، سندھ، 1433ھ، 3/340

9۔ مسلم، ابن الحجاج قشیری النیشاپوری، صحیح مسلم، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، س-ن، کتاب الامارۃ، باب خیار الامۃ وشرارھم، رقم الحدیث: 3447، 9/403

10۔ احمد بن حنبل، ابو عبد اللہ بن محمد، مسند امام احمد بن حنبل، عالم الکتب، مکتبہ النہضہ العربیہ، بیروت، لبنان، طبع اول، 1419ھ- 1998ء، رقم الحدیث: 21560، 5/180 (یہ حدیث صحیح لغیرہ ہے۔ بحوالہ مسند امام احمد بن حنبل، محقق: شعیب الارنؤوط، عادل مرشد وآخرون، 35/444)

11۔ احمد بن حنبل، ابو عبد اللہ بن محمد، مسند امام احمد، رقم الحدیث: 2825، 1/310 (یہ حدیث صحیح ہے اور اس کی اسناد حسن ہیں۔ بحوالہ مسند امام احمد بن حنبل، محقق: شعیب الارنؤوط، عادل مرشد وآخرون، 5/33)

12۔ مسلم، ابن الحجاج قشیری النیشاپوری، صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب حکم من فرق أمر المسلمین وھو مجتمع، رقم الحدیث: 3442، 9/395

13۔ سورۃ التوبۃ: 9/25

14۔ کاندھلوی، محمد ادریس، معارف القرآن، 3/404، 405؛ ازہری، محمد کرم شاہ، ضیاء القرآن، 2/191، 192

15۔ سورۃ الانفال: 8/47

16۔ مودودی، ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن، 2/149-151

کیا۔اس سے زیادہ مدت کے لیے کبھی کسی سے کوئی معاہدہ نہیں کیا۔ بہر حال ایک مدت معینہ کے لیے کافروں سے صلح جائز ہے اور اس مدت میں اگر کفار اپنے عہد کو توڑ ڈالیں تو وہ بجائے معاہدہ کے محارب سمجھے جائیں گے۔ بلا اطلاع کے ان پر چڑھائی اور فوج کشی جائز ہو گی۔ جیسے قریش نے صلح حدیبیہ کو توڑا تو آنحضرت ﷺ بلا اعلانِ جنگ قریش پر حملہ کے لیے روانہ ہوئے اور مکہ کو فتح کر لیا"۔[41]

صلح کی فقہی حیثیت کو صاحب ہدایہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وإذَا رَأى الإمَامُ أَن يُصَالِحَ أَهلَ الْحَربِ أَوْ فَرِيْقًا مِنهُمْ وكَانَ فِي ذٰلِكَ مَصلِحَةً لِلْمُسْلِمِيْنَ فَلَابَأْسَ بِه لِقَولِه تَعَالٰى: "وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ" ووَادعَ رَسُوْلُ اللهِ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَام أهْلَ مَكَّةَ عَامَ الْحُدَيبِيَّةِ عَلٰى أن يَضعَ الحربُ بَيْنَه وَبينَهُمْ عَشر سِنِينَ وَلأنَّ الْمُوادعَةَ جِهادٌ مَعنًى إذا كانَ خَيْرًا لِلمُسلِمِينَ لأنَّ الْمَقْصُودَ وَهُوَ دَفعُ الشَّرِّ حَاصِلٌ بِه وَلَا يَقتصرُ الْحُكمُ على المدَّةِ الْمَروِيَّةِ لِتعدي الْمَعْنى إلٰى مَا زَادَ عَلَيْهَا بِخلافِ مَا إذَا لم يكن خيرًا لأنَّه تَركُ الْجِهَادِ صُورَةً وَمَعْنًى"۔[42]

"اور جب امام اہل حرب سے یا ان کے کسی فریق سے صلح کرنا مناسب سمجھے اور اس میں مسلمانوں کے حق میں بھلائی ہو تو صلح میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے کہ "اور اگر کافر صلح پر آمادہ ہوں تو آپ بھی تیار ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں۔"

آپ ﷺ نے حدیبیہ کے موقعہ پر کفار کے ساتھ معاہدہ فرمایا کہ کفار اور مسلمانوں کے درمیان دس سال تک جنگ نہ کی جائے گی۔ اور اس لیے بھی کہ لڑائی کا چھوڑنا بھی معنی جہاد ہے جبکہ اس میں مسلمانوں کی بھلائی ہو کیونکہ مقصود شر کا دفع کرنا ہے جو اس سے حاصل ہے۔ بخلاف اس صورت کے جبکہ صلح میں مسلمانوں کی بھلائی نہ ہو تو پھر یہ جہاد کو چھوڑنا ہے صورۃً بھی اور معنیً بھی۔

## خلاصہ بحث:

حضور اکرم ﷺ نے غزوات میں بہادری اور شجاعت کی ایسی عظیم مثالیں قائم کی ہیں جو تا قیامت اہل اسلام کے لیے مشعل راہ ہیں۔ اور آپ نے جہاد میں قتال کو مقصود قرار نہیں دیا کہ انسانی خون بہانا اس کا مقصد ہو، بلکہ آپ نے اعلاء کلمۃ اللہ کی خاطر جہاد کیا۔ اسی وجہ سے جہاد فی سبیل اللہ میں مذکورہ بالا جنگی ہدایات واصلاحات حضور اکرم ﷺ کا وہ عظیم ترین کارنامہ ہے جس کی مثال پوری دنیا میں نہیں ملتی۔ بلاشبہ اسلام کا پوری انسانیت کے لیے یہ ایک عظیم سرمایہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جنگ کو ان تمام وحشیانہ اور خلاف فطرت اور غیر انسانی امور سے پاک کر دیا جو اس عہدِ جاہلیت میں جنگ کے لازمی اجزاء تھے۔ آپ ﷺ نے جنگ میں مثبت اصولوں کو متعارف کرا کر اس بات کی وضاحت

"اور اگر وہ لوگ صلح کی طرف جھکیں تو تم بھی ان کی طرف جھک جاؤ اور اللہ پر بھروسہ رکھو، یقین جانو وہی ہے جو ہر بات سنتا، سب کچھ جانتا ہے۔"

ازہریؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"اسلام صلح، امن اور سلامتی کا دین ہے اور وہ اپنے ماننے والوں کو فقط اس وقت جنگ کی اجازت دیتا ہے جب اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہ ہو اور یہ اندیشہ ہو کہ اگر اب جنگ سے گریز کیا تو باطل کا بے رحم ہاتھ حق کے شجر ثمر بار کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دے گا۔ ان حالات میں جہاد سے فرار صلح پسندی کی علامت نہیں بلکہ بزدلی اور نامرادی ہے جسے اسلام اپنے فرزندوں کے لیے ہرگز گوارہ نہیں کرتا"۔[39]

سید مودودیؒ نے اس پہلو پر بھی بات کی ہے:

"بین الاقوامی معاملات میں تمہاری پالیسی بزدلانہ نہیں ہونی چاہیے بلکہ اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر بہادرانہ اور دلیرانہ ہونی چاہیے۔ دشمن جب گفتگوئے مصالحت کی خواہش ظاہر کرے، بے تکلف اس کے لیے تیار ہو جاؤ اور صلح کے لیے ہاتھ بڑھانے سے اس بنا پر انکار نہ کرو کہ وہ نیک نیتی کے ساتھ صلح نہیں کرنا چاہتا بلکہ غداری کا ارادہ رکھتا ہے۔ کسی کی نیت بہر حال یقینی طور پر معلوم نہیں ہو سکتی۔ اگر وہ واقعی صلح ہی کی نیت رکھتا ہو تو تم خواہ مخواہ اس کی نیت پر شبہ کر کے خونریزی کو طول کیوں دو۔ اور اگر وہ غدر کی نیت رکھتا ہو تو تمہیں اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر بہادر ہونا چاہیے۔ صلح کے لیے بڑھنے والے ہاتھ کے جواب میں ہاتھ بڑھاؤ تاکہ تمہاری اخلاقی برتری ثابت ہو، اور لڑائی کے لیے اٹھنے والے ہاتھ کو اپنی قوت بازو سے توڑ کر پھینک دو تاکہ کبھی کوئی غدار قوم تمہیں نرم چارہ سمجھنے کی جرات نہ کرے"۔[40]

## صلح بندی کی فقہی حیثیت

اسلام میں صلح کی اہمیت سابقہ بحث میں واضح ہو گئی، لیکن یہ بات بھی اہمیت کی حامل ہے کہ اسلام میں اس صلح کا مقام کیا ہے، اس بارے میں اہل علم کی آراء درج ذیل ہیں:

مولانا کاندھلویؒ لکھتے ہیں:

"فقہاء کرام نے اس امر کی تصریح کی ہے کہ مسلمان فرمانروا کافروں سے ایک مدت معینہ کے لیے صلح کر سکتا ہے۔ مگر جہاں تک ممکن ہو صلح کی مدت کم مقرر کرے اور دس سال سے زیادہ کا معاہدہ نہ کرے۔ جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے حدیبیہ میں قریش سے دس سال کے لیے معاہدہ

نہیں ہو۔"

اس آیت میں یہ اصول بیان کر دیا گیا کہ اگر کوئی شخص ہمارے سامنے اسلام لائے اور اسلام کے تمام ضروری عقائد کا اقرار کر لے تو ہم اسے مسلمان ہی سمجھیں گے اور اس کے دل کا حال اللہ پر چھوڑیں گے اور اس سے میدان جنگ میں تعرض نہ کریں گے۔ سید مودودیؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"لڑائیوں کے موقع پر ایک پیچیدگی یہ پیش آتی تھی کہ مسلمان جب کسی دشمن گروہ پر حملہ کرتے اور وہاں کوئی مسلمان اس لپیٹ میں آجاتا تو وہ حملہ آور مسلمانوں کو یہ بتانے کے لیے کہ وہ بھی ان کا دینی بھائی ہے "السلام علیکم" یا "لا الہ الا اللہ" پکارتا تھا، مگر مسلمانوں کو اس پر یہ شبہہ ہوتا تھا کہ یہ کوئی کافر ہے جو محض جان بچانے کے لیے حیلہ کر رہا ہے، اس لیے بسا اوقات وہ اسے قتل کر بیٹھتے تھے اور اس کی چیزیں غنیمت کے طور پر لوٹ لیتے تھے۔ نبی ﷺ نے ایسے ہر موقع پر نہایت سختی کے ساتھ سرزنش فرمائی۔ مگر اس قسم کے واقعات برابر پیش آتے رہے۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس پیچیدگی کو حل کیا۔ آیت کا منشا یہ ہے کہ جو شخص اپنے آپ کو مسلمان کی حیثیت سے پیش کر رہا ہے اس کے متعلق تمہیں سرسری طور پر یہ فیصلہ کر دینے کا حق نہیں ہے کہ وہ محض جان بچانے کے لیے جھوٹ بول رہا ہے"۔[36]

پیر کرم شاہ الازہریؒ اس آیت مبارکہ کی وضاحت اس طرح کرتے ہیں:

"اس آیت میں حالت جنگ میں بھی بلاوجہ قتل وغارت سے روک دیا۔ جب تک تمہیں یقین نہ ہو جائے کہ یہ محارب کافر ہے اس وقت تک ہاتھ نہ اٹھاؤ اور اگر کوئی عین اس وقت بھی اظہار اسلام کرے تو مال غنیمت کے حصول کیلئے اس کی شہادت رد نہ کرو"[37]

## 7۔ مصالحت اور جنگ بندی

اسلام کے مخالفین یہ پراپیگنڈہ کرتے ہیں کہ اسلام جارحیت پسند اور مسلمان جنگ جو قوم ہے۔ حالانکہ اسلام کا نقطۂ نگاہ یہ ہے کہ جو کفار تبلیغ دین میں رکاوٹ اور کسی پر ظلم زیادتی نہیں کرتے ان کے ساتھ جنگ نہیں کرنی چاہیے۔ بلکہ اس سے بھی ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ خواہ تم کتنے ہی مضبوط کیوں نہ ہو اگر دشمن تمھارے ساتھ صلح کرنے پر آمادہ ہو تو کسی گھمنڈ میں آنے کے بجائے صلح کی طرف بڑھتے ہوئے ہاتھ کو تھام لو اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرو۔ وہ ہر بات سننے والا اور ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کی اہمیت کے پیش نظر قرآن مجید میں یوں بیان فرماتے ہیں:

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ[38]

## 5۔ قیدیوں کو قتل کرنے کی ممانعت

اسلام سے قبل قیدیوں سے ناروا سلوک، انہیں اذیت پہنچانا اور ظلم سے قتل کرنا عام دستور تھا لیکن جنگ کے بارے میں دینِ اسلام نے 1950ء میں جنیوا کنونشن سے تیرہ سو برس پہلے ہی جہاں دیگر امور کی اصلاح کی وہیں قیدیوں کے بارے میں احسان کا معاملہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

فَإِذا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا [33]

"جب تمہارا انکار کرنے والوں سے مقابلہ ہو تو ان کی گردنوں پر ضرب لگاؤ، یہاں تک کہ جب تم انہیں قتل (کر کے شکست دے) چکو تو انہیں مضبوطی سے باندھ لو۔ (اس کے بعد ان جنگی قیدیوں کو) بطور احسان رہا کر دو یا پھر فدیہ لے کر چھوڑ دو۔ یہ سب معاملہ اس وقت تک ہو جب تک لڑنے والے اپنے ہتھیار نہ رکھ دیں۔"

اس آیت میں جنگی قیدیوں کے ساتھ دو ہی معاملات کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ایک تو یہ کہ انہیں بطور احسان رہا کر دیا جائے اور دوسرا یہ کہ انہیں فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے۔ رسول اللہ ﷺ کی تمام جنگوں کا اگر تفصیل سے جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس دور کے بین الاقوامی جنگی قانون کے تحت بسا اوقات دشمن کے جنگی قیدیوں کو غلام بنایا گیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے ذاتی طور پر کوشش کر کے انہیں غلامی سے نجات دلائی۔ بسا اوقات آپ ﷺ نے خود فدیہ ادا کر کے دشمن کے جنگی قیدیوں کو رہائی عطا فرمائی۔ تینوں مفسرین کا یہی نقطہ نظر ہے۔[34]

## 6۔ اسلام کا اظہار کرنے والے کو قتل کرنے کی ممانعت

اسلام میں چونکہ جہاد کا مقصد قتل و غارت گری نہیں بلکہ اعلاء کلمۃ اللہ ہے۔ اس لیے آپ ﷺ کے عہد مبارک میں جسقدر جنگیں ہوئی ان میں حتی الامکان قتل و غارت گری سے روکا گیا ہے، جس کی واضح مثال یہ ہے کہ آپ ﷺ نے غیر مقاتلین کو قتل کرنے سے منع کر دیا۔ اسی طرح ایسے لوگوں کو بھی قتل کرنے سے منع کر دیا کہ جو عین قتال کے وقت کلمہ اسلام ظاہر کریں۔ بعض مواقع پر اگر کسی صحابی سے کوئی ایسا واقعہ ہوا تو آپ ﷺ نے اس پر شدید ناراضگی کا اظہار فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اس بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا [35]

"اے ایمان والو! جب تم اللہ کے راستے میں سفر کرو تو تحقیق سے کام لیا کرو، اور جو شخص تم کو سلام کرے تو دنیوی زندگی کا سامان حاصل کرنے کی خواہش میں اس کو یہ نہ کہو کہ: تم مومن

" اللہ تعالیٰ کے نام پر اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور اس شخص سے قتال کرو جو اللہ کا انکار کرے اور غنیمت میں خیانت نہ کرنا، نہ بدعہدی کرنا اور مثلہ نہ کرنا اور نہ کسی بچے کو قتل کرنا۔"

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس رومی بطریق کا سر کاٹ کر لایا گیا تو تو آپ اس پر شدید ناراض ہوئے اور فرمایا کہ ہمارا کام رومیوں اور ایرانیوں کی پیروی کرنا نہیں ہے۔[28]

انسانیت کے خلاف جو رسمیں رواج پا چکی تھیں آپ ﷺ نے ان کی بھی نہ صرف اصلاح فرمائی بلکہ انہیں جڑ سے اکھاڑنے کے لیے جملہ اقدامات بھی کیے۔

## 4۔ کھیتوں اور بستیوں کو تباہ کرنے کی ممانعت

قبل از اسلام جنگوں میں فوجوں کا یہ معمول تھا کہ جب وہ کسی علاقے کو فتح کر لیتیں تو پھر اس علاقے میں موجود فصلوں، کھیتوں اور بستیوں کو تباہ و برباد کر دیتیں جسے قرآن نے فساد سے تعبیر کیا ہے:

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ[29]

" اور جب پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تاکہ اس میں فتنہ انگیزی کرے اور کھیتی کو (برباد) اور (انسانوں اور حیوانوں کی) نسل کو نابود کر دے اور خدا فتنہ انگیزی کو پسند نہیں کرتا۔"

مفسرین نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ اگر دوران قتال حربی ضرورت کے تحت درختوں کو کاٹنا پڑے اور دشمن تک پہنچنے میں راستہ کو صاف کرنے کی ضرورت پیش آئے تو اس صورت میں درختوں کو کاٹنا درست ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ[30]

"(مؤمنو!) کھجور کے جو درخت تم نے کاٹ ڈالے یا ان کو اپنی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا سو خدا کے حکم سے تھا اور مقصود یہ تھا کہ وہ نافرمانوں کو رسوا کرے۔"

اس ضمن میں ایک حدیث مبارک وارد ہوتی ہے:

"وَلا تُغْرِقُنَّ نَخْلاً وَلا تَحْرِقُنَّهَا، وَلا تَعْقِرُوا بَهِيمَةً، وَلا شَجَرَةً تُثْمِرُ، وَلا تَهْدِمُوا بَيْعَةً"[31]

" کھجوروں کے باغ کو تباہ نہ کرنا اور نہ ہی انہیں جلانا، اور نہ ہی کسی جانور کو مارنا، اور نہ ہی پھل دار درخت کو کاٹنا اور نہ ہی عبادت گاہوں کو گرانا۔"

ان آیات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جنگ کے دوران کھیتوں، درختوں اور بستیوں کو تباہ کرنا منع ہے ماسوائے کسی خاص ضرورت کے۔ یہی بات تینوں مفسرین کی تفاسیر میں بیان ہوئی ہے۔[32]

## 2۔ آگ میں جلانے کی ممانعت

اسلام کے آنے سے پہلے لوگ فتح کے نشہ میں مغلوب اقوام کو شدتِ انتقام کی وجہ سے آگ میں زندہ جلا دیا کرتے تھے لیکن حضور اکرم ﷺ نے اہل اسلام کو اس وحشیانہ حرکت سے منع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ أَمَّرَهُ عَلَى سَرِيَّةٍ قَالَ: فَخَرَجْتُ فِيهَا، وَقَالَ:إِنْ وَجَدْتُمْ فُلَانًا فَأَحْرِقُوهُ بِالنَّارِ. فَوَلَّيْتُ فَنَادَانِي فَرَجَعْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ:إِنْ وَجَدْتُمْ فُلَانًا فَاقْتُلُوهُ وَلَاتُحْرِقُوهُ، فَإِنَّهُ لَايُعَذِّبُ بِالنَّارِ إِلَّا رَبُّ النَّار"[25]

"محمد بن حمزہ اسلمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک سریہ کا امیر بنایا تو یہ کہتے ہیں کہ جب میں اس سریہ میں نکلنے لگا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم فلاں کو پاؤ تو اسے آگ میں جلا دینا، تو جب میں جانے کے لیے پلٹا تو آپ نے مجھے آواز دی، میں واپس پلٹا تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم اسے پاؤ تو اسے قتل کر دینا لیکن اسے جلانا نہیں ہے کیونکہ آگ کا عذاب دینا، سوائے آگ پیدا کرنے والے کے کسی کو مناسب نہیں۔"

اس طرح آپ ﷺ نے قیامت کی صبح تک کے انسانوں کو آگ کے عذاب سے محفوظ کر دیا، جو صرف اللہ کا حق ہے۔ یہی وجہ تھی کہ جب بنو نضیر کی خیانتیں، سازشیں اور غداریاں انتہاء کو پہنچ گئیں تو رسول کریم ﷺ نے ان کو شہر خالی کر دینے کیلئے اس دن کی مہلت دی لیکن جب وہ اس کے باوجود مقابلہ کیلئے قلعہ بند ہو گئے تو آپ ﷺ نے ان کے قلعہ کو آگ لگا دینے یا ان کے قتل عام کا حکم اس وقت بھی نہ دیا تھا۔[26]

اس سے معلوم ہوا کہ آگ کا عذاب دینا کسی صورت میں بھی درست نہیں۔ اسی وجہ سے حضور اکرم ﷺ نے حضرت حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کو خاص انداز میں دوبارہ بلا کر سمجھایا کہ جلانے کی اجازت نہیں۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ انسانیت کی تذلیل مقصود نہیں بلکہ اگر کسی وقت قتل کی نوبت آ بھی جاتی ہے تو آسان صورت کی تلقین کی گئی ہے۔

## 3۔ میّت کا مثلہ کرنے کی ممانعت

زمانہ جاہلیّت سے یہ رواج چلا آ رہا تھا کہ دشمن کی لاش کی بے حرمتی کرنا، اس کا مثلہ کرنا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دینے کو معیوب نہ سمجھا جاتا تھا بلکہ اکثر وبیشتر لوگ اس قسم کے کام کو کر گذرتے تھے جیسا کہ غزوہ احد کے موقع پر سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کے ساتھ ایسا کیا گیا تھا۔ لیکن اس رسم بد کے باوجود آپ ﷺ نے مجاہدین اسلام کو اس قبیح اور خبیث حرکت سے منع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"اغْزُوا بِسْمِ اللَّهِ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ، قَاتِلُوا مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ، وَلَا تَغْلُّوا، وَلَا تَغْدِرُوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا" [27]

اسی طرح غزوہ حنین میں آپ ﷺ نے اس خدمت کے لیے حضرت عبد اللہ بن حدود رضی اللہ عنہ کو منتخب فرمایا۔ انہوں نے ایک دو روز حالات کی جستجو میں گزارے اور اہم معلومات لے کر لوٹے اور رسول اللہ کو آگاہ کیا۔[22]

## جنگی اصلاحات اور نبوی تعلیمات

اسلام میں جہاد کا جو مقام و مرتبہ ہے اسی لحاظ سے اسلام نے جنگ کے طور طریقوں میں جو اصلاحات کی ہیں وہ بھی اہمیت کی حامل ہیں اور اسلام کے تصور جہاد کو واضح کرتی ہیں۔ آپ ﷺ نے دوران قتال ایسے تمام امور جن میں وحشت وبربریت کا عنصر تھا ان سے مجاہدینِ اسلام کو اجتناب کرنے کا حکم فرمایا۔ اسی لیے غزوات میں اپنی کثرت تعداد کے باوجود بھی ان میں انسانی جانوں کا نقصان نہ ہونے کے برابر ہے۔ ذیل میں حضور اکرم ﷺ کی جانب سے کی گئی اصلاحات کی ایک فہرست دی جاتی ہے۔

### 1۔ غیر مقاتلین کے قتل کی ممانعت

حضور اکرم ﷺ نے دوران جہاد ایسے افراد کو قتل کرنے کی ممانعت فرمادی جو بالواسطہ یا بلاواسطہ جنگ میں شریک نہ ہوں۔

"عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَخْبَرَهُ: أَنَّ امْرَأَةً وُجِدَتْ فِي بَعْضِ مَغَازِي النَّبِيِّ ﷺ مَقْتُولَةً، فَأَنْكَرَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ قَتْلَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ"[23]

"حضرت نافع سے مروی ہے کہ ایک غزوہ میں ایک کافر عورت مقتول پائی گئی تو آپ ﷺ نے اسے ناپسند فرمایا اور آپ ﷺ نے عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع کیا۔"

ایک اور روایت میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"انْطَلِقُوا بِاسْمِ اللَّهِ وَبِاللَّهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللَّهِ، وَلَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا طِفْلًا وَلَا صَغِيرًا وَلَا امْرَأَةً، وَلَا تَغُلُّوا، وَضُمُّوا غَنَائِمَكُمْ، وَأَصْلِحُوا وَأَحْسِنُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ"[24]

"اللہ تعالیٰ کا نام لے کر نکلو اور اللہ کے رسول کے دین پر رہتے ہوئے نکلو اور نہ کسی بوڑھے ضعیف کو قتل کرو اور نہ چھوٹے کو اور نہ عورت کو اور نہ اموال غنیمت میں چوری کرو۔ جنگ میں جو کچھ ملے اسے ایک جگہ جمع کرو، نیکی اور احسان کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔"

اس کا حاصل یہ ہے کہ جو لوگ کسی بھی طور پر جنگ میں شریک نہیں ان کو قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے تاکہ یہ بات معلوم ہو کہ جہاد میں قتل وغارت گری مقصود نہیں۔

"حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوہ احد کے دن ایک تلوار لے کر فرمایا مجھ سے یہ تلوار کون لے گا۔ پس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ہر ایک نے اپنے ہاتھوں کو یہ کہتے ہوئے دراز کیا میں، آپ ﷺ نے فرمایا اسے اس کا حق ادا کرنے کی شرط پر کون لیتا ہے۔ لوگ پیچھے ہٹ گئے تو حضرت سماک بن خرشہ ابو دجانہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ میں اسے اس کا حق ادا کرنے کی شرط پر لیتا ہوں۔ پس انہوں نے یہ تلوار لے لی اور اس کے ساتھ مشرکین کی کھوپڑیاں پھوڑیں۔"

ابو دجانہؓ نے اس تلوار سے نہایت شدید لڑائی کی اور جب مسلمان محاصرے میں آ گئے تو ابو دجانہؓ نے اپنے جسم کو رسول اللہ کیلئے ڈھال بنالیا اور اپنی پیٹھ حضور اکرم ﷺ پر جھکا دی، تیر ابو دجانہؓ کی پیٹھ پر برستے رہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ آپ ﷺ نے جو ابو دجانہؓ کی صلاحیتوں کا ادراک کر کے تلوار دی تھی، ابو دجانہؓ نے اس کا حق ادا کیا اور آپ ﷺ کا اس انداز سے دفاع کیا جو قابلِ رشک ہے۔

## 7۔ دشمن کے بارے میں معلومات کا حصول

جنگ کے دوران دشمن کے بارے میں پوری معلومات رکھنا انتہائی اہم ہوتا ہے اور جنگی منصوبہ بندی کا دارومدار ہی دشمن کے بارے میں ملی ہوئی معلومات پر ہوتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ اس کا بہت اہتمام فرماتے اور مختلف ذرائع سے دشمن کی طاقت و قوت اور ان کی تیاریوں کی خبر رکھتے۔

آپ ﷺ مختلف طریقوں سے کفار کی جنگی تدابیر کے بارے میں معلومات حاصل کرتے۔ مثلاً:

1۔ جاسوسوں کے ذریعے

2۔ شخصی اطلاعات کے ذریعے

3۔ اہل الرائے سے مشورہ کے ذریعے

مختلف غزوات میں آپ ﷺ نے مختلف ذرائع سے دشمن کی معلومات کا حاصل کرنے کا اہتمام فرمایا۔

غزوہ بدر میں آپ ﷺ نے چھاپہ مار ٹیم کے پکڑے ہوئے دو قیدیوں سے معلومات لیں کہ ان کھانے کے لیے کتنے اونٹ ذبح کرتے ہو تو انہوں نے کہا کہ ایک وقت میں نو اور دوسرے وقت میں دس، تو آپ ﷺ نے اس سے انداز کیا کہ کفار کے لشکر کی تعداد 900 اور 1000 کے درمیان ہے۔[20]

غزوہ احزاب میں آپ ﷺ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کو دشمن کی معلومات کے حصول کے لئے بھیجا اور وہ ان کے لشکر میں گھس کر کافی معلومات لائے۔[21]

## 5۔ دورانِ قتال صف بستہ وصف آراء ہونا

قرآن مجید میں اللہ تعالی نے مجاہدینِ اسلام کو حکم دیا ہے کہ وہ دورانِ جہاد صف بستہ وصف آراء ہو کر لڑیں اور بوقت جہاد اس بات کو مد نظر رکھیں کہ وہ اس عمل کے ذریعے سے اللہ تعالی کے محبوب ترین افراد بن جائیں گے۔ لہٰذا یہ جس قدر عظیم الشان کام ہے اس کی ذمہ داریاں بھی اسی قدر ہیں، جن میں دورانِ قتال نظم وضبط کا اہتمام انتہائی ضروری ہے۔ ارشاد الٰہی ہے:

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ [17]

"حقیقت یہ ہے کہ اللہ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کے راستے میں اس طرح صف بنا کر لڑتے ہیں جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہوں"

سید مودودیؒ اس آیت کے ضمن میں لکھتے ہیں:

"اللہ کو جو فوج پسند ہے اس میں تین صفات پائی جانی چاہئے۔ ایک یہ کہ وہ خوب سوچ سمجھ کر اللہ کی راہ میں لڑے اور کسی ایسی راہ میں نہ لڑے جو فی سبیل اللہ کی تعریف میں نہ آتی ہو۔ دوسری یہ کہ وہ بد نظمی و انتشار میں مبتلا نہ ہو بلکہ مضبوط تنظیم کے ساتھ صف بستہ ہو کر لڑے۔ تیسری یہ کہ دشمنوں کے مقابلہ میں اسکی کیفیت "سیسہ پلائی ہوئی دیوار" کی سی ہو"۔ [18]

اس آیت میں غور کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہاں جو قانون بیان ہوا ہے اس پر عمل کرنے سے مسلمانوں کو ہی فائدہ ہو گا، کیونکہ جب مجاہدینِ اسلام ڈٹ کر اعداءِ اسلام کا مقابلہ کرتے ہیں تو پھر جہاں آخرت بنتی ہے وہیں اللہ تعالی اس عظیم عمل کی برکت سے دنیوی معاملات اور ان کے معاشی حالات میں بھی آسانی پیدا کر دیتے ہیں۔

## 6۔ شرکاءِ لشکر کی صلاحیتوں کی معرفت

حضور اکرم ﷺ اپنے رفقاءِ لشکر کی صلاحیتوں کی پوری طرح خبر رکھتے تھے، ان کی خوبیاں اور کمالات آپ ﷺ کے سامنے تھے، اس لیے آپ ﷺ ہر آدمی کو اسی کام پر متعین فرماتے جسے اس کام کو انجام دینے کی پوری صلاحیت اس میں موجود ہوتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا انتخاب فرماتے وہ اپنے اہداف و مہمات کو بآسانی سرانجام دے دیتے۔

امام مسلمؒ نے غزوہ احد کا ایک واقعہ ذکر کیا ہے جس میں آپ ﷺ کا یہ وصف بیان کیا ہے:

"عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَخَذَ سَيْفًا يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالَ:مَنْ يَأْخُذُ مِنِّي هَذَا؟ فَبَسَطُوا أَيْدِيَهُمْ، كُلُّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ يَقُولُ: أَنَا، أَنَا، قَالَ: فَمَنْ يَأْخُذُهُ بِحَقِّهِ؟ قَالَ فَأَحْجَمَ الْقَوْمُ. فَقَالَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ أَبُو دُجَانَةَ: أَنَا آخُذُهُ بِحَقِّهِ. قَالَ: فَأَخَذَهُ فَفَلَقَ بِهِ هَامَ الْمُشْرِكِين" [19]

اس سے معلوم ہوا کہ کثرتِ عدد اور اس قسم کے دیگر اسباب پر نظر نہیں رکھنی چاہیے بلکہ نظر تو اللہ کی ذات پر ہونی چاہیے اور اسباب کو صرف حکم باری تعالیٰ کی وجہ سے اختیار کرنا چاہیے۔

## 4۔ دورانِ قتال فخر وغرور کی ممانعت

دوران جہاد کامیابی وکامرانی اور اللہ تعالیٰ کی مدد ونصرت کے حصول کیلئے ضروری ہے کہ اہل اسلام فخر ومباہات سے اجتناب کریں، غرور اور تکبر سے کوسوں دور رہیں اور تواضع اختیار کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں ارشاد فرماتے ہیں:

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَرِئَاءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَاللَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ [15]

" اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے اور لوگوں کو اپنی شان دکھاتے ہوئے نکلے تھے، اور دوسروں کو اللہ کے راستے سے روک رہے تھے۔ اور اللہ نے لوگوں کے سارے اعمال کو (اپنے علم کے) احاطے میں لیا ہوا ہے۔"

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مؤمنین کو مشرکین واعدائے اسلام کی مشابہت اختیار نہ کرنے کا حکم دیا ہے کہ جس طرح کفار اپنے گھروں سے غرور وتکبر کے ساتھ نکلتے تھے تم اس طرح کے رویے سے اجتناب کرو، کیونکہ نمود ونمائش، شہرت وناموری اور ریاکاری وغیرہ سب ایسی چیزیں ہیں جو شکست کا باعث بنتی ہیں۔ کفار کی افواج کا ہر زمانے میں یہی وطیرہ رہا ہے کہ وہ قحبہ خانوں، فواحش اور شراب نوشی کے بغیر جنگ نہیں کرتے۔ اور اس کی بنیادی وجہ در حقیقت دونوں جماعتوں کے مقاصد اور مطمح نظر کا اختلاف ہے۔ کفار کے ہاں دنیا ہی اصل ہے، اس لیے ان کے ہاں اس کا حصول جس انداز سے بھی ہو وہ اس کی پروا نہیں کرتے جبکہ مجاہدین اسلام کے پیش نظر اعلاء کلمۃ اللہ ہے نہ کہ قتل وغارت گری جو کہ اللہ کی خوشنودی کے بغیر ممکن نہیں۔[16]

آیت مبارکہ سے درج ذیل مسائل مستنبط ہوتے ہیں:

1۔ مجاہدین کو نمود ونمائش اور فخر ومباہات سے اجتناب کرنا چاہیے۔

2۔ مجاہدین کا مقصود اعلاء کلمۃ اللہ ہے جب کہ مشرکین کا مقصد دنیا کا حصول اور شان وشوکت کا اظہار ہوتا ہے۔

3۔ عصر حاضر میں بھی کفار مادی طاقت وقوت پر اعتماد کرتے ہوئے تکبر وغرور کا اظہار کرتے ہیں، اس لئے اہل ایمان کو اللہ کی ذات پر اعتماد کرنا چاہیے اور کفار کی مشابہت سے بچنا چاہیے۔

4۔ دوران قتال کفار پر رعب جمانے کیلیے طاقت وقوت کا اظہار درست ہے لیکن دل میں تواضع ضروری ہے۔

میں تفریق ڈالنے کا ارادہ کرے اسے تلوار کے ساتھ مار دو وہ شخص کوئی بھی ہو۔"

گویا جب انسان امیر کو کسی معقول بات کی وجہ سے بھی ناپسند کرتا ہو پھر بھی اس کی اس طرح سے مخالفت درست نہیں کہ اس کے خلاف اسلحہ اٹھالے بلکہ اسے صبر و تحمل کی تلقین کی گئی ہے اور حتی الامکان اطاعت کا حکم دیا ہے اور اس کی مخالفت کو گمراہی سے تعبیر کیا ہے۔

### 3۔ کثرتِ عدد کے بجائے نصرت باری تعالیٰ پر اعتماد

حضور اکرم ﷺ نے جہاد کی تربیت کے جو سنہری اصول اس امت کو عطا کیے ہیں ان میں سے ایک اہم اصول اور ضابطہ یہ ہے کہ اہل اسلام کو کسی بھی موقعہ پر کثرتِ اسباب و آلات پر بھروسہ نہیں کرنا چاہیے۔ فتح و کامرانی اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر ممکن نہیں۔ تاریخ میں ایسے واقعات بڑی تعداد میں موجود ہیں کہ کم اسباب و آلات کے حامل افراد نے کثیر تعداد والوں پر فتح حاصل کی ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے غزوات کا اگر اس نظر سے مطالعہ کیا جائے تو یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ اکثر غزوات میں اہل اسلام کی تعداد اور اسباب، حرب مد مقابل گروہوں کے مقابلہ میں کم ہوتے تھے، تو یہ نصرت باری تعالیٰ ہی تھی کہ جس نے اہل اسلام کو سرخرو کیا اور انہیں دشمن کے مقابلہ میں فتح و کامرانی سے نوازا۔ اور جب کبھی اہل اسلام نے بھی کثرت اسباب و آلات پر اعتماد کیا تو انہیں بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ قرآن مجید نے اس کیفیت کو ایک مقام پر یوں بیان کیا ہے:

لَقَدۡ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِىۡ مَوَاطِنَ كَثِيۡرَةٍ ‌ۙ وَّيَوۡمَ حُنَيۡنٍ‌ ۙ اِذۡ اَعۡجَبَتۡكُمۡ كَثۡرَتُكُمۡ فَلَمۡ تُغۡنِ عَنۡكُمۡ شَيۡـًٔـا وَّضَاقَتۡ عَلَيۡكُمُ الۡاَرۡضُ بِمَا رَحُبَتۡ ثُمَّ وَلَّيۡتُمۡ مُّدۡبِرِيۡنَ[13]

"حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری بہت سے مقامات پر مدد کی ہے، اور (خاص طور پر) حنین کے دن جب تمہاری تعداد کی کثرت نے تمہیں مگن کر دیا تھا، مگر وہ کثرت تعداد تمہارے کچھ کام نہ آئی، اور زمین اپنی ساری وسعتوں کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی، پھر تم نے پیٹھ دکھا کر میدان سے رخ موڑ لیا۔"

اس آیت کا پسِ منظر یہ ہے کہ فتح مکہ کے بعد آپ ﷺ کو یہ اطلاع ملی کہ کفار ہوازن و ثقیف، حنین کے مقام پر جنگ کی غرض سے جمع ہوئے ہیں۔ آپ ﷺ بارہ ہزار کا لشکر جرار لے کر ان کے مقابلہ کے لیے روانہ ہوئے، کفار کے لشکر کی تعداد چار ہزار تھی۔ اس وقت بعض مسلمانوں کی زبان سے یہ لفظ نکلا کہ آج ہم قلت عدد کی وجہ سے مغلوب نہ ہوں گے۔ یہ لفظ اللہ تعالیٰ کو پسند نہ آیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اولاً مسلمانوں کو شکست ہوئی۔ چنانچہ مسلمان اپنی لغزش پر متنبہ ہوئے جس پر اللہ تعالیٰ نے تائید غیبی سے انہیں فتح نصیب فرمائی۔[14]

وَيُحِبُّونَكُمْ، وَيُصَلُّونَ عَلَيْكُمْ وَتُصَلُّونَ عَلَيْهِمْ، وَشِرَارُ أَئِمَّتِكُمُ الَّذِينَ تُبْغِضُونَهُمْ وَيُبْغِضُونَكُمْ، وَتَلْعَنُونَهُمْ وَيَلْعَنُونَكُمْ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَفَلَا نُنَابِذُهُمْ بِالسَّيْفِ؟ فَقَالَ: لَا، مَا أَقَامُوا فِيكُمُ الصَّلَاةَ، وَإِذَا رَأَيْتُمْ مِنْ وُلَاتِكُمْ شَيْئًا تَكْرَهُونَهُ، فَاكْرَهُوا عَمَلَهُ، وَلَا تَنْزِعُوا يَدًا مِنْ طَاعَةٍ"[9]

"حضرت عوف بن مالک نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا تمہارے حاکموں میں سے بہتر وہ ہیں جن سے تم محبت کرتے ہو اور وہ تم سے محبت کرتے ہیں اور وہ تمہارے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں اور تم ان کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہو۔ اور تمہارے حاکموں میں سے برے حاکم وہ ہیں جن سے تم دشمنی رکھتے ہو اور وہ تم سے بغض رکھتے ہوں اور تم انہیں لعنت کرو اور وہ تمہیں لعنت کریں۔ عرض کیا گیا اے اللہ کے رسول ﷺ کیا ہم انہیں تلوار کے ساتھ قتل نہ کر دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں جب تک وہ تم میں نماز قائم کرتے رہیں اور جب تک اپنے حاکموں میں کوئی ایسی چیز دیکھو جسے تم ناپسند کرتے ہو تو اس کے اس عمل کو ناپسند کرو اور اطاعت و فرمانبرداری سے ہاتھ مت کھینچو۔"

2۔ "عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ:مَنْ خَالَفَ الْجَمَاعَةَ شِبْرًا، خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ" [10]

"حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے جماعت کی ایک بالشت بھی مخالفت کی تو اس نے اسلام کی رسی کو اپنی گردن سے اتار دیا۔"

3۔ "عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، يَرْوِيهِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: أَيُّمَا رَجُلٍ كَرِهَ مِنْ أَمِيرِهِ أَمْرًا فَلْيَصْبِرْ، فَإِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ يَخْرُجُ مِنَ السُّلْطَانِ شِبْرًا، فَمَاتَ، إِلا مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً"[11]

"حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ سے روایت فرماتے ہیں: آپ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے امیر سے کوئی ناگوار چیز دیکھے تو اس کو صبر کرنا چاہیے، اس لئے کہ جو شخص بادشاہ کی اطاعت سے ایک بالشت بھی باہر ہوا تو وہ جاہلیت کی موت مرا۔"

4۔ " عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَرْفَجَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ ﷺيَقُولُ:إِنَّهُ سَتَكُونُ هَنَاتٌ وَهَنَاتٌ، فَمَنْ أَرَادَ أَنْ يُفَرِّقَ أَمْرَ هَذِهِ الْأُمَّةِ وَهِيَ جَمِيعٌ، فَاضْرِبُوهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ" [12]

"زیاد بن علاقہ حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا عنقریب فتنے اور فساد ظاہر ہوں گے اور جو اس امت کی جماعت کے معاملات

2۔ یہ اوصاف اعلی درجہ میں صرف ان لوگوں کو حاصل ہوتے ہیں جن کا ایمان کامل درجہ کا ہو۔

3۔ جنگ میں کامیابی کا انحصار فوجی قوت اور عسکری طاقت پر ہی نہیں ہوتا بلکہ اصل چیز استقامت اور استقلال ہے۔

## 2۔ اتفاق واتحاد اور اطاعتِ امیر

جنگ کے زرّیں اصولوں میں ایک نمایاں اصول یہ ہے کہ امیر کی اطاعت کی جائے اور اس اصول میں کسی قسم کے اختلاف سے پرہیز کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے جہاں غزوات میں اپنے پیارے حبیب ﷺ کی غیبی مدد کا انتظام فرمایا وہاں اس قسم کے مواقع پر اگر کسی قسم کا اختلاف یا اطاعت امیر میں کسی قسم کی کوتاہی سرزد ہوئی تو اس پر قولاً و عملاً تنبیہ فرمائی۔ قرآن مجید نے واضح طور پر اس اصول کی طرف راہنمائی فرمائی ہے، ارشاد باری ہے:

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ [7]

ترجمہ: اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، اور آپس میں جھگڑا نہ کرو، ورنہ تم کمزور پڑ جاؤ گے، اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی، اور صبر سے کام لو۔ یقین رکھو کہ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

اس آیت میں واضح طور پر یہ بات بتائی گئی ہے کہ کفار پر رعب قائم رکھنے کے لیے اور فتح و کامیابی کے حصول کے لیے یہ ضروری ہے کہ امیر کی اطاعت کی جائے۔ اختلاف سے اجتناب کیا جائے اور مشکل وقت میں صبر کے دامن کو مضبوطی سے پکڑے رکھا جائے۔

مولانا کاندھلویؒ نے ان آیات میں آداب جہاد کی بنیادی تعلیمات پر متنبہ کیا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بے سروسامانی کے باوجود فارس اور روم پر جو فتح نصیب ہوئی وہ اسی اطاعت کی برکت تھی اور جنگ احد میں مسلمانوں نے آپس میں جھگڑا کیا تو ان میں بزدلی آگئی اور دشمن کے مقابلہ سے ان کے پاؤں اکھڑ گئے۔ اور دشمنوں پر جو تمہاری دھاک بیٹھی ہوئی تھی وہ جاتی رہی۔ [8]

گویا آپس کا اختلاف ایسی بری چیز ہے کہ اس سے نہ صرف برکت ختم ہو جاتی ہے بلکہ اختلاف کی نحوست سے بعض اوقات شکست کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جیسا کہ سابقہ واقعہ سے اخذ کیا جا سکتا ہے۔

### احادیث نبویہ ﷺ میں امام کی اطاعت اور فرمانبرداری کی تاکید

حضور اکرم ﷺ نے اپنے جاںنثاروں کو جابجا اطاعت امیر کا حکم دیا ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:

1۔ "عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: خِيَارُ أَئِمَّتِكُمُ الَّذِينَ تُحِبُّونَهُمْ

طرح باخبر ہے۔"

سید مودودیؒ غزوہ حنین میں آپ ﷺ کی استقامت کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"جب مسلمانوں پر اچانک دو طرف سے بیک وقت حملہ ہوا اور ان کی صفوں میں ابتری پھیل گئی تو کچھ لوگ مدینہ کی طرف بھاگ نکلے اور کچھ احد پر چڑھ گئے، مگر نبی ﷺ ایک انچ اپنی جگہ سے نہ ہٹے۔ دشمنوں کا چاروں طرف ہجوم تھا، دس بارہ آدمیوں کی مٹھی بھر جماعت پاس رہ گئی تھی، مگر اللہ کا رسول اس نازک موقع پر بھی پہاڑ کی طرح اپنی جگہ جما ہوا تھا اور بھاگنے والوں کو پکار رہا تھا((اِلَیَّ عِبَادَ اللہِ اِلَیَّ عِبَادَ اللہِ))، "اللہ کے بندو میری طرف آؤ، اللہ کے بندو میری طرف آؤ"[4]

پھر اگر کسی موقعہ پر اہل اسلام کی جانب سے کچھ کم ہمتی کا مظاہر ہوا تو اس پر اللہ تعالیٰ نے سابقہ امم اور انبیاء سابقین کی ثابت قدمی کو بیان کر کے اہل اسلام اور نبی آخر الزمان ﷺ کو تسلی اور حوصلہ دیا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ[5]

"اور کتنے سارے پیغمبر ہیں جن کے ساتھ ملکر بہت سے اللہ والوں نے جنگ کی! نتیجتاً انہیں اللہ کے راستے میں جو تکلیفیں پہنچیں ان کی وجہ سے نہ انہوں نے ہمت ہاری، نہ وہ کمزور پڑے اور نہ انہوں نے اپنے آپ کو جھکایا۔ اللہ ایسے ثابت قدم لوگوں سے محبت کرتا ہے۔"

اس آیت کی تفسیر میں ازہریؒ لکھتے ہیں:

"اس آیت میں بھی ان لوگوں کی سرزنش کی جارہی ہے جن کے قدم احد میں ڈگمگا گئے تھے کہ پہلے بھی انبیائے کرام اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سمیت کفر سے جنگ آزما ہوئے لیکن وہ مصائب وشدائد میں گھبرائے نہیں۔ اور تم تو خیر الامم ہو اور سید الانبیاء کے غلام ہو۔ کیا تمہیں یہ زیب دیتا ہے کہ مصیبت کے لمحوں میں ثابت قدم نہ رہو"۔[6]

آپ ﷺ نے تمام غزوات میں استقلال و ثابت قدمی کا ہی درس دیا بلکہ بعض مقامات پر اس کا ایسا نمونہ دیا کہ وہ آپ کی شانِ کریمی کے ہی لائق ہے۔ اور در حقیقت یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ ﷺ کی تربیت کا نتیجہ تھا ورنہ انسانی ہمتیں اس کی مثال پیش نہیں کر سکتیں۔

ان غزوات میں آپ ﷺ کی استقامت سے درج ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں:

1۔ امت کے قائدین میں عام لوگوں کی نسبت زیادہ استقامت اور بہادری ہونی چاہیے تاکہ مشکل وقت میں وہ امت کو سہارا دے سکیں۔

علماءِ سیَر کی اصطلاح میں غزوہ اس مہم کو کہتے ہیں جس میں حضور اکرم ﷺ بہ نفسِ نفیس شریک ہوئے، اور جس مہم میں آپ شریک تو نہیں ہوئے البتہ آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت کو اس مہم کے لیے روانہ فرمایا ہو اسے سریہ کہتے ہیں اور اس کی جمع سرایا ہے۔[1]

آپ ﷺ کی دس سالہ مدنی زندگی ان غزوات و سرایا سے بھرپور ہے۔ صحیح اور راجح قول کے مطابق آپ کے غزوات کی تعداد 27 اور سرایا کی تعداد 35 ہے جیسا کہ ابن جریر طبری نے اس قول کو اختیار کیا ہے۔[2]

حضور اکرم ﷺ نے اپنی جنگی مہمات میں جابجا ایسی ہدایات جاری فرمائیں کہ وہ آج بھی امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہیں۔ آپ ﷺ کی ہدایات کو قرآن مجید نے جابجا ذکر فرمایا ہے۔ اسی طرح آپ ﷺ نے جنگ میں بہت سی اصلاحات فرمائیں، کیونکہ اسلام میں جنگ تو مقصود نہیں بلکہ مقصود تو اعلاء کلمۃ اللہ ہے، اس لیے قرآن مجید کی بیان کردہ ان ہدایات کو ذیل میں مختصراً ذکر کیا جارہا ہے۔

## جنگی ہدایات اور نبوی تعلیمات

حضور اکرم ﷺ نے جنگ کے بارے میں ایسی ایسی ہدایات دیں کہ جن سے اہل اسلام جنگ یقینی طور پر جیت لیتے تھے اور بعض اوقات تو بغیر کسی قسم کے جانی نقصان کے جنگ جیت جاتے تھے۔ ذیل میں ان ہدایات کو ذکر کیا جاتا ہے۔

### 1۔ استقلال اور ثابت قدمی

غزوات میں حضور اکرم ﷺ کی شجاعت اور بہادری کی طرح آپ کی استقامت اور استقلال بھی ایک مثال ہے۔ حالات کیسے بھی ہوں، خوشی ہو یا غمی آپ ﷺ کے پایہ استقلال میں ذرا بھی لغزش نہیں آتی تھی حتی کہ کئی مواقع پر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم گھبرا گئے تو آپ ﷺ نے ان کو حوصلہ دیا اور جبل استقامت بنے رہے۔ قرآن مجید نے آپ کے اس وصف کو کئی مواقع پر بیان کیا ہے۔ سورۃ آل عمران میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی استقامت کو یوں بیان کیا ہے:

اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓی اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ یَدْعُوْکُمْ فِیْٓ اُخْرٰىکُمْ فَاَثَابَکُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّکَیْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰی مَا فَاتَکُمْ وَلَا مَآ اَصَابَکُمْ وَاللّٰہُ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ[3]

"(وہ وقت یاد کرو) جب تم منہ اٹھائے چلے جارہے تھے اور کسی کو مڑ کر نہیں دیکھتے تھے، اور رسول تمہارے پیچھے سے تمہیں پکار رہے تھے، چنانچہ اللہ نے تمہیں (رسول کو) غم (دینے) کے بدلے (شکست کا) غم دیا، تاکہ آئندہ تم زیادہ صدمہ نہ کیا کرو، نہ اس چیز پر جو تمہارے ہاتھ سے جاتی رہے، اور نہ کسی اور مصیبت پر جو تمہیں پہنچ جائے۔ اور اللہ تمہارے تمام کاموں سے پوری

# غزوات میں جنگی ہدایات واصلاحات: تعلیماتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں

# War Instructions and Reforms in Ghazwat in the light of Prophet (PBUH)'s Teachings

*ڈاکٹر حافظ عبدالرشید


## ABSTRACT

The battle in which the Prophet (peace and blessings of Allah be upon him) himself took part is called "Ghazwa". The Prophet (PBUH) also laid down noble rules for the war and made it obligatory on his soldiers and commanders to obey them and did not allow them to go outside under any circumstances. The instructions and reforms of the Holy Prophet (PBUH) regarding fighting are of unique significance in human history.

The existence of wars between nations is a historical fact and the "War" is a symbol of the humiliation and destruction of humanity, but the Holy Prophet (PBUH) associated it with a purpose, and reform it in such a way that the goal is achieved in the best possible way without causing much damage or harm and the Islam was able to dominate everywhere.

This article is an attempt to present the war instructions and reforms of the Holy Prophet (PBUH) to the scholars in an appropriate manner. First, the war instructions and then the war reforms are explained in the light of the Hadiths of the Prophet. This article adopts an inductive research approach.


**KEY WORDS:** *Ghazwah, War Reforms, Holy Prophet Teachings about War, Instructions about War. Reform of War*

حضور اکرم ﷺ کی مکی زندگی اور مدنی زندگی میں بہت سے امور میں نمایاں فرق موجود ہے۔ مکی زندگی میں دعوت کا انداز کچھ اور اور مدنی زندگی میں آپ کی دعوت کا انداز یکسر مختلف ہے۔ ان دونوں ادوار کو سامنے رکھتے ہوئے ایک داعی اپنی دعوت کو بہتر بنا سکتا ہے۔ اگر حضور اکرم ﷺ کی مدنی زندگی پر ایک طائرانہ نظر دوڑائیں تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی زندگی مہمات سے لبریز ہے۔ آپ ﷺ کے صبح و شام، دن ورات، سفر و حضر ایسی مہمات سے بھرپور ہیں کہ تاریخ اس کی بھی مثال لانے سے عاجز ہے۔ یہ مہمات آپ ﷺ کے زمانہ میں دو طرح کی تھیں:

1۔ غزوات 2۔ سرایا

---

*اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، اسلام آباد

15۔ذہبی، تذکرۃ الحفاظ، دارالکتب العلمیہ لبنان، بیروت۔1998، ص؛1/89
16۔ذہبی، تذکرۃ الحفاظ،1/97
17۔ سورۃ یونس:10/15
18۔ سورۃ البقرۃ:2/180
19۔الترمذی، محمد بن عیسی ترمذی، الجامع، مکتبہ العلم، لاھور،2003، حدیث:2120
20۔ سورۃ النسآء:4/59
21۔ سورۃ النجم:53/3-4
22۔ سورۃ یوسف:12/70
23۔ سورۃ یوسف:12/76
24۔ سورۃ البقرۃ:2/154
25۔ سورۃ الکہف:18/23
26۔ سورۃ ھود:11/36
27۔ سورۃ ھود:11/39
28۔ سورۃ الحجر:15/9
29۔ذہبی، تذکرۃ الحفاظ،1/85
30۔القشیری، مسلم بن حجاج، الجامع الصحیح، کتاب الایمان، دارالسلام، لاھور215، حدیث:93
31۔خطیب بغدادی، الکفایہ فی علم الروایہ، ص:162
32۔ذہبی، مناقب امام الاعظم، دار الصحابۃ للتراث،993ھ، ص:25
33۔ذہبی، تذکرۃ الحفاظ،1/88
34۔ سورۃ الحجرات:49/6

۲۔ انکارِ حدیث دورِ رسالت اور عہد صحابہ میں آپ ﷺ فرمان نہ ماننے اور صحابہ پر طعن و تشنیع کی صورت میں تھا۔

۳۔ تابعین کے دور میں انکار حدیث کو یہود نے پروان چڑھایا۔

۴۔ دور حاضر میں انکار حدیث کے لیے مستشرقین نے نادان مسلمانوں دوستوں سے بھی حاصل کی، ان کی کوئی صور واشکال ہیں۔

۵۔ دوسرا اہم فتنہ وضعِ حدیث کا تھا، جس کا آغاز خلافت راشدہ کے بعد ہوا۔

۶۔ وضع حدیث کے بنیادی اسباب مذہبی و سیاسی گروہ بندی تھی۔ اس فتنہ کا ارتکاب میں مسلم اور غیر مسلم برابر شریک رہے۔

۷۔ فتنہ انکار حدیث اور وضع حدیث کے تابڑ توڑ حملوں کے دفاع کے لیے اللہ تعالیٰ نے مردانِ حق پیدا کیے۔

۸۔ علماء حدیث ورجال نے نہ صرف اس فتنہ کا پردہ چاک کیا بلکہ ان کے اعتراضات کے جواب دے کر انہیں خاموش کروادیا۔

## حواشی و حوالہ جات

1۔ صفی الرحمن، حجیت حدیث، مکتب التعاونی، ریاض، 2011، ص:22

2۔ ابن حجر، لسان المیزان، مکتب المطبوع الاسلامیہ، حلب، 2002، 3/390

3۔ ابن حجر، لسان المیزان، 3/992

4۔ ابن حجر، لسان المیزان، 3/190

5۔ عبد الرؤف ظفر، التحدیث فی علوم الحدیث، مکتبہ قدوسیہ، لاہور، 2008، ص:33

6۔ ڈاکٹر خالد محمود، اثار الحدیث، دار المعارف، لاہور، 2018، 2/402

7۔ صفی الرحمن، حجیت حدیث، ص:45

8۔ صفی الرحمن، حجیت حدیث، ص:46

9۔ غلام احمد پرویز، معارف القران، ادارہ طلوع اسلام، لاہور، 1960، 4/632

10۔ تقی الدین ابن الصلاح، مقدمہ ابن الصلاح، دار الفکر المعاصر، بیروت، 1970، ص:47

11۔ احمد بن حنبل، المسند، دار الحدیث، قاہرہ، 1969، 1/131

12۔ محمد بن یزید بن ماجہ، سنن ابن ماجہ، دار الحدیث، قاہرہ، 1969، حدیث:3982

13۔ خطیب بغدادی، الکفایہ فی علم الروایہ، مکتبہ العلمیہ، مدینہ منورہ، 1410ھ، ص:130

14۔ الذہبی، سیر اعلام النبلاء، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، 2001، 2/125

احادیث موجود ہیں جو خود ہی اپنے وضع ہونے کی گواہی دیتی ہیں۔ ابنِ حجرؒ نے فرمایا کہ معنی میں گھٹیا پن اصل رکاکت ہے، جہاں کہیں اس طرح کے الفاظ ہوں وضع کی دلیل ہوں گے۔

۲۔ فساد معنی، جیسے وہ احادیث جس کو عقل مسترد کر دے، جیسے کہ یہ حدیث "بینگن اس کے لیے جو اسے کھائے، بینگن میں تمام بیماریوں سے شفاء ہے۔" یا حدیث کو برا انداز دینا، جیسے حدیث، "اگر چاول انسان ہوتا تو بردبار ہوتا، جب بھی کسی بھوکے نے استعمال کیا آسودہ ہو گیا"۔ ابنِ قیم الجوزیہؒ نے کہا یہ ان بھدی باتوں میں سے ایک ہے جسے عقل تسلیم نہیں کرتی اور عاقل اس قسم کی لغوبات منہ سے نہیں نکالتا، چہ جائے کہ سید الانبیاء ﷺ اپنی زبان سے ایسی باتیں ادا کریں۔ اسی طرح یہ حدیثکہ "جس نے سفید مرغی اپنے پاس رکھی نہ شیطان کا اس پر اثر ہو گا، نہ جادو کام کرے گا"۔

ایسی ساری حدیثیں جن میں ایسی باتوں کا ذکر موجود ہو، جو ذی عقل لوگوں سے بعید ہوں۔ مثلاً مومن میٹھا ہوتا ہے اور مٹھاس پسند کرتا ہے یا کہکشاں جو آسمان پر نظر آتی ہے اس اژدھے کی رگ ہے جو زیر عرش پایا جاتا ہے۔

۳۔ کتاب یا سنت متواتر، یا اجماع قطعی یا سنت کی صریح مخالف بات۔ ابن قیم الجوزیہؒ کہتے ہیں کہ موضوعات میں وہ حدیثیں جو قرآن کے صریح مخالف ہوں، جیسے دنیا کی عمر کی حدیث کہ دنیا سات ہزار سال پرانی ہے اور ساتویں ہزار تک جائے گی، یہ کھلا جھوٹ ہے

۴۔ اسی طرح سے ایسی حدیثیں جن سے صحابہ کے کتمان حق اور صحیح بات نقل نہ کرنے کا اثبات ہو وہ ساری حدیثیں گھڑی ہوئی ہیں، ان کا کوئی سر پیر نہیں۔

۵۔ ایسی حدیثیں جو تاریخی حقائق کو مسخ کر کے پیش کرتی ہوں اور رسول خدا ﷺ کی زندگی کا ایک دوسرا ہی رخ بنا دیتی ہوں، یا کسی دوسرے قرینہ سے ان کی غلط بیانی و دروغ بافی ثابیت ہو جائے۔ جیسے اہل خیبر سے جزیہ کے خاتمہ کی روایتیں مختلف وجوہ سے غلط بیانی ہے۔ پہلی غلط بیانی اس روایت میں سعد بن معاذؓ کی شہادت روایت کی گئی ہے، حالانکہ سعد اس واقعہ سے کئی سال پہلے غزوۂ خندق میں انتقال کر چکے ہیں وغیرہ۔

یہ قواعد و ضوابط تھے جنہیں گرامی و باریک بیں علماء نے، جو امت میں علم کا معیار تھے، موضوع حدیثوں کو صحیح حدیثوں سے ممتاز کرنے کے لیے بنائے تھے۔ مزید براں انہوں نے موضوع حدیثوں کے بخئیے ادھیڑ کر رکھ دیئے۔ ان موضوعات کو بھی مجلدات کثیرہ میں اکٹھا کر کے شائع کر دیا۔ یہ ضوابط سند و متن حدیث دونوں میں برتے گئے۔ ان کی مساعی صرف سند تک ہی محدود نہیں تھیں، بلکہ متن کو بھی بڑی عرق ریزی سے پرکھ کر صحیح کو سقیم سے الگ کر دکھایا۔

## نتائج البحث:

۱۔ فتنہ انکارِ حدیث اتنا قدیم ہے کہ جتنا علم حدیث خود۔

۳۔ راوی جو کذب کے لیے معروف و مشہور ہو، اپنی روایت میں منفرد ہو، کسی دوسرے ثقہ سے روایت نہ پہنچی ہو، ایسی روایت کو وضع کی ہوئی بلا جھجک کہہ سکتے ہیں۔ باریک بیں علماء نے امت کے کذابین کی فہرست تیار کر لی ہے اور جس انداز کا جھوٹ ان کذابین نے روایت میں بیان کیا ہے اسے بھی واضح کر دیا ہے۔

۴۔ وہ قرائن جن سے وضع کا پتہ لگایا جائے، راوی کے حالات سے استدلال کرتے ہیں۔ جیسا کہ مامون بن احمد کے ساتھ ہوا کہ اس کی موجودگی میں حسنؒ کا ابوہریرہؓ سے حدیثیں سننے کے بارے میں اختلاف ہوا اور اسی مجلس میں چند لمحہ بعد اپنی سند بغیر کسی خدشہ کے رسول خدا ﷺ سے ملادی، اور کہا کہ حسنؒ نے ابوہریرہؓ سے سنا۔

**ب۔ متن میں وضع کی علامتیں:**

امام ابن قیم الجوزیہؒ نے بیان کیا کہ مجھ سے دریافت کیا گیا کہ بھلا سند پر مقرر کئے ہوئے کسی ضابطہ سے موضوع روایت کی معرفت ممکن ہے؟ یہ ایک اہم سوال تھا۔ یہ تو وہی شخص بتا سکتا ہے جس نے سنت صحیحہ کی معرفت میں ہڈی پسلی ایک کر دی ہو۔ سنت اس کا گوشت پوست بن گئی ہو اور اسے سنت کو جانچنے کا ملکہ حاصل ہو۔ سنن و آثار کے جانچنے میں خصوصی ملکہ و پرکھ حاصل ہو، خود پیامبر ﷺ سے اس کی ایسی نسبت ہو کہ اس سے وہ حضور ﷺ کی سنت کو فوراً بھانپ جائے کہ حضور ﷺ کس چیز کی نہی فرما سکتے ہیں اور کس کی خبر دے سکتے ہیں۔ کس بات کی طرف بلا سکتے ہیں، آپ ﷺ کیا پسند کرتے ہیں، کیا ناپسند فرماتے ہیں اور امت کو شریعت کا کیا پیام دے سکتے ہیں۔ جیسے وہ رسول ﷺ کے ساتھ رات دن بیٹھنے والا رہنے والا اور آپ کا صحابی ہو۔ ایسا ہی شخص رسول ﷺ کے احوال، ان کی سنتوں اور ان کی گفتگو سے واقف ہو سکتا ہے۔ اسے اس کا بھی شعور ہو گا کہ کیا بیان کرنا چاہیے، کیا بیان نہ کرنا چاہیے۔ ہر عاشق اپنے محبوب کا اداشناس ہوتا ہے، ہر وقت وہ اس کی باتوں اور اندازو کردار کے بارے میں معلومات حاصل کرتا رہتا ہے۔ اس کی طرف منسوب غلط و صحیح کی تمیز کرتا ہے۔

ابن دقیق العیدؒ نے بیان کیا کہ بہت سے لوگ ایسا بلند ذوق رکھتے ہیں کہ وہ واضع حدیث سے حدیث سنتے ہی واقف ہو جاتے ہیں۔ وہ روایت والفاظ حدیث کے سنتے ہی فیصلہ کر لیتے ہیں کہ یہ نبی کریم ﷺ کا قول ہو سکتا ہے یا نہیں۔ چونکہ ان کو دن رات نبی کریم ﷺ کی گفتار و کردار کے سلسلے میں آنے والے الفاظ اور ان کے استعمال سے واقفیت ہوتی ہے۔ اس لیے ان میں ایک ملکہ اور ہیئت نفسانیہ پیدا ہو جاتی ہے جس سے وہ پیامبر ﷺ کے اقوال کی تمیز غیر اقوالِ پیامبر سے کر لیتے ہیں۔ اس طریقہ سے مرویات کے لیے قرائن کا تعین راوی کے حالات کے تعین سے زیادہ آسان ہے۔

**وضع حدیث فی المتن کے قرائن :**

ا۔ روایت کے الفاظ کا گھٹیا پن، کہ اس کو سن کر رسول اللہ ﷺ کے لغت، ادب اور فصاحت کے بارے میں غیر معمولی شدبدرکھنے والا سمجھ لیتا ہے کہ یہ پیامبر کا فرمان نہیں ہے۔ بہت سے فرسودہ اور بے معنی الفاظ پر مشتمل

رسول ﷺ کے سلسلے میں جھوٹ بولنے کی تہمت سے بری ہو۔ چوتھا وہ شخص جو صاحب فضل بھی ہو اور صالح بھی ہو، عبادت گزار بھی ہو لیکن اسے حدیث کے بارے میں علم نہ ہو کہ واقعی یہ حدیث ہے تو کس درجہ کی ہے۔

امام شافعیؒ نے کہا کہ ابن سیرینؒ، ابراہیم نخعیؒ اور طاؤسؒ کے سوا بہت سے تابعین کا کہنا ہے کہ حدیث صرف ایسے ثقہ راوی سے قبول کی جائے جو روایت کے بارے میں واقف ہو، حافظ حدیث بھی ہو اور علمائے حدیث میں سے کسی کو اس کی رائے کی مخالفت کرتے نہ سنا گیا ہو۔ یہی انداز ہمیشہ سے اہل معیار کا تھا، اس کا سلسلہ صدر اسلام سے لے کر تدوین حدیث کے رواج تصنیف تک یکساں رہا۔ کچھ راویوں کو قبول نصیب رہا، کچھ کو لوگوں نے ترک کر دیا، حتیٰ کی علم الجرح والتعدیل کی تکمیل عمل میں آگئی۔ تاریخ عالم میں نہ پہلے دنیا کی کسی قوم کو یہ شرف حاصل ہوا، نہ موجودہ متمدن دنیا میں کسی کو یہ فخر نصیب ہوا کہ اسماء الرجال کے فن کو مسلمانوں کے انداز پر دنیا کے سامنے پیش کر سکیں۔ مسلمانوں نے اس علم سے دنیا کو روشناس کر کے اپنی مثال قائم کر دی، اس پُر خطر اور عظیم علم (علم رجال) کے ذریعہ ۵ لاکھ (پانچ لاکھ) افراد کے حالات و سوانح باریک بینی کے ساتھ سامنے لائے گئے۔

## ۵۔ موضوع احادیث کو جانچنے کے بنیادی اصول :

جس طرح علماء نے صحیح حسن، ضعیف حدیثوں کی تمییز کے لیے بہت سے قواعد مرتب کئے ہیں وہیں موضوع حدیثوں کی معرفت کے لیے بھی کچھ اصول مرتب کئے۔ چنانچہ سندِ حدیث میں گھڑی حدیثوں کی معرفت اور متن میں گھڑی ہوئی حدیثوں کی علامات و نشانیاں الگ الگ بیان کیں، ذیل میں ہم اس پر گفتگو کریں گے۔

### الف۔ سند میں وضع کی علامات :

۱۔ راوی حدیث کذب کا اعتراف کرے اور اپنی روایت کی خود سازی کا اقرار کرے جیسا کہ عبد الکریم وضاع حدیث نے اور ابو عصمت نوح ابن مریم نے لکھا۔ اسی طرح ابو جزی نے اپنے بستر علالت میں اعتراف کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اگر موت مسلط نہ کر رکھی ہوتی تو میں کیسے اعتراف و اقرار کرتا مگر اسی نے مجبور کیا۔ میں تمھارے سامنے اعتراف کرتا ہوں کہ میں نے فلاں فلاں حدیث وضع کی تھی، اب میں استغفار کرتا ہوں اور گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔ اب اس سے بڑی دلیل وضع حدیث میں اور کیا ہو سکتی ہے۔

۲۔ کوئی قرینہ جو وضع حدیث کے اعتراف میں شاہد ہو مثلاً ایسے شخص سے روایت جس سے اس کی ملاقات نہ ہوئی ہو یا ایسے شخص سے روایت جو دوسرے شہر میں ہو اور وہاں تک راوی کا جانا ثابت نہ ہو، یا ایسے شخص سے روایت جو راوی کی موت کے بعد پیدا ہوا ہو یا شیخ کا انتقال اس وقت ہوا جب راوی اتنا چھوٹا تھا کہ وہ کوئی بات نہ سمجھتا ہو۔

دنوں کا تعین کرتے۔ چنانچہ ابو زید انصاریؒ فرماتے ہیں کہ بارش ہو رہی تھی، ہم شعبہؒ کے پاس حاضر ہوئے، انہوں نے فرمایا کہ آج حدیث بیان کرنے کا دن نہیں ہے بلکہ آج غیبت کا دن ہے۔ ہم جھوٹوں کا پول کھولتے ہیں۔ اپنے شاگردوں اور رفقاء کو حکم دیتے کہ جن رواۃ سے غلطی ہوتی رہتی ہے ان کے حالات واضح کرتے رہو۔ ناقدین رجال، رجال حدیث پر نقد کرتے وقت بڑی گہری نگاہ رکھتے، محدثین کی پوری تاریخ سے واقف ہوتے۔ ان کے اچھے برے کو جانتے پہچانتے۔ چنانچہ شافعیؒ اپنے بارے میں فرماتے ہیں:

"وَاللهِ لَوْ اَصَبْتُ تِسْعاًوَّتِسْعِیْنَ مَرَّۃًوَّاَخْطَأْتُ مَرَّۃًلَعَدُّوْا عَلَیَّ تِلْکَ الْوَاحِدَۃ[33]

"اگر میری باتیں ۹۹ فیصد صحیح ہوتیں اور کہیں ایک فیصد میری بات غلط ہو جاتی تو ناقدین اس ایک کو میرے کھاتے میں ڈال دیتے۔"

ظاہری تڑاک بھڑاک سے وہ دھوکہ نہ کھاتے، یہ ساری باتیں اخلاص پر مبنی ہوتیں اللہ تعالیٰ کے لیے عمل میں لائی جاتیں، اسی کو اختیار کرتے جس سے ان کا دل مطمئن ہوتا، تاکہ دین کی صحیح خدمت انجام دے سکیں اور شکوک کا خاتمہ کر سکیں۔

اس جرح و تعدیل کی بنیادیں کبار صحابہؓ و تابعینؒ و تبع تابعینؒ نے شریعت حنیفیہ اور مرضی رسالت ﷺ کے مطابق رکھی تھی۔ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اِنْ جَاءَکُمْ فَاسِقٌ بِنَبَاءٍ فَتَبَیَّنُوْا اَنْ تُصِیْبُوْا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰی مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِیْنَ۔[34]

"اے قوت یقین کے مالک مسلمانو، اگر تمہارے پاس کوئی فاسق کوئی اطلاع لائے تو اس کو خوب جانچو کہ کہیں کسی قوم پر اپنی ناواقفیت کی بناء پر پل پڑو پھر بعد میں کئے ہوئے پر پچھتاوا ہو"۔

محمد رسول اللہ ﷺ نے بِئْسَ أَخُوالعَشِیْرَۃِ فرما کر جرح کی بنیاد استوار فرمادی اور اِنَّ عَبدَاللهِ رَجُلٌ صَالِحٌ فرما کر تعدیل کی اساس رکھ دی۔ سخاویؒ نے لکھا ہے کہ رجال پر گفتگو کرنے والے نجوم ہدایت ہیں جو تاریکیوں کے چراغ ہیں جن کی روشنی میں خراب چیزوں کو نکال کر الگ کر دیا گیا۔

جب تابعین کا دور بھی قریب الختم ہو گیا، جو دوسری صدی کے نصف تک تھا اس وقت ائمہ حدیث کی ایک جماعت نے جرح وتعدیل کا سلسلہ شروع کیا۔ چنانچہ امام ابو حنیفہؒ نے کھلے لفظوں میں فرمایا کہ میں نے جابر جعفی سے زیادہ جھوٹا کسی کو نہیں پایا۔ امام مالکؒ نے خوب کہا ہے کہ علم حدیث چار سے نہ لیا جائے، ان کے سوا دوسروں سے لیا جاسکتا ہے۔ ھوا پرست جو لوگوں کو برائیوں کی دعوت دیتا ہو، نہ کسی ایسے اناڑی سے جس کی بیوقوفی سے سبھی واقف ہوں، اگرچہ روایتیں خوب بیان کرتا ہو، اور ایسا شخص جو بات بات میں جھوٹ بولنے کا عادی ہو گو وہ حدیث

کہ میں نے اسے حسن سے نہیں سنا ہے اور قسم کھائی کہ حدیث نہ بیان کروں گا، عمرو انماطیؒ بیان کرتے ہیں کہ پھر میں نے اس سے تحریر لکھوائی اور اس پر گواہیاں بھی لی۔[32]

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جھوٹے چھپتے پھرتے اور حتی الامکان بے موقع جھوٹ بولنے سے پرہیز کرتے۔ عوام بھی اس طریق کار کو اچھی نظر سے دیکھتے وہ کم درجہ کی حدیث بیان کرنے والوں اور ثقات کے مابین تمیز کرنے لگے۔ جس کا ثبوت یہ ہے کہ ابن حجرؒ نے یزید بن ہارونؒ سے بیان کیا کہ جعفر بن زبیرؒ اور عمران بن حُدیرؒ ایک ہی مسجد میں نماز پڑھتے، جعفر کے پاس بھیڑ لگی تھی، عمران کے پاس کوئی نہ تھا۔ شعبہؒ وہاں سے گزرے تو اس صورت حال پر تعجب کا اظہار فرمایا اور لوگوں سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ تف ہے تم پر سب سے بڑے کذاب کے گرد جمع ہو اور صادق ترین کو چھوڑے بیٹھے ہو۔ تھوڑی ہی دیر بعد وہ بھیڑ چھٹ کر عمران کے پاس آگئی اور جعفر کے پاس کوئی نہیں رہا۔ سفیان ثوریؒ کے زمانے میں لوگوں کو جھوٹ کی جسارت نہ ہوتی تھی اس لیے کہ وہ جھوٹوں پر بہت زیادہ متشدد تھے، ان کے پول کھول دیتے، بخیے ادھیڑ دیتے۔ قتیبہ بن سعید نے اس سلسلے میں ہی یہ بات کہی کہ اگر ثوری نہ ہوتے تو پرہیز گاری اور احتیاط فنا ہو چکا ہوتا۔

### ۴۔ راوی کے حالات کی چھان بین:

صحابہؒ تابعینؒ، تبع تابعینؒ رواۃ حدیث کی معرفت یقینی طور سے رکھتے۔ ان کی پوری ہسٹری، ان کے سچے جھوٹے ہونے کا علم پوری طرح حاصل کرتے تا کہ حدیث صحیح کو جھوٹی حدیث سے پوری طرح متمایز کر سکیں۔ اس کے لیے ان کی زندگی ان کی تاریخی احوال اور زندگی کے تغیرات، ماحول و مزاج کی تبدیلیاں غرض ان کی پوری ہسٹری نظر میں رہتی، جس طرح کہ وہ (احفظ اور اضبط) زیادہ حفظ و ضبط والے اور صحبت و ہم نشینی کے بارے میں بھی مدارج رواۃ سے واقف ہوتے۔ اسی کو سفیان ثوریؒ نے ان لفظوں میں بیان کیا کہ رواۃ نے جب دروغ بافی اختیار کی تو ہم نے ان کی تاریخ خوانی ضروری جانی۔ رواۃ کے حالات دریافت کرتے، اسے بیان کرتے، اس کی جانچ کرتے، ان کی تعدیل و جرح اللہ تعالیٰ کے لیے عمل میں لاتے۔ اس میں وہ کسی خوف کا گذر نہ ہونے دیتے، نہ کسی قسم کی رعایت ملحوظ رکھتے۔ کسی محدث کو ایسا نہیں پایا گیا کہ وہ حدیث کے معاملہ میں اپنے بھائی، باپ اور اولاد کی رعایت کرتا ہو۔ چنانچہ زیدؒ ابن ابی انیسہ کو ہی دیکھئے، لوگوں کو روک رہے ہیں، لَاتَاخُذُوْا عَنْأَخِیْ، میرے بھائی سے حدیث نہ لو۔

علیؒ بن مدینی سے ان کے والد کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے صاف کہا کہ ان کے حالات دوسروں سے دریافت کرو۔ لوگ نہیں مانے پھر آپ کے پاس آئے، دروازہ کھٹکھٹایا، آپ نے سر اٹھایا اور صاف کہہ دیا کہ اللہ کیلئے سچ بولونگا، وہ ضعیف ہیں۔ وکیعؒ بن جراح جن کے والد بیت المال کے ذمہ دار تھے وہ جب اپنے والد سے روایت کرتے تو ان کے ہمراہ کسی اور کو بھی شریک کر دیتے۔ نقاد، حدیث رجال کے حالات پر گفتگو کرنے کے لیے اوقات مقرر کرتے،

نقل کیا ہے کہ میں تین تین سفر ایک حدیث کے لیے کیا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ امام شعبیؒ نے ایک حدیث بیان کی اور سامع سے فرمایا کہ لو تمہیں یہ بلا مشقت مل گئی ورنہ حدیث کے لیے تو لوگ مدینہ کا دور دراز سفر کرتے۔

تابعین اور تبع تابعین حدیث کی تکرار کرتے رہتے، جو حدیث معروف معلوم ہوتی اسے لے لیتے اور جو منکر ہوتی اسے ترک کر دیتے۔ امام اوزاعی فرماتے ہیں کہ ہم حدیث کو سن کر اپنے زمانے کے محدثین کے سامنے پیش کرتے، جیسے درہم کو صراف کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ وہ کسوٹی پر جانچ کر بتلائے۔ اس طرح محدثین جس حدیث کی تصدیق کرتے ہم اسے لے لیتے اور جسے ترک کرتے ہم بھی اسے رد کر دیتے۔ اس زمانے کے محدثین بیداری اور باخبری میں بے مثال تھے۔ انہیں صحیح، ضعیف اور موضوع ہر قسم کی حدیثیں یاد رہتیں جس کی وجہ سے وہ حدیث میں کسی گھپلے کو سمجھنے پر پوری طرح باخبر تھے۔ صحیح حدیثوں کو موضوع احادیث سے متمیز کرنے کا ملکۂ تام رکھتے تھے۔ اس سلسلے میں سفیان ثوری کی یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ میں حدیث کی تین طرفہ روایت کا قائل تھا۔ ایک شخص سے حدیث لے کر اسے دین کا حصہ بنالیتا، دوسرے سے حدیث سن کر اسے موقوف کر دیتا، تیسرے کی حدیث کو کوئی اہمیت نہ دیتا، اور اس شخص کی حقیقت دریافت کرتا۔

## ۳۔ کذابین کی تلاش :

علماء قبول حدیث میں ایک طرف محتاط تھے تو دوسری جانب بعض علماء کھلے طور سے کذابین سے نبرد آزما تھے، ان کو حدیث بیان کرنے سے روکتے تھے۔ ضرورت کے وقت طاقت کا ستعمال بھی جائز سمجھتے تھے۔ چنانچہ امام شعبیؒ جو ابن الصالح صاحب التفسیر کے ہمراہ اس کا کان پکڑے گزر رہے تھے اور یہ فرماتے جاتے تھے، بے حیا قرآن پڑھ نہیں سکتا اور قرآن کی تفسیر کرتا پھرتا ہے۔ امام شافعیؒ بیان کرتے ہیں کہ اگر شعبیؒ نہ ہوتے تو حدیث کا چلن عراق میں نہ ہوتا۔ وہ ایک شخص کے پاس آئے اور فرمایا کہ اب حدیث مت بیان کرنا ورنہ قانونی کاروائی کروں گا۔ شعبہؒ کذابین حدیث کے بارے میں نہایت متشدد تھے، عبد الملکؒ بن ابراہیم جدی (جو موثوق بہ اور امانت دار تھے) نے بیان کیا کہ میں نے شعبہؒ کو غضبناک انداز میں تیزی سے آگے بڑھتے دیکھا تو میں نے کہا ابو بسطامؒ ٹھہریئے، کیا بات ہے؟ انہوں نے مجھے اینٹ کا ٹکڑا دکھایا جو ہاتھ میں لیے ہوئے تھے اور فرمایا کہ جعفر بن زبیر کذاب کو سزا دینے جارہا ہوں جو رسول خدا ﷺ پر جھوٹ باندھتا رہتا ہے۔ جس نے چار سو جھوٹی حدیثیں رسول اللہ ﷺ سے روایت کی تھیں۔

امام سفیان ثوریؒ بھی کذابین حدیث کے بارے میں بہت سخت تھے، جھوٹوں کے عیب کی پردہ پوشی ایک لمحہ کے لیے بھی برداشت نہ تھی۔ ابن ابی غنّیہ بیان کرتے ہیں کہ: "سفیان ثوری سے زیادہ اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے والا میں نے کسی کو نہ پایا وہ کذابین سے کبھی خوفزدہ نہ ہوئے"۔ حماد مالکی نے جو کذاب تھا ایک حدیث بیان کی اور عمر وانماطیؒ اس کے پاس آئے، انہوں نے اس سے کہا کہ میں جب تک تمہیں سزا نہ دلا دوں گا چھوڑوں گا نہیں، پھر اس نے اس کا اقرار کیا

اپنے لیے فرض کر لیا۔ چنانچہ بعض محدثین اس مسئلہ میں اتنی شدت برتتے کہ حدیث بلاسند کو ایسا مکان جس میں نہ چھت ہو نہ ستون سے تشبیہ دیتے۔ جس کو بعضوں نے شعر میں اور بھی واضح کر دیا ہے۔

وَالْعِلْمُ اِنْ فاتَهُ اِسْنَا دُ مُسْنَدِهِ　　　كَا لْبَيْتِ لَيْسَ لَهُ سَقْفٌ وَلَا طُنُبُ

"بلاسند کی حدیثیں ایسی ہیں جیسے گھر، کہ جس میں سر چھپانے کو نہ چھت نہ ستون[31]"

محدث حدیث کو سند کے ساتھ بیان کر کے بہر حال اپنا مقام بلند کر لیتا ہے اور رسول خدا ﷺ تک بات کے سچ ہونے کے بارے میں اسے دلی اطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔

## ۲۔ حدیث کی چھان بین کیلئے جدوجہد میں اضافہ:

اللہ تعالیٰ کا کرم بے پایاں ہے کہ اس نے صحابہ رضوان اللہ علیہم کو تمام ملکوں اور شہروں میں مختلف ضرورتوں کے پیش نظر پھیلا دیا۔ ان صحابہ میں سے بعض نے عمر دراز پائی جس سے انہوں نے سنت کی حفاظت میں اور فتنہ کو دبانے میں بڑی اہم خدمات انجام دیں۔ اس طرح ان سے شر پسند طبقہ کا (جس نے رسولِ اللہ ﷺ پر افترا اور جھوٹ باندھنے میں کوئی جدوجہد باقی نہیں چھوڑی) قلع قمع کرنے میں بڑی مدد ملی۔ طالبین علمِ رسول، صحابہ سے حدیثیں سنتے، اگر صحابہ کے سوا کسی اور سے وہ حدیث سنتے تو جو صحابی بھی ان کے ارد گرد علاقوں میں مقیم ہوتا یا بطور مسافر کے مل جاتا تو اس سے ملکر وہ سنی حدیثوں کی تصحیح کر لیتے۔ اس طرح کھرے اور کھوٹے کی تمیز ابتدا ہی میں ہو جاتی۔

طالبین حدیث کی ایک بڑی جماعت سفر کر کے صحابہ تک پہنچتی، اس کے لیے دشوار گزار راستے، جنگل و بیابان کا سفر طے کرتی تا کہ تابعی سے سنی ہوئی حدیثوں کی تائید و تصحیح عمل میں لائی جاسکے۔ ابو العالیہؒ کا قول ہے کہ ہم حدیث رسول اکرم ﷺ بصرہ میں سنتے تو جب تک کہ مدینہ پہنچ کر اس کی مزید تصدیق نہ کر لیتے دل مطمئن نہ ہوتا۔ اس لئے ہم سفر کرتے، مدینہ پہنچ کر ان صحابہ سے بالمشافہ سنتے تو تسکین ہوتی۔ خود صحابہ بھی لوگوں سے حدیث بیان کرتے، سنت کی اشاعت کے لیے سفر کرتے۔

تابعین اور تبع تابعین کے زمانے میں یہ اسفار بڑے پیمانے پر ہونے لگے، تا کہ وہ ثقات سے حدیث کو حاصل کریں۔ سنی ہوئی حدیثوں کا مذاکرہ کر کے صحیح طور پر یاد رکھ سکیں۔ ابو درداءؓ سے دمشق جا کر حدیث سننے کے لیے بہت سے تابعین آمادہ ہوئے۔ جس طرح کہ ابن شہاب زہریؒ نے عطاء بن یزیدؒ، ابنِ محیریزؒ اور ابن حیوہؒ کی خدمت میں شام پہنچ کر حدیث اخذ کی۔ یحییٰ بن کثیرؒ نے مدینہ کا سفر کیا تا کہ صحابہ کی اولاد میں جو لوگ رہ گئے ہیں ان سے مل کر حدیثیں حاصل کریں۔ محمد بن سیرینؒ نے کوفہ کا سفر کیا کہ عبیدہؒ و علقمہؒ و عبد الرحمان بن ابی لیلیٰؒ سے حدیثیں سنیں۔ اوزاعیؒ نے یمامہ کا سفر یحییٰ بن ابی کثیرؒ سے ملاقات کے لیے فرمایا اور بصرہ بھی آئے اسی طرح سفیان ثوریؒ نے یمن کا علمی سفر فرمایا۔ سعید بن مسیّبؒ کا کہنا ہے کہ ایک حدیث کی خاطر میں دن و رات سفر کرتا تھا۔ زہریؒ نے ابن المسیبؒ کا یہ قول

عثمانؓ کے بعد رواۃ کے سلسلہ میں چھان بین ہونے لگی، اگر وہ اہل سنت ہوتے تو ان سے حدیث روایت کی جاتی اور اگر اہل بدعت ہوتے تو ان سے حدیث روایت نہ کی جاتی[29]"

اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ صحابہؓ و تابعینؒ فتنہ سے پہلے سند کا ذکر نہیں کرتے تھے، بلکہ قاعدہ یہ تھا کہ بعض وقت تو روایت مع سند بیان کی جاتی اور بعض وقت اس کو دوسرے بیان کرنے والے نظر انداز کر دیتے، اس لیے کہ ان کی امانت اخلاص وسچائی کانٹے کی چیز تھی۔ عربوں میں سند کا رواج اسلام سے پہلے بھی تھا اسلام کے آنے ہی کی وجہ سے اسناد کی طلب و تقاضا نہیں ہوا۔ چنانچہ وہ جاہلیت میں اشعار و قصص سند سے بیان کرتے تھے۔ اسناد کا یہ التزام صغار صحابہؓ اور کبار تابعینؒ کے دور میں مروج ہوا۔ چنانچہ امام مسلمؒ نے بسند متصل بیان کیا ہے کہ "بشیر عدولی حضرت ابن عباسؓ کے پاس آئے اور حدیث بیان کرنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ابن عباسؓ نے بشیر کی حدیث کی طرف کوئی التفات نہ کیا۔ اس پر اس نے کہا کہ ابن عباسؓ! "کیا ہو گیا کہ میں حدیث رسول ﷺ بیان کر رہا ہوں اور آپ اسے سن نہیں رہے ہو؟" ابنِ عباسؓ نے جواب دیا کہ ایک وقت تھا جب ہم قال رسول اللہ ﷺ سنتے تھے تو ہماری آنکھیں اور کان سب اس کے لیے بیتاب ہو جاتے تھے۔ پھر جب لوگ رطب و یابس کے عادی ہو گئے تو اب ہم صرف معروف چیزوں ہی کو لیتے ہیں۔

اس کے بعد تابعینؒ نے اسناد کے ذکر اور اس کے التزام کو ضروری قرار دیا۔ چنانچہ ابن عبد البرؒ نے شعبیؒ سے، انہوں نے ربیعؒ بن خیثم سے بیان کیا کہ "جس نے لا الہ الا اللّٰہ کہا اور کسی کو خدا کا شریک نہ گردانا، اسی کے لیے ملک اور تعریف کا اثبات کیا کہ وہی زندگی عطا کرتا ہے اور وہی موت سے آشنا بناتا ہے، اگر یہ کلمہ دس مرتبہ کہے تو اس کو کئی غلام یا صرف ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا"۔[30]

شعبہؒ کہتے ہیں کہ میں نے فوراً ہی ربیعؒ بن خیثم سے دریافت کیا کہ اس حدیث کا راوی تم سے کون ہے؟ انہوں نے کہا کہ عمرو بن میمون الاَزدی۔ میں عمروؒ بن میمون کے پاس حاضر ہو اور ان سے دریافت کیا کہ آپ سے اس حدیث کو روایت کس نے کیا؟ انہوں نے کہا کہ عبد الرحمٰنؒ بن ابی لیلیٰ نے۔ میں ابن ابی لیلیٰؒ قاضی بصرہ و کوفہ کی خدمت میں آیا اور ان سے دریافت کیا آپ نے یہ حدیث کس سے سنی؟ انہوں نے کہا کہ ابو ایوب انصاریؓ صحابی رسول ﷺ سے۔ یحییٰ بن سعیدؒ نے کہا کہ سند کے بارے میں تفتیش کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ شعبہؒ کہتے ہیں کہ ہم قتادہ کی مجلس میں ہوتے، کوئی بات آجاتی تو میں سند دریافت کرتا تو جو بڑے لوگ ان کے ہم نشیں ہوتے، بول پڑتے کہ میاں قتادہؒ خود سند ہیں۔ میں خاموش رہتا مگر میری حاضری اکثر ہوا کرتی۔ جب بھی کوئی بات آتی مجھے یاد ہو جاتی تھی۔ قتادہؒ نے جب میرا مرتبہ پہچان لیا تو پھر مجھ سے سند بیان کرنے لگے۔ اس طرح اسناد متصل نے دھیرے دھیرے اپنا مقام پا ہی لیا اور محدثین کی عنایت و اہتمام نے عہد تابعین میں وہ دن بھی دکھائے کہ محدثین نے روایت بیان کرتے وقت پوری سند کا ذکر کرنا

عالم کے حافظہ میں محفوظ ہیں۔ اللہ کا وعدہ سچّا ہے۔ اس نے دین کو محفوظ کر دیا ہے۔ ہر شخص حافظ سنّت ہے۔ لہذا یہ کہنا کہ حدیث غیر محفوظ ہے بالکل غلط ہے۔ حدیث عملاً محفوظ ہے۔ قرآن تلاوتاً محفوظ ہے۔

## فتنہء وضع حدیث اور اس کا تدارک

### وضع حدیث:

حدیث گھڑنے والوں نے تو دین اسلام کو عظیم خطرہ سے دوچار کر دیا تھا۔ اپنے جھوٹ سے انھوں نے اسلام کا چہرہ بگاڑ دیا تھا۔ اسلام میں جن تعلیمات کا کوئی وجود نہ تھا بری طرح داخل کرنے کا تہیہ کر لیا تھا۔ مگر اللہکو یہ دین محفوظ رکھنا تھا، اس نے ان حالات میں اسلام کی حفاظت کی، اس کو تحریف و تبدیل ہونے سے بچالیا۔ رسول اللہ ﷺ کے کلام کو اہل ہوا و بدعت کی سواری نہیں بننے دیا۔ امت کو وہ علماء عطا کئے جنھوں نے مخلصین اور امانت رسول کی رکھوالی کرنے والوں کی ایک جماعت پیدا کر دی، جس نے ان بدخواہاں سنت نبی کریم ﷺ کے بخیے ادھیڑ دیئے۔ جھوٹ اور سچ کو الگ کر دکھایا۔ اللہ کا کرم ہے کہ صحابہ و تابعین اور علمائے امت نے ایسی عظیم خدمات انجام دیں ورنہ دین کا ایک بڑا حصہ لوگوں کی نظر میں مشکوک ہو کر رہ جاتا۔ اس لیے کہ حدیث گھڑے والے کذابین نے کوئی کسر نہیں چھوڑی اور نبی کریم ﷺ کی طرف بہت سی غلط باتیں محض اپنی قیمت بڑھانے کے لیے منسوب کر دیں۔ جن لوگوں کو اللہ نے نظر عطا کی ہے انھوں نے ان علماء کی کوششوں کا کھلے دل سے اعتراف کیا اور ان کی کوششوں کی قدر کی۔ ان کا سلسلہ ابتداء عصر صحابہ سے اس وقت تک جاری رہا جب تک کہ فن حدیث پوری طرح مدون ہو کر نہ آگیا۔ انہوں نے واضعین کے تمام کالے کرتوتوں کا بھانڈا پھوڑ دیا اور سنت نبی کریم ﷺ کی ایسی تنقیح کی کہ احکام شریعت اور نکھر کر سامنے آگئے۔

### وضع حدیث کا تدارک

اب ہم ان کاوشوں کا مختصر ذکر کریں گے جو علماء نے حفاظتِ حدیث کے لیے کیں۔ حدیث نبوی ﷺ کے ہر ہر رخ کی جانچ و پرکھ روایتاً و درایتاً دونوں اعتبار سے کی اور حدیث کو بڑے خطرات سے بچالیا۔

### ا۔ سند حدیث کا التزام

آغاز اسلام میں رسول اللہ ﷺ کے عہد سے لے کر شہادتِ عثمانؓ تک کوئی نہ جھوٹ بولتا نہ کسی کو جھٹلاتا، بلکہ ان کے دلوں میں وثوق بھرا ہوا تھا۔ ایمان سے ان کے قلوب معمور تھے، تا آنکہ فتنہ نے آنکھ کھولی، فرقے اور ٹولیاں بننے لگیں، اور رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ بولنے کا آغاز ہو گیا۔ ان واقعات کو صحابہ نے حفاظت حدیث کے لیے ایک فتنہ سمجھ کر احادیث کی سند پر سختی کی، اس کی جانچ شروع ہوئی، رواۃ کے بارے میں معلومات حاصل کی جانے لگیں، اس لیے کہ سند کسی کے لیے اسی درجہ ضروری ہے جس طرح صحت نسب کسی انسان کے لیے ضروری ہے۔ اس سلسلے میں امام ابنِ سیرینؒ کی بات نہایت اہم ہے۔ فرماتے ہیں: "عہدِ اول میں کوئی سند حدیث کے بارے میں سوال نہیں کرتا تھا، لیکن فتنہ

"جس طرح میں نماز پڑھتا ہوں اسی طرح تم بھی نماز پڑھو۔"

یعنی عمل کی مشق کرائی۔ یہ نہیں کہا کہ صرف اس حدیث کو یاد کر کے لکھو لیکن بعد میں زمانہ ایسا آیا کہ بد عملی بڑھی تو نصیحت کی باتیں جن لوگوں کو یاد تھیں انھوں نے لکھ لیں تا کہ نصائح مفقود نہ ہو جائیں۔

قرآن میں قصص اولین اور جملہ عقائد ہیں وہ یاد نہیں رہ سکتے تھے۔ اس لئے اُن کو لکھنے کا حکم دیا۔ اس کے علاوہ میں کہتا ہوں کہ رسول ﷺ نے قرآن کو لکھوا کر دیا تو یہ لکھ کر دینے کا حکم کہیں قرآن میں نہیں ہے۔ جہاں ہے "اتل مااوحی"، "پڑھ جو وحی کی گئی،"واذاقرء القران فاستمعوا له"، "جب قرآن پڑھا جائے تو سنو"۔ کہیں یہ نہیں کہ قرآن کو لکھو، پھر جو نبی ﷺ نے قرآن کو لکھوا کر دیا یہ کس وجہ سے دیا، یا تو وحی کے ذریعہ ان کو حکم ہوا کہ قرآن لکھوا دو۔ اگر ایسا ہے تو وحی غیر قرآن اور وحی غیر متلو ثابت ہو گئی۔ اور اگر بغیر وحی کے کیا تو ان کی رائے حجت ہو گئی۔ لہذا ان کی رائے سے قرآن لکھا گیا اور انہی کی رائے سے حدیث نہیں لکھی گئی۔ دونوں جگہ ایک ہی چیز کار فرما ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح یہ بھی وحی ہوئی کہ قرآن لکھوا دو اسی طرح یہ وحی ہوئی کہ حدیث نہ لکھواؤ تو بیشک ذاتی رائے یہ بھی ہوئی کہ حدیث نہ لکھواؤ۔

## اعتراض:

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۔[28]

"بلاشبہ ہم نے نصیحت نازل کی اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں"۔

ظاہر ہے کہ قرآن محفوظ ہے اور حدیث محفوظ نہیں ہے تو اللہ تعالیٰ نے قرآن کی حفاظت کا وعدہ کیا ہے۔ اسی سے معلوم ہوتا ہے کہ جس چیز کی حفاظت کا وعدہ کیا ہے بس وہی چیز دین ہے اور وہ چیز محفوظ ہے۔ حدیث چونکہ محفوظ نہیں ہے اس لئے نہ اللہ اس کا محافظ ہے نہ وہ ذکر ہے نہ دین۔

## ردّ:

اللہ تعالیٰ نے ذکر یعنی نصیحت کی حفاظت کا وعدہ کیا، وہ اس وعدہ میں سچا ہے وہ ذکر اور نصیحت کا محافظ ہے اور ذکر قرآن وحدیث دونوں میں ہے۔ لہذا دونوں محفوظ ہیں۔ قرآن بھی محفوظ اور حدیث بھی محفوظ ہے۔ بلکہ قرآن کے حافظ نسبتًا کم ملیں گے اور حدیث کے معانی کے حافظ ساری قوم ہے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ مسواک سُنت ہے۔ عید کے دن روزہ حرام ہے۔ زنا کی سزا رجم ہے۔ صبح کی نماز کی دو سنتیں ہیں۔ ظہر کی چھ سنیتں۔ قبر میں نکیرین سے سوال جواب ہو گا۔ عذاب قبر، ثواب قبر حق ہے۔ غرضیکہ معاملات اور عبادات کے جو طریقے حدیث نے بتائے ہیں۔ وہ ہر جاہل اور

"اور کسی کام کے بارے میں یہ نہ کہا کرو کہ کل اس کو کروں گا"۔

جیسا روح اور ذوالقرنین اور اصحابِ کہف کے سوال کے موقع پر حضور نے کہہ دیا تھا کہ کل جواب دے دوں گا۔ اور پھر کل جواب نہیں دیا۔ اس آیت سے وہی بات ظاہر ہو رہی ہے جو حدیث سے ظاہر ہو رہی ہے۔ اور جس طرح یہاں پر یہ بات نبوت کے منافی نہیں ہے۔ اسی طرح وہاں بھی نبوت کے منافی نہیں ہے۔ اس سارے بیان کا حاصل یہ ہے کہ حدیث پر جتنے اعتراضات ہیں اسی نوعیت کے اعتراضات قرآن پر وارد ہوتے ہیں۔ تو جس طرح قرآن کو قرآن ہونے سے ان اعتراضات کی بنا پر خارج نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح ان اعتراضات کی بنا پر حدیث کو حدیث ہونے سے خارج نہیں کیا جاسکتا۔

## اعتراض :

جب کہ یہ ثابت ہو چکا کہ قول رسول ﷺ حجت ہے اور احادیث شرعاً حجت ہیں اور دین یا دین کا جز ہیں تو پھر رسول اللہ ﷺ نے جس طرح قرآن کو لکھوا کر قوم کو دے دیا اسی طرح احادیث کے مجموعہ کو بھی لکھوا کر دینا چاہئیے تھا۔ لکھوا کر کیوں نہیں دیا؟

## ردّ:

احادیث کے مجموعہ کو اس لئے نہیں لکھوا کر دیا کہ احادیث کا مجموعہ وحی غیر کتاب ہے۔ کسی زمانے کے نبی نے وحی غیر کتاب کو لکھ کر نہیں دیا۔ حضرت نوح علیہ السلام کی طرف وحی کی:

وَأُوْحِيَ إِلَىٰ نُوْحٍ۔[26]

"اور وحی کی گئی نوحؑ کی طرف"۔

اور اس وحی کے متعلق تمام واقعات بیان کرنے کے بعد فرمایا۔

مَا كُنْتُ تَعْلَمُهَا أَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هَذَا۔[27]

"تو اور تیری قوم اس سے پہلے ان واقعات کو نہیں جانتے تھے"۔

نبی کی قوم سارا عالم ہے۔ اور جب کہ سارا عالم حضرت نوح والی وحی سے ناواقف ہے تو ضرور بالضرور وہ وحیاں جو غیر کتاب تھیں وہ لکھی نہیں گئیں۔ اگر لکھی جاتیں تو یہود یا نصاریٰ کوئی نہ کوئی قوم ان لکھی ہوئی وحیوں پر مطلع ہوتی۔ احادیث میں تو زیادہ تر اعمال کا ذکر ہے۔ اعمال ایسی چیزیں ہیں کہ وہ پڑھنے پڑھانے سے زیادہ تعلق نہیں رکھتے۔ اعمال تو کرنے کی چیز ہیں۔ اس لئے عمل کو نہیں لکھوایا بلکہ عمل کی مشق کرادی۔ عمل کو یاد کرانا یا پڑھوانا لکھوانا مقصود نہیں ہوتا۔ بلکہ عمل کو تو کرانا مقصود ہوتا ہے۔ اس لئے حدیث پر عمل کرایا اور اس کی مشق کرادی فرمایا۔

صَلُّوْا كَمَا رَأَيْتُمُوْنِيْ أُصَلِّيْ۔

**ردّ:**

محض ان نسبتوں سے حدیث نا قابلِ قبول نہیں ہوتی۔

ابراہیم خلیل اللہ کی طرف جو جھوٹ کی نسبت ہے اس نسبت سے بھی حدیث کو حدیث ہونے سے خارج نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر اس نسبت سے حدیث کو خارج کیا جائے گا۔ تو قرآن کو بھی خارج کیا جائے گا۔ فرمایا:

جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ [22]

"یوسفؑ نے اپنے بھائی کے سامان میں پانی پینے کا برتن رکھ دیا"۔

اور پھر یہ کہلوا دیا کہ تم چور ہو۔

ظاہر میں یہ فعل جھوٹ سے بھی بدتر ہے۔ اور فرمایا۔

كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ [23]

"یوں ہم نے یوسف کو یہ تدبیر سکھائی"۔

بہر حال قرآن میں یہ نقص نبی کی طرف منسوب ہے۔ تو چاہئیے کہ اس آیت کو قرآن سے نکال دیا جائے۔

حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے ملک الموت کے تھپڑ مارا۔ یہ بھی خلافِ عقل اور غیر معقول نہیں ہے کہ جب انسان کی فرشتہ سے ہم کلامی مان لی جو بظاہر غیر معقول ہے تو پھر ہاتھا پائی ماننے میں کیا غیر معقولیت ہے۔ دونوں ایک ہی وجہ کی باتیں ہیں۔ یعنی جو شخص کسی سے بات چیت کر سکتا ہے وہ اس کو تھپڑ بھی مار سکتا ہے۔

نیز اللہ نے فرمایا۔

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ [24]

"جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے گئے ہیں ان کو مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں۔ لیکن تم کو شعور نہیں۔"

شہید کو زندہ کہنا عقل ہی کے خلاف نہیں بلکہ حس کے بھی خلاف ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو زندہ کہا اور مزید تاکید کر دی کہ تم بے حس ہو بے شعور ہو۔ تم کو پتہ نہیں۔ شہید کی زندگی قطعی عقل میں نہیں آتی۔

تو اگر حدیث کا خلاف عقل ہونا حدیث کو خارج کر دیتا ہے۔ تو قرآن کا خلاف عقل ہونا قرآن کو خارج کر دیتا ہے۔ یعنی جو اعتراض حدیث پر ہے بالکل وہی اعتراض قرآن پر ہے اور جس طرح قرآن پر اعتراض قرآن کو قرآن ہونے سے خارج نہیں کرتا۔ اسی طرح حدیث پر اعتراض حدیث کو حدیث ہونے سے خارج نہیں کرتا۔ اور کھجور کے بارے میں جو کچھ فرمایا تھا ویسا نہیں ہوا تو یہ بالکل قرآن کے مطابق ہے۔

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا۔ [25]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

لَاوَصِيَّةَ لِوَارِثٍ۔ [19]

"وارث کے لئے وصیت نہیں ہے"۔

تواتر سے ثابت ہے کہ عمل اِسی حدیث پر رہا ہے یعنی وارث کے لئے وصیت ناجائز قرار دی گئی۔ حدیث سے قرآن کی آیت کو منسوخ کر دیا اور قولِ رسول قرآن کی آیت کے خلاف حجت اور موجب عمل رہا۔ اور اس حدیث کا موجب عمل اور حجت ہونا تواتر سے ثابت ہے، نیز اکثر دینی مسائل کا ثبوت قرآن سے نہیں حدیث سے ہے۔ لہذا قولِ رسول مستقل اور غیر مشروط حجت ہے، اور ایسے ہی اجماع بھی غیر مشروط حجت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُوْلِی الاَمْرِ کا عطف رسول پر ہے۔

اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ [20]

"رسول کا حکم مانو اور ان کا بھی جو تم میں سے حکم دینے والے ہیں"۔

اب اگر کہا جائے کہ یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ رسول کا کوئی قول قرآن کے خلاف ہو اور رسول کا قول قرآن کو نسخ کر دے تو پہلے یہ سمجھ لینا چاہئیے کہ رسول کا قول اس کا اپنا قول نہیں ہوتا۔ وہ در حقیقت اللہ کا قول ہوتا ہے۔ جس طرح قرآن اللہ کا قول ہے۔ اسی طرح رسول کا قول بھی اللہ کا قول ہے۔ اور جس طرح قرآن کی ایک آیت قرآن کی دوسری آیت کو منسوخ کر دیتی ہے۔ اسی طرح اللہ کا ایک قول یعنی قولِ رسول دوسرے قول یعنی قرآن کو منسوخ کر دیتا ہے۔ استعجاب کا باعث صرف یہ ہے کہ رسول کے قول کو رسول کا قول سمجھا جا رہا ہے۔ رسول کے قول کو بشر کا قول سمجھا جا رہا ہے۔ یاد رکھو رسول کا قول اللہ ہی کا قول ہے۔ دلیل اللہ کا یہ قول ہے۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى ۝ [21]

"وہ اپنی خواہش سے نہیں بولتا اس کا بولنا صرف وہ وحی ہے جو اس پر کی گئی ہے"۔

اس آیت نے فیصلہ کر دیا کہ دین میں نبی کا ہر قول وحی ہے۔

### اعتراض :

نبی کی طرف بے حیائی کی نسبت، جھوٹ کی نسبت غیر معقولیت کی نسبت، ناواقفیت کی نسبت جن احادیث سے ظاہر ہو۔ اُن احادیث کو ان نقائص کی بنا پر حدیث رسول سے خارج کر دینا چاہئیے یا نہیں۔ جیسا کہ بعض احادیث میں ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے تین جھوٹ بولے اور جیسا کہ مذکور ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے ملک الموت کے تھپڑ مارا اور جیسا کہ کھجور کے بارے میں حضور نے فرمایا کہ زیادہ پھل آئے گا۔ اور زیادہ پھل نہیں آیا۔ ان احادیث سے جھوٹ، نامعقولیت اور ناواقفیت نبی کی طرف منسوب ہوتی ہے۔

**اعتراض:**

سوال یہ ہے کہ اگر کوئی قول نبی ﷺ قرآن کے خلاف ہو یعنی قرآن سے کسی چیز کا جواز نکلے اور نبی کے قول سے عدم جواز یا نبی ﷺ کا قول قرآن سے زائد ہو یعنی قرآن میں اختصار ہو اور نبی کے قول میں تفصیل ہو یا قرآن میں مذکور ہی نہ ہو صرف نبی کے قوال میں مذکور ہو تو ایسی صورت میں نبی کا قول حجت ہے یا نہیں۔

**ردّ:**

ہر صورت میں نبی ﷺ کا قول حجت ہے۔ نبی ﷺ کا قول مستقل حجت ہے۔ غیر مشروط حجت ہے۔ نبی ﷺ کے قول کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ قرآن کے مطابق ہو تب تو حجت رہے اور مطابق نہ ہو تو حجت نہ رہے۔ یہ شرط غیر نبی ﷺ کے لئے ہے کہ اگر غیر نبی کا قول قرآن کے مطابق ہے جو بلاشبہ ہر غیر نبی ﷺ کا قول بھی حجت ہے۔ اگر مطابق نہیں ہے تو کسی غیر نبی ﷺ کا قول حجت نہیں ہے۔ بلکہ جس طرح قرآن کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ ہماری عقل کے مطابق ہو تو حجت ہو اور ہماری عقل کے مطابق نہ ہو تو حجت نہ ہو۔ اسی طرح نبی کے قول کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ قرآن کے مطابق ہو تو حجت ہو اور قرآن کے مطابق نہ ہو تو حجت نہ ہو۔

اس کی دلیل یہ ہے کہ قرآن کا حجت ہونا اس بنا پر ہے کہ وہ منِ جانب اللہ ہے۔ صرف من جانب اللہ ہونا قرآن کے حجت ہونے کی وجہ ہے۔ اور معجزہ من جانب اللہ ہوتا ہے۔ لہٰذا نبی اور نبی کا قول بھی معجزہ کے بعد من جانب اللہ ہو گیا۔ اور من جانب اللہ ہونا ہی حجت ہے۔

اس دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی اور قول نبی من جانب اللہ ہے۔ اور ہر وہ شئے جو من جانب اللہ ہے قابلِ عمل اور حجت ہے۔ لہٰذا نبی اور قولِ نبی حجت ہے عمل کے لیے۔ نبی کا قول قول الٰہی ہے۔ اور مِن جانب اللہ ہے۔ اس آیت سے بھی ثابت ہے۔

قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ [17]

"کہہ دے کہ مجھ سے یہ نہیں ہو سکتا کہ میں اسے اپنی طرف سے تبدیل کر دوں میں تو صرف وحی کا پیرو ہوں"۔

صاف ظاہر ہو گیا کہ نبی کا قول وحی ہے۔ قولِ الٰہی ہے۔ من جانب اللہ ہے۔ حدیث من جانب اللہ ہونے کی حیثیت سے حجّت ہے۔ اب رہی یہ بات کہ قول رسول قرآن کے خلاف ہو تو وہ بھی حجت ہے۔ اس کی دلیل قرآن میں یہ ہے۔

كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖ الْوَصِيَّةُ۔ [18]

"تم پر لکھ دیا گیا ہے اچھے طریقے کے ساتھ وصیت کرنا، جب تم میں سے کسی کو موت آ پہنچے، اگر اس نے کوئی خیر چھوڑی ہو۔

### ۶۔ مذہبی اور کلامی اختلافات:

جس طرح سیاسی ٹولیوں نے اپنی رائے کو اور اپنی جماعت کو حدیث گھڑ کے مضبوط بنایا، بالکل اسی طرح فقہی مذاہب و مذاہب کلامیہ کے پیرو بھی اپنے مذاہب کی تائید میں احادیث گھڑتے رہے۔ ان میں سے یہ حدیث بھی ہے کہ محمد بن عکاشہ کرمانی سے دریافت کیا گیا کہ کچھ لوگ اپنے ہاتھ رکوع میں اور رکوع سے اٹھتے ہوئے اٹھاتے ہیں، اس پر انہوں نے حدیث بیان کی کہ مسیب بن واضح نے انس سے مرفوعاً نقل کیا ہے کہ جو رکوع میں اپنے ہاتھ اٹھائیں ان کی نماز نہیں ہو گی۔ یا یہ حدیث کہ آسمان و زمین جو کچھ ہے وہ مخلوق ہے، بجز قرآن کے اور خدا کے۔ میرے بعد ایک امت آئے گی جو کہے گی کہ قرآن مخلوق ہے۔ جو اس بات کا قائل ہوا، اس نے کفر خدائے عظیم کیا، اس کی عورت مطلقہ ہو گئی وغیرہ۔ ان احادیث کے الفاظ ہی ان کے جھوٹا ہونے کی دلیل ہیں۔ زہیر بن معاویہ کی روایت بھی اسی کے قریب ہے کہ جس میں انہوں نے کہا کہ محرز ابو رجاء نے بیان کیا، جو پہلے قدری تھا، پھر بعد کو تائب ہو گیا تھا، اس نے کہا کہ قدریہ سے کبھی حدیث نہ لینا، اس لیے کہ ہم اپنے مذہب کی اشاعت کے لیے حدیث گھڑتے تھے، اس طرح چار ہزار قدری بتائے۔

### ۷۔ حکام کی قربت وغیرہ:

جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے اس کا کوئی ثبوت نہیں کہ خلفائے بنو امیہ سے تقرب کے لیے علمائے حدیث یا غیر علمائے حدیث نے باوجود ان کے حدیث کی طرف رغبت کے وضع حدیث سے کام لیا ہو۔ بعض ریاکاروں نے اس قسم کی حدیث بیان کر کے حکام کو راضی کر لیا ہو تو کوئی تعجب نہیں۔ عملاً اس کا حدوث دور عباسی میں ہوتا نظر آتا ہے۔ چنانچہ حکم نے بسند ہارون بن ابو عبید اللہ روایت کیا ہے کہ مہدی نے کہا کیا تو نے ملاحظہ کیا کہ مقاتل میرے بارے میں کیا کہہ رہا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ اگر آپ پسند کریں تو خلفائے بنو عباس کی فضیلت میں احادیث وضع کر دوں۔ اس نے جواب دیا کہ مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔"

غرض یہ وہ اسباب وضع حدیث ہیں جن کو علمائے حدیث و رجال نے بڑی خوبی اور تفصیل سے بیان کر کے ان کی بیخ کنی کی ہے۔

## فتنہ انکار حدیث اور اس کا تدارک:

علمائے امت نے ہر دور کے منکرین حدیث کا عقلی و نقلی دلائل سے رد کیا۔ فتنہ ء انکار حدیث کے تدارک کے لیے ان کے ہر اعتراض و سوال کا جواب دیا۔ جتنا انہوں نے حدیث کا انکار کیا حدیث اتنی ہی نکھری۔ منکرین کے چند اعتراضات اور انکار د پیش خدمت ہے۔

ہے کہ امام شعبیؒ نے کسی واعظ کی بیان کردہ حدیث کا بلاد شام میں انکار کیا، پھر کیا تھا عوام پل پڑے اور شعبیؒ کی بری طرح مرمت کی تا آنکہ شعبیؒ نے کہا کہ شیخ نے جو کہا ہے سچ ہے۔ اسی وجہ سے محدثین اپنے شاگردوں کو ان سے ملنے اور ان کی مجلسوں میں جانے سے روکتے تھے۔

ایوب سختیانیؒ فرماتے ہیں کہ سب سے زیادہ احادیث کو تباہ و برباد کرنے والے واعظین ہیں۔ بجز واعظین کے علم حدیث کو کسی نے بھی فنا نہیں کیا۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے ان علمائے رجال کو جنہوں نے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دکھایا، سچ اور جھوٹ آنکھوں کے سامنے آ گیا۔[14]

## ۵۔ جذبہ خیر وصلاح دین کے لیے وضع حدیث:

فتنوں کے پیدا ہونے کے بعد جب سیاسی مذہبی فرقوں کی بہتات ہوئی تو فرق باطلہ کے ماننے والوں نے اپنے مذہب کی تائید میں حدیثوں کو گھڑنا شروع کیا، تاکہ ان کے رہنما قائدین کی عظمت میں اضافہ ہو اور ان کے مخالفین کی قیمت کم ہو جائے۔ اس میں کچھ صالح، تارک دنیا، عبادت گزار بھی گرفتار تھے۔ جس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے امت مسلمہ کا نفاق و شقاق دیکھا تو انہوں نے مسلمانوں کو دین سے قریب کرنے کے لیے حدیثیں گھڑنی شروع کیں، تاکہ کسی کی بے قدری نہ ہو اور انتقام و مقابلہ کی آگ ٹھنڈی ہو جائے۔ انہوں نے دنیا سے بے رغبتی، آخرت کا خوف ان حدیثوں کے ذریعہ دلانا شروع کیا۔ تاکہ خوف خدا پیدا ہو کر یہ انشقاق و افتراق ختم ہو جائے۔ انہوں نے ترغیب و ترہیب کی حدیثیں وضع کیں جن کا مقصد دین کو نفع پہنچانا تھا۔ اصل میں دین سے ناواقفیت ہی اس داعیہ کا باعث بنا۔ مگر اس سے بجائے نفع کے نقصان ہی ہوا۔ ان لوگوں نے دھڑلے سے حدیثیں وضع کیں۔ جب ان کو "من کذب علی متعمدا" والی حدیث یاد دلائی جاتی تو یہ کہتے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے اوپر کذب نہیں کر رہے بلکہ ان کے لیے کر رہے ہیں۔ چونکہ یہ لوگ بظاہر صالح متقی تھے اس لئے عوام کو بڑا دھوکا ہوا، انہوں نے ان کی غلط باتوں کا انکار کرنے کی بجائے اقرار و توثیق ہی کی، اس طرح یہ لوگ اور بھی دین کے لیے مصیبت ثابت ہوئے۔ بلکہ دوسرے مضرین سے بہت زیادہ نقصان دہ ثابت ہوئے۔ اس لیے کہ ان کو لوگ صلاح زہد و تقویٰ کی خوبی کے ساتھ جانتے اور بوجھتے تھے۔ کوئی عامی ایسوں کے جھوٹ بولنے کا جلدی قائل نہیں ہو سکتا۔

محمد بن یحییٰ بن سعید قطانؒ اپنے والد کی بات روایت کرتے ہیں کہ:

"صالحین کو دیگر چیزوں کے مقابلہ حدیث میں زیادہ جھوٹا پایا"۔[15]

ابو عاصم النبیلؒ فرماتے ہیں کہ زاہد آدمی کو دیگر چیزوں کے مقابلہ حدیث میں زیادہ جھوٹا پایا۔ یحییٰ بن سعید قطانؒ کی ایک دوسری روایت میں ہے کہ میں نے خیر و زہد سے متعلق چیزوں میں ایسے ہی شخص کو سب سے زیادہ جھوٹا پایا۔[16]

دوسری حدیثیں گھڑیں۔ خدا کو سب سے زیادہ ناپسند زبان فارسی ہے کیونکہ یہ شیطان کی زبان ہے۔ اہل جہنم کی زبان فارسی ہے، اہل جنت کی زبان عربی ہے۔ یا یہ حدیث: سوڈانیوں کی بات نہ کرو، ان کی سیاہی حرام خوری و بدکاری کی وجہ سے ہے۔

اسی طرح بعض قبائل عرب کی فضیلت کی حدیثوں کا تعلق بھی اسی عصبیت سے ہے۔ یہ ساری وباء یزید بن معاویہؓ کی موت کے بعد دور اموی میں پیدا ہوئی۔ جس طرح نسل و قبائل کی فضیلت میں حدیثیں گھڑی گئیں، شہروں اور اماموں کی فضیلت میں بھی وضع حدیث کا چلن ہو گیا۔ پھر ایک تحریک جس میں دولت اسلامی کے مراکز مختلف شہروں میں منتقل کئے جانے لگے اس سے شہروں اور ائمہ کی تفضیل کے سلسلے میں وضع احادیث کا بازار گرم ہوا۔

ائمہ کے تفضیل کے سلسلہ میں جو عصبیت سامنے آئی وہ تیسری صدی ہجری کی پیداوار ہے۔ یہ عیب بھی بے علم پیروکاروں کا پیدا کردہ ہے۔ اسی تفضیل کی وجہ سے ان ائمہ کی قیام گاہوں کی تفضیل و تنقیص کی حدیثیں بنائی گئیں، مثلاً یہ کہ چار شہر جنت کے شہروں میں ہیں: مکہ، مدینہ، بیت المقدس اور دمشق۔

## ۴۔ واعظین کا وضع حدیث

خلافت راشدہ کے آخری دور میں واعظین و قصہ گویوں کی مجلسیں جمنا شروع ہو گئیں اور خلافت راشدہ کے بعد تمام ممالک اسلامیہ کی مساجد میں ان کے حلقے اور مجالس روزمرہ کا معمول بن گئیں۔ واعظین کا مقصد اکثر اپنا بھاؤ بڑھانا ہوتا، لوگوں کا کثیر مجمع جمع کرنا ہی ان کی زندگی بن گئی، ظاہر ہے مجمع اکٹھا کرنے کے لیے ایسی باتوں کی ضرورت تھی جن سے ان کے دلوں میں اثر پیدا ہو۔ اس اثر انگیزی کے لیے حدیثیں وضع کی جاتیں تاکہ ان کی جانب میلان پیدا ہو۔ لوگوں کے دلوں میں گداز پیدا ہو۔ اب کیا تھا، جھوٹی حدیثوں کا سلسلہ ان مجالس میں جاری ہوتا، جس پر واہ واہ کے علاوہ واعظین کی آؤ بھگت اور ان کی اقتصادی و مالی آسودگی کا بھی سامان ہوتا، سب سے بڑی خرابی یہ تھی کہ یہ مجمع اسے خیر جانتا اس میں کوئی برائی اور گناہ نظر نہیں آتا۔

سننے والوں کی جہالت کا یہ عالم تھا کہ وہ صرف سنتے ہی نہ تھے بلکہ اس جھوٹ بولنے یا اس جھوٹ کی مدافعت بھی کرتے، یہ عوام کسی دلیل و بحث سے کسی کی سنتے ہی نہ تھے۔ ان حدیثوں میں سے یہ حدیث ہے کہ جنت میں ایک درخت ہے کہ اس کی شاخوں سے ملبوسات زرتار نکلیں گے اور جڑوں سے ابلق گھوڑا، جس پر سونے کا جڑا نمدا ہوگا۔ موتی و یاقوت کی لڑی سے لگام بنی ہوگی، نہ پیشاب کرے گا نہ پاخانہ، اسی گھوڑے پر اولیاء اللہ بیٹھ کر جہاں چاہیں گے اڑتے پھریں گے۔

علمائے رجال نے ان واعظین کی دھجیاں بکھیر دیں، ان کے جھوٹ کو کھول کر رکھ دیا۔ واعظین کے مریدین اٹھے اور انھیں اذیت پہنچائی۔ اس سلسلے میں بہت سے لوگوں کو بڑی اذیتوں اور تکالیف سے دوچار ہونا پڑا۔ چنانچہ روایت میں

یہاں ہم ان کے کالے کرتوتوں میں سے چند بطور مثال کے ذکر کریں گے جو انہوں نے پیروانِ اسلام کے لیے رچے تھے تاکہ اسلام سے محبت کرنے والوں کو اس سے بدکادیں۔ ان میں سے یہ روایت بھی ہے کہ یہود کی ایک جماعت حضورؐ کے پاس آئی اور آپ ﷺ سے کہا کہ عرش کو کون اٹھائے ہوئے ہے؟ آپؐ نے فرمایا کہ شیروں نے اپنی سینگ پر اٹھار کھا ہے اور یہ کہکشاں جو آسمان پر نظر آرہی ہے بوجھ کی زیادتی سے نکلنے والا عرق ہے۔ یہود پکار اٹھے کہ آپ سچ کہتے ہیں آپ رسول ہیں۔ ابو القاسم بلخی نے کہا کہ یہ من گھڑت ہے، دنیا جانتی ہے کہ مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے اور قرآن نے اعلان کیا ہے کہ حاملین عرش فرشتے ہیں۔ جو دین محمد ﷺ کو نہ جانتا ہے نہ سمجھتا ہے اس طرح کی اکاذیب پر وہی ایمان لائے گا۔

زنادقہ اسلام کے لیے سب سے زیادہ ضرر رساں ثابت ہوئے یہ لوگ کھلا جھوٹ بولتے۔ عبد الکریم بن ابی العوجاء نے اپنے قتل سے پہلے ان باتوں کا اعتراف کر لیا تھا کہ میں جھوٹی حدیثیں بنایا کرتا تھا اور یوں بیان کیا:

> "بخدا میں نے تم میں چار ہزار حدیثیں گھڑیں جن میں حلال کو حرام بنایا اور حرام کو حلال۔
> مہدی نے بیان کیا کہ زنادقہ میں سے ایک شخص میرے پاس آیا اور اقرار کیا کہ میں نے چار ہزار حدیثیں گھڑیں جو عام چلن بازار ہیں۔"

حماد بن زید فرماتے ہیں کہ زنادقہ نے بارہ ہزار حدیثیں رسول اللہ کے خلاف گھڑیں ہیں اور انہیں لوگوں میں پھیلایا، ایک روایت میں ہے کہ چودہ ہزار حدیثیں گھڑیں اور پھیلائیں۔ مگر اللہ بھلا کرے ان علمائے علم حدیث کا جنہوں نے ان حدیثوں کی نشاندہی کر کے دین محمد ﷺ کا چہرہ بگڑنے نہیں دیا۔

## ۳۔ قومیت اور امامت کے لیے وضع حدیث

امویوں نے حکومت کے کاروبار کو چلانے کے لیے محض عربوں کو ہی حصہ دار بنایا اور عرب و عربیت کا تعصب سب سے پہلے انہوں نے ابھارا۔ بعض عربوں نے دنیا کے دوسرے حصوں کے مسلمانوں کو ایک ایسے زاویہ نظر سے دیکھا جو روح اسلام سے کسی طرح موافق نہ تھی۔ چنانچہ موالی یعنی وہ مسلمان جو عرب کے علاوہ علاقوں کے رہنے والے تھے، انہوں نے اس علیحدگی پسندی کو بھانپ لیا۔ وہ یکسانیت و مساوات کے طالب تھے جو عربوں اور موالی میں قائم رہے۔ اسی کا نتیجہ تھا کہ امویوں کے خلاف شورش بغاوت اٹھتی رہی اور یہ موالی ان کے ساتھ ہمدردی یا دلچسپی رکھتے، ادھر عربوں میں اپنی عزت، فخر و نمائش کا بھوت سوار تھا۔ دوسری طرف اس حالت نے غیر عرب لوگوں کو ایسی احادیث گھڑنے پر ابھارا جس سے ان کی قدر افزائی ہو اور ان کے فضائل میں اضافہ ہو، مثلاً یہ حدیث کہ جو لوگ عرش کے ارد گرد ہیں اُن کی زبان فارسی ہے۔ یا یہ کہ خدا جب کوئی نرم بات اتارنا چاہتا ہے تو فارسی زبان میں وحی فرماتا ہے اور جب کوئی سخت بات نازل کرنی ہوتی ہے تو عربی زبان میں وحی فرماتا ہے۔ اب کیا تھا فارسی کے مخالفین نے اس کے مقابل

لگائیں، ایسا نہیں ہے۔ اس لیے کہ ہم نے ان کا بارہا تجربہ کیا ہے کہ وہ سچ بولتے ہیں اور سچ کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے جو حدیث بھی روایت کی ہے وہ سچ کی کسوٹی پر پوری اترتی ہے۔ چنانچہ ابو داؤد نے لکھا۔

لَيْسَ فِيْ أَصْحَابِ الأَهْوَاءِ أَصَحُّ حَدِيْثًا مِنَ الْخَوَارِجِ۔[13]

"غلط مذہب رکھنے والے لوگوں میں خوارج سب سے زیادہ صحیح الحدیث ہیں۔"

ڈاکٹر مصطفی سباعی نے بھی یہی کہا ہے کہ خوارج کے بارے میں وضع حدیث کی تہمت زنادقہ کا فتنہ ہے، ان سے جھوٹ دیکھنے میں نہیں آیا بلکہ وہ محتاط اور پاکباز تھے۔

## ۲۔ زنادقہ کا وضع حدیث

اسلام نے کسریٰ و قیصر کی سلطنتوں کا تیاپانچہ کر دیا۔ ملوک و امراء جو اپنے ماتحت ٹکڑیوں پر حکومت کرتے تھے ان کی تمکنت و رعب کا خاتمہ ہو گیا۔ جو ان کو طرح طرح کے عذاب دیتے تھے، ان کی دولت اور زیادہ کمائی چھین لیتے۔ ان کی اولاد کو غلام بناتے، ان کے ماتحت ایک ایسا طبقہ تھا جو چاپلوسوں میں شمار ہو کر خواص کہلاتا۔ بادشاہوں کے علاوہ ان کی رعایا پر مظالم کرتا، ان کی رہی سہی پونجی کو بھی ہتھیاتا۔ غرض اس طبقہ کو ہر قسم کے مظالم کا شکار ہونا پڑتا۔ اسلام کے آتے ہی دلوں میں اس کی وقعت جاگزیں ہو گئی۔ یہ دبے دبائے لوگ اپنے نئے حکمرانوں سے نعمت آزادی کا مزہ چکھنے لگے۔ انسانیت کو ایک آبرو اور اعزاز جان گئے۔ دوسری طرف حکمرانوں کی وہ اکڑ ختم ہو گئی۔ ان کے مناصب کا کوئی وقار باقی نہیں رہا، گویا وہ دن ہوا ہوئے کہ خلیل خاں فاختہ اڑاتے تھے کا منظر ہر طرف تھا۔ اب ان کے ہاتھ میں وہ حرام کی دولت باقی نہ تھی جسے وہ اللے تللے خرچ کرتے۔ اس لیے کہ کمزوروں سے لوٹ کا خاتمہ ہو گیا۔ اب ان کمزوروں کی زندگی کی قیمت بڑھ گئی تھی، انہوں نے اسلام کو گلے لگایا تھا۔ اس لیے کہ ظلم کی دیواریں گر چکی تھیں۔ ان میں جو لوگ پہلے سوسائٹی میں چھائے ہوئے تھے ان کا وزن کم ہو چکا تھا۔ اسے ان لوگوں نے برداشت نہیں کیا۔ اب ان کے پاس نہ مال تھا نہ فوج، نہ قوت کہ دوبارہ مسلمانوں کو مغلوب کرتے اور پھر اپنا سکہ چلاتے۔ اس لیے کہ اسلام کا دبدبہ، اس کا رعب، اس کی قوت مانع تھی، تو انہوں نے ایک دوسری رائے اپنے آپ کو دوبارہ قوی کرنے کی سوچی۔ وہ یہ تھی کہ مسلمانوں کو عقیدہ کی راہ سے ہٹا دو۔ اس کے لیے آسان ترکیب یہ تھی کہ حضور ﷺ کی طرف غلط باتوں کا انتساب کریں۔ جس کا مقصد محض یہ تھا کہ لوگ اسلام سے اور نبی کریم ﷺ سے دور ہوتے جائیں۔ چنانچہ انہوں نے عقائد، عبادات و افکار کے ذریعہ اسلام کا چہرہ بگاڑنا شروع کر دیا۔ اب یہ مختلف روپ میں نمایاں ہوئے، اپنے نام الگ الگ ناموں سے رکھے۔ اگرچہ وہ اس میں پوری طرح کامیاب نہیں ہوئے، یہ دھوکہ، فریب اسلام کی قوت کے سامنے بکھر کر رہ گیا۔ اسلام کا مقصد بلند اور صفاء عقیدہ جگمگاتا ہوا آفتاب تھا۔

## ۱۔ گروہ بندی

حضرت عثمان غنیؓ کی شہادت کے بعد مسلمانوں میں گروہ بندی اور اختلافات کا آغاز ہوا۔ گذرتے وقت کے ساتھ ساتھ سیاسی و مسلکی دھڑے بندیاں شروع ہو گئیں۔ خوارج وجود میں آئے، ان میں ہر جماعت نے احادیث کی وضع میں حصہ لیا۔

### الف۔ باہمی دشمنی میں وضع حدیث

وضع حدیث کی اس صورت کا آغاز مسلمانوں کی گروہ بندی سے ہوا۔ ہر فرقہ اپنے اور اپنے اکابرین کے فضائل کے لیے احادیث وضع کرنے میں لگ گیا۔ سیاسی اور مسلکی برتری کے لیے احادیث وضع کی جانے لگیں۔ ان لوگوں نے جہاں اپنی جماعت کے فضائل پر احادیث وضع کیں وہاں دوسرے مسلک اور گروہ کو زیر کرنے کے لیے احادیث گھڑیں۔ وضع حدیث کا فتنہ بعد میں اہل اسلام کے مابین تفرقہ بازی اور فتنہ وفساد کو عروج پر پہنچانے کا باعث بنا۔ اسی بناء پر صحابہ کرامؓ اور اہل بیت کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ صحابہ کرامؓ اور اہل بیت عظام اس فتنہ سے کوسوں دور رہے۔ وضع حدیث کا ارتکاب کرنے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہ تھا۔ باہر بیٹھ کر یہ لوگ مسلمانوں میں تفرقہ بازی اور فساد برپا کرنے کے لیے جو سازشیں کرتے تھے۔ وضع حدیث ان فتنوں میں سے ایک بڑا فتنہ تھا۔

### ب۔ خوارج کا وضع حدیث

خوارج کے وضع حدیث کی شہادتیں بہت کم دستیاب ہیں، اس لیے کہ ان کو اپنے دعویٰ کو ثابت کرنے کے لیے اور اپنے موقف کو مدلل کرنے کے لیے حدیثوں کی ضرورت ہی نہیں پڑی۔ لیکن بعض نے ان کے بارے میں بھی لکھا دیا ہے۔ چنانچہ ابنِ لہیعہ نے بیان کیا کہ میں خوارج کے ایک شیخ سے ملا جو اس عقیدہ سے تائب ہو چکا تھا، اس کا قول نقل کیا ہے کہ احادیث دین ہیں، اس لیے احادیث کو اختیار کرتے وقت بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔ ہمارا طریق یہ رہا کہ جب ہم نے کسی بات کو دین بنانا چاہا تو اس کے لیے حدیث بنالی۔ اسی طرح عبداللہ بن عمرو بن عبدالکریم نے بیان کیا کہ مجھ سے ایک خارجی نے بیان کیا کہ حدیث دین ہے، کس سے لے رہے ہو اس پر نظر رکھو۔ جب بھی ہم نے کسی امر کی خواہش کی اس کے لیے ایک حدیث بنالی۔ سیوطیؒ نے بھی اسی قسم کی بات نقل کی ہے۔ ان تینوں روایتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ خوارج نے بھی وضع حدیث سے کام لیا، لیکن ہمیں ان کے بارے میں کوئی واضح دلیل نہیں ملی۔ چونکہ ان کا عقیدہ یہ تھا کہ کبیرہ کا مرتکب کافر و جہنمی ہے اور جھوٹ ان کے ہاں بھی کبائر میں سے ہے۔ اس لیے وضع حدیث کا پہلو ان کے بارے میں کمزور معلوم ہوتا ہے۔

اس پر بہت سی دلیلیں ہیں کہ خوارج کی بیان کردہ حدیثیں سچ ہوتی ہے۔ ابنِ تیمیہ نے بھی اس بارے میں لکھا ہے۔ چنانچہ وہ روافض کو مخاطب کرکے کہتے ہیں کہ ہم خوارج کو تم سے بھی زیادہ برا مانتے ہیں، بایں ہمہ ان کو کذب کی تہمت

## وضع کا آغاز

خلفائے اربعہ کے زمانہ تک حدیث ہر قسم کے کھوٹ سے پاک نتھرا ہوا چشمہ تھا۔ اس میں تحریف و نفاق کی آمیزش دور دور تک نہیں تھی۔ مگر جب اسلام میں اہلِ مصالح، اہلِھوا داخل ہو گئے تو تخریب کی وباء پھیل گئی۔ سب سے پہلے اسلام کو جو دھچکا لگا جس کے نتیجے میں مختلف فتنے رونما ہوئے، وہ پہلی صدی کا فتنہ شہادت عثمانؓ ہے۔ اس فتنہ نے اسلام کے تناور درخت کو ہلا کر رکھ دیا۔ اس فتنہ نے امت کو بعض ایسے حوادث سے دوچار کر دیا جس نے اسلام کا معدہ ہی بگاڑ دیا اور اس میں سوء ہضم کی کیفیت پیدا ہو گئی۔ آج تک اس فتنے کی مسموم ہواؤں سے عالم اسلامی زہر آلود ہے۔
اس فتنہ کے بعد حضرت علیؓ کی خلافت پر مسلمانوں نے اپنی وحدت کا مظاہرہ کیا۔ مگر یہ وحدت بھی ناپائیدار ثابت ہوئی، اس لیے کہ حادثات کی رفتار اتنی تیز تھی کہ امن و سلامتی کی موجوں میں طوفان کی سی کیفیت پیدا ہو گئی۔ اسلامی صف دو حصوں میں بٹ گئی، ایک بڑی صف حضرت علیؓ کے لشکر اسلام کے ساتھ تھی تو دوسری صف حضرت معاویہؓ کے اسلامی لشکر کی صورت میں موجود تھی۔ اگر حضرت علیؓ کے ہمراہ اہل حجاز و عراق کی قوت تھی تو حضرت معاویہؓ امیر شام کے ہمراہ شام اور مصر کے لوگ تھے۔

امت کو یہ تقسیم بڑی مہنگی پڑی، مسلمانوں میں دردانگیز لڑائیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ یہ جنگ ختم بھی ہوئی تو کہاں؟ تحکیم کے گھناؤنے نعرہ کے ساتھ، جس کی گندگی سے مختلف سیاسی فرقے اسلام میں پیدا ہو گئے۔ جمہور حضرت علیؓ کے ہمنوا ہو گئے، اس لیے کہ حضرت علیؓ ہی کے ہاتھ پر حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد عامتہ المسلمین نے بیعت کی۔ حضرت معاویہؓ کی ٹولی کے لوگ خون عثمانؓ کا بدلہ لینے کے نعرے کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے۔ جو حضرت معاویہؓ کی خلافت کے مطالبہ پر جا کر ختم ہوئی۔ ان تاریخی واقعات کی روشنی میں دو بنیادی اسباب و عوامل ملتے ہیں۔ انہی اسباب نے وضع حدیث کو جنم دیا۔

۱۔ سیاسی گروپ بندی (جمہور، خوارج)

۲۔ اسلام دشمنی (زنادقہ)

ان کے علاوہ کچھ ثانوی عوامل بھی تھے جو وضع حدیث کے انتشار میں مدومعاون رہے۔ ان کا ذکر آگے آئیگا۔

## اسباب وضع حدیث

اس سے پہلے یہ ذکر ہو چکا ہے کہ وضع حدیث کا بنیادی سبب امت کا مختلف سیاسی گروہوں میں تقسیم ہونا ہی تھا، جس نے بعد میں دین کی صورت اختیار کر لی۔ ہر گروہ نے یہ کوشش شروع کر دی کہ اپنے موقف کی تائید یا اپنی رائے کی تصویب وضع حدیث کر کے اس کو رسول اللہ ﷺ کی نسبت سے مؤکد و مؤید بنائیں۔ اس کے بعد اور بھی اسباب پیدا ہوئے جن کا وضع حدیث میں بڑا کردار ہے۔ ان میں سے چند یہ ہیں۔

### ۲۔ منکرین حدیث:

ایسے لوگوں کے وجود کی بھی رسول اللہ ﷺ نے خبر دی تھی جو کھلے بندوں حدیث کا انکار کرکے اسے بے اعتبار بنانا اور مٹانا چاہیں گے۔ چنانچہ مقداد بن معدی کرب رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے۔

> "خبر دارر ہو! مجھے قرآن بھی دیا گیا ہے اور اس کا مثل بھی دیا گیا ہے (یعنی حدیث)۔ آگاہ رہو کہ ایک پیٹ بھرا تونگر قسم کا آدمی مسند و تکیہ پر بیٹھ کر کہے گا۔ لوگو! بس قرآن کو مضبوط تھام لو جو اس میں حلال ہے اسے حلال سمجھو اور جو اس میں حرام ہے اسے حرام سمجھو۔ (حدیث کا کوئی اعتبار نہیں)۔ حالانکہ (حدیث میں) رسول اللہ ﷺ نے بہت سی چیزوں کو حرام کیا ہے۔ جیسے اللہ نے حرام فرمایا ہے۔ دیکھو پالتو گدھے کا گوشت تمہارے لیے حلال نہیں، کاٹنے والے درندے تمہارے لیے حلال نہیں۔ کسی معاہد کی گری پڑی چیز تمہارے لیے حلال نہیں۔ الّا یہ کہ تمہاری اطلاع کے بعد وہ خود ہی اس سے درست بردار ہو جائے"۔[11]

### ۳۔ محرفین حدیث:

یہ وہ طبقات تھے جنہوں نے برملا انکار حدیث یا تحریف الفاظ حدیث کا فتنہ امت میں پھیلایا۔ ایسے طبقوں کی خبر بھی دی گئی ہے جو الفاظ حدیث کو مان کر اس کی معنویت میں تحریف کے مرتکب ہونے والے تھے۔ چنانچہ احادیث میں ان تحریف معنوی کرنے والوں کی اطلاع بھی موجود ہے۔ جو قرآن و حدیث کو ثابت مان کر بھی پھر اس سے آزاد بلکہ اپنی عقل کو حکمران سمجھیں گے اور معانی قرآن و حدیث میں عقل محض اور رائے مجرد سے معنوی تحریف کرکے ان کا نقشہ بدل دینے کی کوشش کریں گے جس سے امت میں مستقل گروہ بندی کی روایت پیدا ہو جائے گی۔ فرمایا گیا

> "یہود اکہتر فرقوں میں بٹ گئے اور نصاریٰ بہتر فرقوں میں بٹ گئے، میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی، سوائے ایک فرقے کے سب جہنمی ہوں گے"[12]۔

یہ گروہ بندی قرآن و حدیث کے انکار کے نام پر نہیں بلکہ اقرار کے نام پر ہوئی اور امت میں اصولاً تہتر فرقے بن گئے، یہ وہی معنوی تحریف ہے جو یہود و نصاریٰ کا وطیرہ تھا اور رفتہ رفتہ توراۃ و انجیل کا اصل علم گم ہو گیا۔

## فتنۂ وضع حدیث کے اسباب و محرکات

وضع حدیث کا معنی ہے حدیث کو اپنے پاس سے گھڑنا۔ اس سے مراد ایسا کلام ہے جس کو لوگ اپنی طرف سے تخلیق کریں اور اس کی نسبت رسول اللہ ﷺ کی طرف کریں۔ ایسا کرنا گناہ کبیرہ ہے۔

دی۔ وہ غلام احمد پرویز بٹالوی ہے۔ جو ایک طرف خدا اور رسول ﷺ کے وجود سے انکار کرتا ہے اور دوسری طرف خود اپنے آپ کو اہل قرآن کہتا ہے۔ وہ لکھتا ہے: ''قرآن حکیم میں جہاں اللہ اور رسول کا ذکر آیا ہے اس سے مراد مرکز و نظام حکومت ہے۔ اس لیے قرآن کریم میں مرکز و ملت کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے تعبیر کیا گیا''۔ [9]

یہ بیانات منکرین حدیث کے ہیں جو در حقیقت منکرین قرآن ہیں۔ جو نظریات وہ پیش کرتے ہیں، اسلام کو مٹانے کی وہی یہودیانہ سازشیں ہیں جن کو عبد اللہ بن سبا اور ان کے پیروکاروں نے شروع کیا تھا۔

## منکرین حدیث کی اقسام:

احادیث نبویہ میں مختلف قسم کے منکرین حدیث کی خبر دی گئی ہے کہ وہ مختلف صورتوں اور طریقوں سے احادیث رسول ﷺ کا اعتبار ختم کرنے کی ناکام سعی کریں گے۔ ان کی تین بڑی قسمیں درج ذیل ہیں۔

### ا۔ واضعین حدیث

یہ طبقہ کے بارے میں فرمایا گیا کہ وہ وضّاعین حدیث کی صورت میں نمایاں ہو گا جو وضع حدیث کے پیرایہ میں حدیث کو بے اعتبار کر کے گویا اس سے انکار کی دعوت دے گا۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک روایت میں رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

" آخر زمانہ میں ایسے جھوٹے اور جعلساز پیدا ہوں گے جو تمہارے سامنے ایسی حدیثیں (گھڑ کر) بیان کریں گے جو نہ کبھی تم نے سنی ہوں گی اور نہ تمہارے آباؤ اجداد نے۔ ان سے بچتے رہنا کہیں تمہیں گمراہ نہ کر دیں اور مبتلائے فتنہ و فساد نہ کر دیں"۔

علامہ ابن الصلاح فرماتے ہیں :

وَالْوَاضِعُونَ لِلْحَدِيثِ أَصْنَافٌ، وَأَعْظَمُهُمْ ضَرَرًا قَوْمٌ مِنَ الْمَنْسُوبِينَ إِلَى الزُّهْدِ، وَضَعُوا الْحَدِيثَ احْتِسَابًا فِيمَا زَعَمُوا، فَتَقَبَّلَ النَّاسُ مَوْضُوعَاتِهِمْ ثِقَةً مِنْهُمْ بِهِمْ وَرُكُونًا إِلَيْهِمْ، ثُمَّ نَهَضَتْ جَهَابِذَةُ الْحَدِيثِ بِكَشْفِ عُوَارِهَا وَمَحْوِ عَارِهَا، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ.[10]

"حدیث گھڑنے والوں کی (کئی) قسمیں ہیں۔ ان کے سب سے زیادہ ضرر رساں وہ لوگ ہیں جو زہد کی طرف منسوب ہیں انہوں نے اپنے خیال میں احتساب سے (ڈرانے) کے لیے حدیثیں گھڑ لیں اور سمجھتے یہ رہے کہ اس میں ثواب ملے گا۔ لوگوں نے ان کی ظاہری حالت پر اعتماد کر کے ان سے عقیدت رکھتے ہوئے ان کی موضوع روایات کو قبول کر لیا۔ پھر فن حدیث کے اعلیٰ ماہرین اٹھے تا کہ اس گمراہی کا پردہ چاک کر دیں اور اس کی خرابی کو مٹا دیں اور تعریف تو اللہ ہی کی ہے"۔

دور دور تک بکھیرے۔ گولڈزیہر وغیرہ نے اس معرکے میں اپنی عمریں صرف کر ڈالیں۔ عرب ممالک میں حدیث کے خلاف ہر طرف تشکیک کی راہیں کھول دیں۔ الحمدللہ ان ممالک میں جامعۃ الازھر، مدینہ یونیورسٹی، امّ القریٰ اور سعودی عرب کے بعض علماء نے اس محاذ پر کام کیا ہے اور اس فتنے کا پوری طرح سد باب کیا ہے۔[6]

## فتنہ انکارِ حدیث عصر حاضر میں:

دور جدید کا فتنہ انکار حدیث علمی نہیں بلکہ یہ اس سازش کا حصہ ہے جو عناد اور اسلام دشمنی پر مبنی ہے جس کو ایک سازش کے تحت یورپ کے مستشرقین نے ہندو پاک کے اسلام نما شاگردوں کے ذریعے شروع کیا۔ بعض کو نبوت کے دعوے کے لیے تیار کر دیا اور بعض کو حدیث رسول ﷺ کے انکار کے لیے تیار کیا۔ چنانچہ ان مفسدین نے حفاظت حدیث کے متعلق لوگوں کے ذہنوں میں شکوک و شبہات پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اس ضمن میں انہوں نے حفاظ حدیث کی کثرت تعداد پر حیرت و تعجب کا اظہار کر کے اس کو خلافِ فطرت قرار دیا۔ دوسرے قدم میں انہوں نے حدیث کی تاریخیت پر حملہ کر دیا اور جان بوجھ کر صحابہ کرامؓ اور صالحین امت پر یہ بہتان لگایا کہ ان کے زمانے میں حدیث کا وجود نہیں تھا۔

انگریزی دورِ حکومت نے ایسا ہی نظام ہند و پاک میں رائج کیا، جس کے سبب اسلام کی مخالفت کے لیے ایک اسلام نما مگر یورپی ذہن رکھنے والا گروہ وجود میں آیا۔ جس کا کام دین سے فرار اور اعمالِ رسول ﷺ سے گریز کرنا تھا۔ چنانچہ خود ڈبلیو ہنٹر اس نظام تعلیم کا مقصد بتاتے ہوئے کہتا تھا کہ: "ہمارے اینگلو انڈین سکولوں سے کوئی مسلمان ایسا نہیں نکلتا جو اپنے آباؤاجداد کے مذہب سے انکار نہ جانتا ہو"۔ اس سلسلے میں لارڈ میکالے کا بیان ہے "نظام تعلیم کے ذریعے ہمیں ایک ایسی جماعت بنانی چاہیے جو ہمارے اور رعایا کے درمیان ترجمان کا کام کرے اور وہ ایک ایسی جماعت ہو جو خون اور رنگ کے اعتبار سے تو ہندوستانی ہو مگر مزاج، رائے، الفاظ اور سمجھ کے اعتبار سے انگریز ہو"۔[7] ان مقاصد کے حصول کے لیے انگریز مکار نے اسلام نما دشمنوں کا انتخاب کیا جو اسلام کا ظاہری لیبل لگائے منافقانہ اور عیارانہ طریقوں سے اسلام کے بارے میں بدگمانی پھیلاتے رہے۔ ان لوگوں میں سے انگریزوں کو ایسے نادان مسلم لیڈر بھی ملے جنہوں نے حدیث رسول ﷺ کا انکار کر کے قرآنی تعلیمات کے خلاف عیسائی اور انگریزی سازشوں کی تائید کی۔

عبد اللہ چکڑالوی نے کھلم کھلا حدیث کا انکار کر کے (اپنا نام) اہلِ قرآن رکھا اور مسلمانوں کو اسلام سے منحرف کرنے لگا۔ اس نے تمام ذخیرہ احادیث اور اقوال رسول ﷺ کو معاذ اللہ خیالات کا پلندہ قرار دیا۔[8] منکرینِ حدیث میں ایک اسلم جیراج پوری ہے، اس نے بھی اپنے زہریلے پروپیگنڈے کے ذریعے اقوال رسول ﷺ کا انکار کیا ہے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ "احادیث کا ذخیرہ پیغمبر کے منہ سے نکلا ہی نہیں، آپ ﷺ نے صرف قرآن کی تبلیغ کی ہے"۔ بعد ازاں ایک ایسا شخص آیا جس نے قرآن کریم کے نام سے اسلام دشمنی کی تمام حدود کو پامال کر کے ضلالت و گمراہی کی حد کر

اس مفسد اور یہودی منافق نے بصرہ میں ایسی جماعت تیار کی تھی جو کہا کرتی تھی کہ قرآن کے سوا ہم کسی بات کو نہیں مانتے۔ چنانچہ صاحب کفایہ خطیب بغدادیؒ بیان کرتے ہیں کہ یہ جماعت لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات بٹھاتی تھی کہ قرآن کے سوا کسی اور بات کو نہ مانو اور قرآن کا مفہوم وہی ہے جو تمہارا ذہن اخذ کرتا ہے۔ اس سلسلے میں حافظ ابن حجرؒ اپنی کتاب ''لسان المیزان'' میں فرماتے ہیں:

کان عبداللہ اوّل منا ظھر ذلک۔ [4]

"عبد اللہ بن سبا یہودی وہ پہلا شخص ہے جن نے اس تحریک کا آغاز کیا۔"

## عہد تابعین میں فتنہ انکار حدیث:

یہود نے اسلام کی دشمنی اور مخالفت میں کوئی کسر نہ چھوڑی گویا وہ اسلام کی مخالفت اپنا مذہبی مشن سمجھتے تھے۔ اس لیے حالات کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ وہ سازشوں کا جال بچھاتے رہے۔ یہاں تک کہ پہلی صدی ہجری کے اواخر میں اعتزال یعنی عقل پرستی رونما ہوئی۔ جس کے بنیادی عوامل میں غلط نظریات کا دخل رہا ہے۔ عہدِ بنو امیہ میں معتزلہ کی وجہ سے حکمرانوں کی خونریزیوں نے عوام میں انتہائی بے چینی اور مسلمان حکمرانوں کے خلاف بدگمانی پیدا کی کہ اہل اسلام مسلمانوں کا خون بہاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہود و نصاریٰ کے حواریوں نے بڑے پیمانے پر پروپیگنڈا کر کے یہ بھی مشہور کر دیا کہ دنیا میں اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے۔ ورنہ اس کی تعلیمات میں حقیقی خوبیاں، اخلاقی جاذبیت اور اتنی قوت نہیں جو حیاتِ انسانی کے مختلف گوشوں کے لیے کافی ہو وغیرہ وغیرہ۔ ان عوامل نے ایک نیا فرقہ جنم دیا جس کے خیال کے مطابق جو احکام عقلی گرفت میں نہ آسکتے ہوں ان کا انکار کر دیا جائے، اس فرقہ کا نام معتزلہ ہے۔ اس فرقے کے متعلق مولانا بدرِ عالم لکھتے ہیں کہ

> "اس فرقے نے اپنے فاسد مزاج کے سبب حشر و نشر، رؤیت باری تعالیٰ، صراط، میزان، وزن، اعمال، جنت و دوزخ جیسے بنیادی عقائد کے وجود کا انکار کر دیا کیوں کہ ان کا مفہوم ان کے متعین کردہ عقلی میزان میں پوری طرح نہیں آسکتا تھا۔ ان مسائل کے متعلق قرآنی آیات کی خود ساختہ تاویلیں کیں اور خبر واحد جیسی احادیث کا انکار کیا۔"

معتزلہ کا یہ فتنہ ایک علمی فتنہ تھا۔ تحریک اعتزال کا بانی واصل بن عطا تھا جو پہلی صدی ہجری کے آخر میں ابھرا اور عقل کے ہتھیاروں کی تیزی میں بہت سے ذخیرہ احادیث کو کچلتے ہوئے آگے نکل گیا۔ دوسری صدی میں امام شافعیؒ نے سب سے پہلے فتنہ انکارِ حدیث کا رد کیا۔ [5]

معتزلہ کے علاوہ نیچریوں نے بھی انکارِ حدیث کیا۔ لیکن ان کا انکار علمی شبہات کی اوٹ میں پروان چڑھا۔ مستشرقین نے بھی اس پہلو سے صف اسلام میں بہت انتشار پیدا کیا ہے۔ حدیث سے اعتماد اٹھانے میں شک کے کانٹے

## عہد صحابہؓ میں فتنہ انکارِ حدیث :

حضور ﷺ کی رحلت کے فوراً بعد یہودیت اور نصرانیت نے اسلام دشمنی کے لیے سر اُٹھایا اور منافقت کا لبادہ اوڑھ کر عرب قبائل کو اسلام سے کفر کی طرف پھیرنے میں خوب کام کیا۔ مثلاً ایک قبیلے کے ذہنوں میں یہ بات ڈال دی کہ "زکوٰۃ کی فرضیت اور ادائیگی کا تعلق حضور ﷺ کی ذات سے تھا" اب اس کی کوئی ضرورت باقی نہ رہی۔ ختم نبوت کے خلاف مختلف اطراف میں نبوت کے جھوٹے دعویدار اٹھائے گئے۔

عین اسی زمانے میں ایک انتہائی خطرناک آدمی یمن کا ایک صنعانی یہودی نمودار ہوا جس کا اصلی نام جہود تھا۔ اس نے اپنا اسلامی نام عبداللہ بن سبا رکھا اور مشہور کر دیا کہ اس نے حضرت عثمانؓ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا ہے۔ اس کا خیال تھا کہ اس طرح حضرت عثمانؓ اس کی قدر کریں گے۔ مگر جب حضرت عثمانؓ نے اس کو شہر مدینہ سے باہر نکال دیا تو اس نے حضرت عثمانؓ کی عیب جوئی شروع کر دی۔ چنانچہ یہ وہ پہلا یہودی سازشی ہے جس نے پیغمبر اسلام ﷺ کے ساتھ ان کے صحابہ کرامؓ کو بھی عیب جوئی کا نشانہ بنایا۔ مدینہ سے نکل کر اس نے کوفہ، شام اور بصرہ کا دورہ کیا۔ اس نے وہاں موقع پا کر اسلام کے خلاف تحریک چلائی۔ اس کی تحریک کے بنیادی عناصر درج ذیل تھے۔

۱۔ صحابہ کرامؓ کے خلاف جھوٹے الزامات لگا کر لوگوں کے سامنے ان کی عدالت اور معیار وو قار کو گرانا۔

۲۔ پیغمبر خدا ﷺ کی طرف جھوٹے بیانات منسوب کرنا۔

۳۔ مفہوم قرآنی کے تعین کے لیے حضور ﷺ کی تشریحات کی ضرورت نہیں بلکہ اپنی من مانی اور خواہش کے مطابق قران پاک کے مطالب بیان کرنا۔

۴۔ ان عقائد کی ترویج کرکے مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنا اور ان کو آپس میں لڑانا تاکہ اسلامی قوت تہس نہس ہو جائے اور یہودیت کا پھر سے غلبہ ہو جائے۔

آنحضرت ﷺ کی طرف جھوٹے بیانات سب سے پہلے اس یہودی نے منسوب کیے۔ چنانچہ حافظ ابن حجرؒ، حضرت شعبی کے حوالے سے ابن سبا منافق کے متعلق یوں رقم طراز ہیں کہ

اوّل من کذب علی رسول لله هو عبدالله بن سبا۔[2]

"حضور ﷺ پر سب سے پہلا جھوٹ کہنے والا یہ یہودی منافق عبداللہ بن سبا تھا"۔

چنانچہ ایک مشہور بزرگ مسیب بن نجبہ نے کوفہ کی جامع مسجد میں اسے کھڑا کر کے لوگوں کے سامنے اعلان کیا "یکذب علی الله و علی رسوله"[3] "یہ منافق یہودی اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ پر جھوٹ باندھتا ہے"۔ ان کی طرف ایسی بیہودہ باتیں منسوب کرتا ہے جو ایک احمق ترین آدمی بھی نہیں کہہ سکتا۔

اور پر کشش نام رکھے۔ انکارِ حدیث کی تحریک کسی دور میں بھی منفی عنوانوں سے نہیں چلی بلکہ اس نے اپنی منفی آواز کے لیے ہمیشہ کسی نہ کسی مثبت عنوان کا سہارا لیا۔ اس کی چند صورتیں درج ذیل ہیں۔

ا۔ جامعیت قرآن کا نعرہ لے کر اُٹھے کہ قرآن کریم کے ہوتے ہوئے اور کسی چیز (یعنی حدیث) کی ضرورت نہیں۔ کبھی ان لوگوں نے کہا کہ قرآن کے ابدی قوانین ہر زمانے کے نئے تقاضوں کے تحت طے ہونے چاہئیں۔

۲۔ کبھی ان لوگوں نے بعض حدیثوں کے خلافِ عقل ہونے کا سہارا لیا اور ان کے ذریعے سارے ذخیرہ حدیث کو گدلا کرنا چاہا۔ کبھی یہ الزام تراشے کہ ہم ان حدیثوں کو کیسے مان لیں جن میں خلاف عقل مضامین ہیں۔ ان لوگوں نے چند متشابہات کے باعث تمام ذخیرہ احادیث کا انکار کر دیا۔

۴۔ کبھی انہوں نے باطنی تاویلات کی راہ سے احادیث کا انکار کیا اور کہا کہ ہم اہل معرفت خود ہی حدیث کو دیکھ لیتے ہیں۔ تمہارے ذخیرہ احادیث میں سے ہمیں کسی حدیث کی ضرورت نہیں۔

چودھویں صدی ہجری نے جہاں اور بہت سے گل کھلائے وہیں انگریز نے جھوٹے نبی کھڑے کیے اور فتنہ انکارِ حدیث بھی نئے انداز میں سامنے آیا۔ اب یہ فتنہ اچھاخاصا معروف ہو چکا ہے اور کچھ لوگ اب منفی عنوان اختیار کرنے سے بھی نہیں چوکتے یہ تحریک اب زور پکڑتی جا رہی ہے۔ چنانچہ ایک منکر حدیث کھل کر کہتا ہے۔ "یہ سنت ہی تھی جس نے اسلام کے ابتدائی جمہوری مزاج میں بگاڑ پیدا کیا۔ یہ سنت ہی تھی جس نے مسلمانوں کو متعدد فرقوں میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ان کی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا۔ یہ سنت ہی تھی جس نے بنو امیہ اور بنو عباس کے عہد میں مذہبی لوگوں کو غیر معمولی اہمیت دلوائی اور یہ سنت ہی تھی جس نے دولت عثمانیہ کو ناقابلِ علاج مریضوں کی آماجگاہ بنایا۔[1] "

## فتنہ انکار حدیث کا ارتقاء:

### دور نبوی ﷺ میں انکارِ حدیث:

انکار حدیث کی ابتداء ایک لحاظ سے رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں اس وقت ہو چکی تھی جب ذوالخویصرہ نامی شخص نے اللہ کے رسول ﷺ کی بات کا اعتبار نہ کرتے ہوئے اسے رد کر دیا۔ یہ وہ پہلا واقعہ ہے جس میں آنحضور ﷺ کی حیات مبارکہ میں ہی حدیث کا انکار کیا گیا۔ چنانچہ حدیثِ رسول ﷺ کے انکار کی تحریک بعثت نبوی ﷺ کے ساتھ ہی شروع کی گئی تاکہ لوگوں کے لیے اسلام لانے میں ان کے پیدا کردہ شکوک کی بنا پر رکاوٹیں کھڑی ہوں۔

حضور ﷺ کی رسالت کا سب سے پہلا انکار یہودنے کیا۔ چونکہ رسالت کا مقصود صرف اقوال رسول ﷺ کو سچا مان کر ان پر ایمان لانا ہے اور جو فرمانِ الٰہی وہ پیش کریں اس پر سچے دل سے یقین کر کے عمل کرنا ہے۔ پس حضور ﷺ کا یہ دعویٰ کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا کلام نازل ہو رہا ہے۔ حدیثِ رسول کہلاتا ہے۔ اس لیے جو حدیث رسول کا منکر ہے وہ حقیقت میں قرآن و حدیث دونوں کا منکر ہے۔

this study analytical and historical research approaches are adopted with mix method approaches.

***Keywords:*** *Fitna Inkar-e-Hadith, reasons, motives, solution, historical and analytical study.*

تاریخی اعتبار سے فتنہ انکارِ حدیث اور وضع حدیث ایک اہم ترین مسئلہ رہا ہے اور یہ بات تاریخ اسلام کے ایک خاص دور اور خاص پس منظر سے تعلق رکھتی ہے۔ جوں جوں اسلام نے دنیا میں پھیلنا اور غلبہ حاصل کرنا شروع کیا تو دشمنان دین نے اسلام کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کرنا شروع کر دیں۔ اسلام کی بنیاد اور قوت قرآن مجید ہے۔ دشمن نے پوری کوشش کے باوجود جب قرآن مجید کو کمزور نہ کر سکے تو انہوں نے اس کو غیر مؤثر کرنے کیلئے حدیث نبویہ کو اپنا ہدف بنالیا۔ چونکہ قرآن مجید کی اصل تشریح حدیث ہے اس لیے انہوں نے نہایت مکاری سے حدیث کو غیر معتبر اور مشکوک کرنے کے لیے طریق وضع کیے۔ ان طریقوں میں ایک طرف مختلف سوالات کے ساتھ حدیث کا انکار کرنا شروع کیا تو دوسری طرف اس کو غیر معتبر کرنے کیلئے وضع حدیث کا طوفان کھڑا کر دیا۔

حدیث کے تاریخی مطالعہ سے یہ پتہ چلتا ہے کہ انکار حدیث کا آغاز شروع اسلام ہی سے کسی نہ کسی شکل میں موجود تھا۔ تاہم گزرتے وقت کے ساتھ اس میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔ حدیث نبویہ کے خلاف دوسری بڑی سازش جھوٹی احادیث کا گھڑنا تھا۔ وضع حدیث کا بڑے پیمانے پر آغاز خلافتِ راشدہ کے بعد ہوا۔ جیسے ہی امّت مسلمہ سیاسی انتشار کا شکار ہوئی تو وضّاعین کو کھل کر کھیلنے کا موقع ملا۔ اس بہتی گنگا میں سیاسی اور مسلکی دھڑوں نے بھی ہاتھ دھونا شروع کر دیئے۔ آپ ان وضاعین کے بارے میں بھی مطالعہ کرینگے۔ اس باب کے آخری حصہ میں علماء امت کی ان کاوشوں کا بھی ذکر کیا جائے گا، جن کے باعث حدیث پر ان بڑے حملوں کا کامیابی سے دفاع کیا گیا۔ آج اللہ کے فضل سے حدیث نبوی ہر قسم کی ملاوٹ سے پاک اور دور جدید کے مسائل کا بہترین حل فراہم کر رہی ہے۔ اس تحقیقی مقالہ میں فتنہ وضع حدیث کے اسباب و محرکات اور اس کا تدارک تاریخی پس منظر میں بیان کیا گیا ہے۔

### فتنہ انکار حدیث کی ابتدا:

یہ فتنوں کا دور ہے طرح طرح کے فتنے ظہور میں آرہے ہیں۔ گمراہی اور لادینیت کے داعی طرح طرح کی دعوت دینے کے لیے کھڑے ہیں۔ نشر و اشاعت کے ذریعے اپنے زہریلے اثرات مسلمانوں میں چھوڑ رہے ہیں۔ منکرین حدیث سادہ لوح مسلمانوں، خاص کر اردو دان طبقہ سکول اور کالجز کے نوخیز طلبا کے ایمانوں پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اپنے گمراہ کن لٹریچر کے ذریعے اسلامی تعلیمات سے ناواقف مسلمانوں کے ذہنوں میں شکوک و شبہات پیدا کرتے ہیں۔ یہ کوئی اتفاقی امر نہیں بلکہ یہ ان یہودی اور نصرانی آقاؤں کی ایک خاص منصوبہ بندی اور سازش کے تحت تکمیل پا رہا ہے۔ جدید فتنوں میں انکارِ حدیث کا فتنہ بظاہر تو نیا ہے لیکن حقیقت میں پُرانا۔ جس جماعت نے حضرات صحابہ کرامؓ سے کٹ کر اپنا راستہ علیحدہ بنایا اس نے انکارِ حدیث کی روش اپنائی اور اسے آگے بڑھایا، اپنی گمراہی پر خوش نما لیبل لگایا

# فتنہ وضع حدیث وانکار حدیث کے اسباب و محرکات اوران کا تدارک

## (تاریخی وتجزیاتی مطالعہ)

# Reasons and Motives for the forgery and Rejection of Hadith, and their Remedy (Historical and Analytical Studies)

*عبد الرؤف

**ڈاکٹر ریاض احمد سعید

**ABSTRACT**

This study analytically describes the reasons and solution of Fitna Waza-e-Hadith and Inkār-e-Hadith (temptation of denial and fabrication of Hadith) in historical context of the compilation of Hadith. The Muslim Ummah, in its entire history, has faced many kinds of assaults by enemies of Islam. However, the Hadīth fabrication have been presented as the most severe challenge. The opponents of Islam, in early phases of Islamic history, decided to damage the authenticity of the unparalleled and unexampled treasure of the Prophet's Āhādth. Their efforts, however, were thwarted by the efforts of scholars of the science of Hadīth criticism (Muhaddithīn). May Almighty bless the souls of those who defended the Prophet's Āhādth. They exerted their full efforts in sifting the true knowledge from fabrications. They pointed out the loopholes through which the fabricated Aḥādīth were mixed with the sound ones. The amount of fabrications can be imagined by considering the fact that only a few thousand narratives (Rowāt) could pass the test of a set criterion for the sound Aḥādīth from hundreds of thousands of Aḥādīth. This renders it important for us to discuss in detail the motives of Hadīth fabrication and try to establish the ways weak and fabricated traditions were included in the sound Aḥādīth. We must also understand the nature of this evil. For if a researcher in this field is not fully aware and well known of the nature of the evil, he cannot be expected to show the required competence in the field of Prophet's Hadith. The temptation of the fabricated Hadith is a big challenge to the Muslim community throughout the history. Therefore, Muslim must be careful to pass out the Prophet's Hadith without checkout its authenticity and refrence. In

* لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

** لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

"علوم القرآن ایک وسیع و عریض علم ہے۔ اس میں علم تفسیر کے مبادی و اصول واضح کیے جاتے ہیں۔ قرآن مجید آنحضرت ﷺ پر کس طرح نازل ہوا تھا؟ وحی کی حقیقت کیا ہے؟ اللہ تعالی کی یہ کتاب کس ترتیب سے نازل ہوئی؟ کتنے عرصے میں اس کا نزول مکمل ہو؟ مکی مدنی سورتوں کا مطلب کیا ہے؟ شان نزول کسے کہتے ہیں؟ تفسیر قرآن میں اس کا کیا مقام ہے؟ قرآن کی کوئی آیت منسوخ ہے کہ نہیں؟ قرآن کے مختلف حروف قرآتوں کا کیا مطلب ہے؟ قرآن کریم کس قسم کے مضامین پر مشتمل ہے؟ شان نزول کسے کہتے ہیں اور تفسیر قرآن میں اس کا کیا مقام ہے؟ اللہ تعالیٰ نے کس طرح اس کتاب کو محفوظ رکھا؟ اور اس کتاب کو سمجھنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟ اور اس راہ میں کون سی غلطیاں انسان کو گمراہی کی طرف لے جاتی ہیں؟ اور اس قسم کے بہت سے سوالات کا مفصل جواب علوم القرآن میں دیا جاتا ہے۔"

31۔ سورۃ النحل:16/44

32 ۔ ابن کثیر، ابو الفدا عماد الدین، تفسیر القرآن العظیم، المطبعۃ الفنیۃ قاہرۃ، 2/572

33۔ سورۃ الانعام:6/72

34۔ البخاري، محمد بن إسماعيل أبو عبد الله صحيح البخاري، کتاب التفسیر دار طوق النجاۃ، طبع اوّل، 1422ھ، 2/704

35 ۔ سورۃ لقمان:31/13

36 ۔ سورۃ البقرۃ:2/187

37۔ البخاري، الجامع الصحیح، کتاب التفسیر، 2/647

38 ۔ الترمذی، الجامع، ابواب العلم، مطبوعہ دار الفکر، بیروت، 1414ھ، 2/338

39 ۔ سورۃ فاطر:35/1

40 ۔ سیوطی، الاتقان فی علوم القرآن، 2/4

41۔ روح بن عبادہ العلاء القیسی ابو محمد بصرہ کے محدث تھے۔ 205ھ میں وفات پائی (الاعلام، 3/43)

42۔ یہ قیس عیلان کے قبیلہ سے تھے۔ عراق میں محدث تھے، کوفہ میں پیدا ہوئے، ۹۷ ہجری میں وفات پائی (الاعلام، 8/117)

43۔ بصرہ کے عظیم محدث تھے انہوں نے امام مالک کو دیکھا اور چار سو تابعین سے حدیث سنی۔

44۔ اسحاق بن ابراہیم بن مخلد الحنظلی التمیمی (۱۶۱ھ۔۔ ۲۳۷) خراسان کے عالم تھے نیشاپور میں وفات پائی۔ (الاعلام، 8/292)

45۔ دیکھئے: ابن تیمیہ، تقی الدین احمد بن عبد الحلیم، مقدمۃ فی اصول التفسیر، دار ابن حزم، بیروت۔

46۔ دیکھئے: مقدمۃ فی اصول التفسیر، ص:15

13 ۔السيوطي، جلال الدين، الإتقان في علوم القرآن، ہيئة مصرية عامة كتاب 1394ھ، 1/334

14 ۔الزُّرقاني، محمد عبد العظیم، مناهل العرفان في علوم القرآن، مطبع عيسى بابي حلبي وشركاه، طبع سوم، 1/334

15۔ان مباحث کی تفصیل کے لیے دیکھئے:التفسیر والمفسرون از محمد حسین ذھبی؛ تاریخ تفسیر واصول تفسیر از پروفیسر میاں منظور احمد؛ تفسیر و تاریخ تفسیر ومفسرین از غلام احمد حریری؛ تبیان الراسخ معروف بہ تاریخ التفسیر از قاضی عبد الصمد صارم

16۔خالد محمود،ڈاکٹر، آثار التنزیل،2/266

17۔غیر عالم، جو عربی زبان اور قرآن وسنت کے علوم کا ماہر نہ ہو۔

18۔خالد محمود،ڈاکٹر، آثار التنزیل،2/267

19۔تفصیل کے لیے دیکھئے:الفوز الکبیر، شاہ ولی اللہ؛ ص72 اور التفسیر والمفسرون، الدکتور محمد حسین الذھبی؛ مکتبہ وھبۃ، القاہرہ، مصر، ج1، ص:103 تا343 اور دراسات فی علوم القرآن؛ اتجاھات التفسیر فی القرن الرابع عشر، الدکتور فہد الرومی۔

20۔ابن منظور، الإفریقی، محمد بن مکرم بن علی، أبو الفضل، السان العرب، دار صادر–بیروت، 1414ء، 2/510

21۔فیروزآبادی، مجد الدین، القاموس المحیط، ص:12722

22۔سورۃ الحشر:59/5

23۔سورۃ ابراہیم:14/24

24 ۔سورۃ الصافات:37/64

25 ۔دیکھیے سورۃ الفرقان:25/15، سورۃ الاحزاب:33/42، سورۃ الفتح:48/9، سورۃ الأعراف:7/205

26۔عبد الکریم زیدان، الوجیز في أصول الفقه، دار النشر، مؤسسة قرطبة، الطبعة السادسة، ص:8

27 ۔التھانوی، محمد علی کشاف اصطلاحات الفنون والعلوم، دار الکتب العلمیۃ، بیرورت، س ن، 1/33

28 ۔ابن تیمیہ، تقی الدین احمد بن عبد الحلیم، مقدمۃ فی اصول التفسیر، دار ابن حزم، بیروت، س ن، ص:3

29۔دیکھیے: التبیان فی علوم القرآن، الصابونی، محمد علی، عالم الکتب بیروت، 1405ھ، ص:134

30 ۔مناع القطان، مباحث فی علوم القرآن، قاہرہ، مکتبہ وہبیہ عابدین، س ن، ص:15

مناع القطان مباحث في علوم القرآن میں لکھتے ہیں:

والمراد بعلوم القرآن : العلم الذى بتناول الأبحاث المتعلقة بالقرآن من حيث معرفته أسباب النزول وجمع القرآن وترتيبه ومعرفته المكي والمدني والناسخ والمنسوخ، والمحكم والمتشابه إلى غير ذلك مماله صلته بالقرآن .وقد يسمى هذا العلم بأصول التفسير لأنه يتناول المباحث التي لا بد للمفسر من معرفتها للأسناد إليها فى تفسير القرآن۔

"علوم قرآن سے مراد وہ علم ہے جو قرآن سے متعلق ابحاث پر مشتمل ہو اور اسکے ذریعے اسباب نزول، جمع القرآن، قرآن کی ترتیب مکی و مدنی سورتوں کی پہچان، ناسخ و منسوخ، محکم و متشابہ وغیرہ وہ امور جو قرآن سے تعلق رکھتے ہیں انکی پہچان ہو سکے اور اس علم کا نام اصول تفسیر اس لیے رکھا گیا ہے کیونکہ یہ ایسے مباحث پر مشتمل ہے جنھیں جاننا ایک مفسر کے لیے از حد ضروری ہے۔"

مولانا محمد تقی عثمانی اصول تفسیر اور علوم القران کے ضمن میں فرماتے ہیں:

2. النکت والعیون للماوردی ۴۵۰ھ

3. جامع التفاسیر، راغب اصفہانی ۵۰۲ھ

4. المحرر الوجیز، ابن عطیہ الاندلسی ۵۴۱ھ

5. الجامع الاحکام، محمد بن احمد القرطبی ۶۷۱ھ

6. تفسیر القرآن لابن کثیر الدمشقی ۷۷۴ھ

7. التحریر والتنویر، طاہر ابن عاشور ۱۳۹۳ھ

8. اضواء البیان، محمد امین الشنقیطی ۱۳۹۳ھ

اردو تفاسیر کے مقدمات میں بھی مفسرین نے اصول تفسیر اور مناہج تفسیر کو موضوع بحث بنایا ہے۔ مثال کے طور پر شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے مقدمہ تفسیر حقانی البیان فی علوم القرآن لکھا۔ اس کے مقدمہ میں اصول تفسیر کا خاص طور پر ذکر ہے۔ اس کے علاوہ مولانا امین احسن اصلاحی نے بھی اپنی تفسیر کے آغاز میں اصول تفسیر پر بحث کی ہے۔

## حواشی وحوالہ جات:

1۔ سورۃ النحل:16/44

2۔ موسوعہ فقہیہ،، وزارت اوقاف کویت، اسلامک فقہ اکیڈمی، انڈیا، 3/460

3۔ ابن منظور، محمد بن مکرم بن علی، أبو الفضل، الإفریقی، لسان العرب، دار صادر بیروت، 1414، 2/361

4۔ سید ابو الحسن علی ندوی، تاریخ دعوت وعزیمت، مجلس نشریات اسلام، کراچی، س ن، 1/251

5۔ ابن الجوزي، جمال الدین أبو الفرج عبد الرحمن، زاد المسیر في علم التفسیر، دار الکتاب العربي، بیروت، 1422ھ، 2/1

6۔ فیروزآبادی، مجد الدین، القاموس المحیط، مؤسسة الرسالة للطباعة والنشر والتوزیع، بیروت۔ لبنان طبع 8، 1426ھ، ص:587

7۔ خیر الدین الزرکلی، الأعلام، دار العلم للملایین، بیروت

8۔ الراغب الأصفہانی، مفردات الفاظ القرآن،، دار القلم - الدار الشامیة، 2009ء، 1/344

9۔ سورۃ الفرقان:25/33

10۔ ابن ماجہ، ابو عبد اللہ، محمد بن یزید، القزویني، سنن ابن ماجہ، ابواب التجارات، باب التغلیظ فی الربا، حدیث:2276

11۔ الأندلسي، أبو حیان محمد بن یوسف، البحر المحیط في التفسیر، دار الفکر - بیروت، 1420ھ، 1/121

12۔ الزرکشي، أبو عبد اللہ بدر الدین، البرهان في علوم القرآن، إحیاء الکتب العربیة طبع اوّل، 1376ھ، 1/13

"اپنے بعض احباب نے مجھ سے درخواست کی کہ ایک ایسا مقدمہ لکھ دوں جو قواعد کلیہ پر حاوی ہو۔ قرآن کے فہم اور اسکی تفسیر جو معانی کی معرفت میں معین ہو، اس میں منقول و معقول، حق و باطل کی تمیز کرنے والا اور قیل قال میں فیصلہ کن دلیل کی راہ دکھانے والا ہو۔"[46]

اصول تفسیر کی باقاعدہ تدوین میں فقہا کرام کا بہت اہم کردار رہا ہے۔ انہوں نے اصول فقہ کے میدان میں قرآن و سنت سے استدلال و استنباط کے اصول وضع کیے۔ جن سے اصول تفسیر کی تدوین کے لیے بنیادیں مہیا ہوئیں۔ اس کے علاوہ کتب علوم القرآن میں شاید ہی کوئی ایسی کتاب ہو جس میں مصادر تفسیر جیسے اہم ترین موضوع پر گفتگو نہ کی گئی ہو۔ جیسے البرھان فی علوم القرآن از بدرالدین الزرکشی (۷۹۴ھ)، الاتقان فی علوم القرآن از جلال الدین سیوطی (۹۱۱ھ)، مناھل العرفان از عبد العظیم الزرقانی (۱۳۶۷)، مباحث فی علوم القرآن از مناع القطان (۱۴۲۰ھ) وغیرہ۔

وہ کتب جو اصول تفسیر یا مناہج تفسیر کے نام سے لکھی گئی ہیں، ان میں مقدمہ فی اصول التفسیر، ابن تیمیہ (۷۲۸ھ)، اصول تفسیر، ابن قیم الجوزیہ (۷۵۱ھ)، التفسیر فی قواعد علم التفسیر، محمد بن سلیمان الکافیجی (۸۷۹ھ)، الفوزالکبیر فی اصول التفسیر، شاہ ولی اللہ دہلوی (۱۱۷۶ھ)، فتح الخبیر فی اصول تفسیر، شاہ ولی اللہ دہلوی (۱۱۷۲ھ)، الاکسیر فی اصول تفسیر، صدیق حسن خان (۱۳۰۷ھ)، التکمیل فی اصول التاویل، حمید الدین فراہی (۱۳۴۹ھ)، القواعد الحسان فی التفسیر القرآن، عبدالرحمان بن ناصر السعدی (۱۳۷۶ھ)، درایت تفسیری، حافظ عبد اللہ محدث روپڑی (۱۳۸۲ھ)، اصول فی التفسیر، شیخ محمد بن صالح العثمین ۱۴۲۱ھ، قواعد التفسیر، خالد بن عثمان السبت، ۱۴۔ اصول تفسیر و قواعدہ، خالد بن عبدالرحمان العک، اصول التفسیر و بحوث فی اصول التفسیر کلاھما، ڈاکٹر محمد لطفی الصباغ، دراسات فی اصول التفسیر، محسن عبدالحمید، اصول تفسیر و مناھجہ، ڈاکٹر فہد رومی، فصول فی اصول التفسیر، ڈاکٹر مساعد بن سلیمان الطیار، تستیط الاذھان فی مقدمہ التبیان فی اصول تفسیر القرآن، مولانا عبدالسلام بن عبدالروف، مفہوم التفسیر و تاویل الاستنباط والتدبر والمفسر، ڈاکٹر مساعد بن سلیمان الطیار، القول المنیر فی علم اصول التفسیر، شیخ اسماعیل عنان یمنی۔ اور وہ کتابیں جو اصلاً مناہج مفسرین پر مرتب کی گئیں ہیں لیکن ضمناً ان میں بھی اصول تفسیر کو زیر بحث لایا گیا ہے ان میں التفسیر ورجالہ، ابن عاشور ۱۳۹۰ھ، التفسیر والمفسرون، ڈاکٹر حسین الذھبی ۱۳۹۷ھ مناھج المفسرین، ڈاکٹر محمود النقراشی، مناھج المفسرین، ڈاکٹر احمد بن محمد الشرقاوی، نمایاں ہیں۔

## تفاسیر کے مقدمات میں اصول تفسیر

اصول تفسیر کی باقاعدہ تدوین سے پہلے مفسرین اپنی تفاسیر کے مقدمات میں اصول تفسیر کا ذکر کرتے تھے۔ جن تفاسیر کے مقدمات میں اصول تفسیر کو بطور خاص موضوع بحث بنایا گیا ان میں سے چند درج ذیل ہیں۔

1. جامع البیان ابن جریر الطبری ۳۱۰ھ

انس، اسحاق بن راھویہ، وکیع بن جراح[41]، شعبہ بن حجاج[42]، سفیان بن عیینہ[43]، روح بن عبادہ[44]، ابو بکر بن شعبہ اور دوسرے بہت سے حضرات نے اصول تفسیر وعلوم القرآن پر توجہ کی۔ حافظ ابن تیمیہ لکھتے ہیں:

"تابعین نے تفسیر کا علم بھی اسی طرح صحابہ کرامؓ سے حاصل کیا ہے جس طرح علم سنت ان سے پایا ہے تابعینؒ حضرات جس طرح استنباط واستدلال کی راہ سے بعض سنتوں پر گفتگو کرتے ہیں اسی طرح وہ تفسیر میں بھی بعض اوقات استنباط واستدلال کی راہ اختیار کرتے ہیں۔[45]"

اس دور میں اگرچہ علم اسباب نزول، علم الناسخ والمنسوخ اور علم غریب القران کی بنیاد رکھی گئی۔ جو علوم القرآن کے اہم مباحث ہیں اور ان کا جاننا ایک مفسر کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ لیکن بطور خاص اس دور میں بھی جن اصول تفسیر کے تحت قرآن مجید کی تفسیر کی جاتی رہی وہ ا۔ تفسیر القرآن بالقرآن۔ ۲۔ تفسیر القرآن بالحدیث النبوی ۳۔ اقوال صحابہؓ ۴۔ لغت وکلام عرب ۵۔ اجتہاد واستنباط ہی ہیں۔

## علم اصول تفسیر کی تدوین

عہد تابعین وتبع تابعین کے بعد دوسری اور تیسری صدی ہجری میں جن موضوعات پر کتب تالیف کی گئی انکا تعلق زیادہ تر فہم قرآن سے تھا۔ مثلاً اعراب القرآن، اسباب نزول، علم وجوہ ونظائر، غریب القرآن، تشابہ القرآن، علم الناسخ والمنسوخ اور احکام القرآن وعلم القراءات وغیرہ۔ ان موضوعات پر ابتدائی زمانے سے چھٹی ہجری تک متعدد کتب تصنیف ہوئیں۔

چھٹی صدی ہجری میں عقلی تفسیر کا آغاز ہونے کی وجہ سے تفسیر قرآن کے متعلق مختلف و متوع علوم وجود میں آئے۔ جس کے نتیجے میں ایسی تفاسیر منظر عام پر آئیں جن میں تفسیر کے سوا سب کچھ موجود تھا۔ اس دور میں صرف نحو، عربی لغت سے متعلق علوم بھی مدون ہوئے۔ فقہی مذاہب کے ظہور پذیر ہونے کے ساتھ ساتھ کلامی مسائل اٹھ کھڑے ہوئے اور گروہی تعصب اپنی انتہا کو پہنچ گیا۔ یہ سب علوم وفنون تفسیر کے ساتھ گھل مل گئے۔ جس کے نتیجے میں عقلی پہلو غالب اور نقلی پہلو مغلوب ہو گیا اور ہر مفسر نے قرآن کو اپنے مذہب کے قالب میں ڈھالنے کی کوشش کی۔ لیکن اس عقلی تفسیر کے باجود تفسیر بالمنقول کا تصور بالکل ختم نہ ہو سکا۔ مختلف زمانوں میں ایسے علماء موجود رہے جو اس طوفان کا مقابلہ کرنے کے لیے سینہ سپر ہو گئے۔۔ تاہم بعض اس سلسلے میں صحیح وسقیم روایات میں امتیاز نہ کر سکے۔ جب علماء کرام نے تفسیروں میں وضع واختراع، صحیح وسقیم اقوال اسرائیلیات کی بہتات، فقہی اور کلامی بحثوں کی یہ صورت حال دیکھی تو لا محالہ ان میں یہ فکر پیدا ہوئی کہ ان اصول وقواعد کو مدون کیا جائے جو قرآن کریم کے فہم اور تفسیر میں مدد ومعاون ثابت ہو سکیں۔ جنہیں صحابہ وتابعین تفسیر قرآن میں مد نظر رکھتے تھے تاکہ تفسیر بالمنقول والمعقول میں حق وباطل کے درمیان امتیاز ہو سکے۔ مقدمہ فی اصول التفسیر کا سبب تالیف بیان کرتے ہوئے ابن تیمیہ خود رقم طراز ہیں:

## صحابہ کرامؓ کے عہد میں اصول تفسیر

صحابہ کرامؓ کو قرآن پاک کے معانی و مطالب براہ راست صاحب قرآن ﷺ سے سیکھنے کا شرف حاصل ہوا۔ اصحاب رسول ﷺ خود اہل زبان بھی تھے اور نزول قرآن کے ماحول سے پوری طرح باخبر بھی۔ پھر پیغمبر عظیم ﷺ کے حامی و مددگار بن کر اللہ کے پیغام کو لوگوں تک پہنچاتے رہے۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد خاص خاص صحابہؓ تفسیر قرآن مجید کا مرجع بنے قرآن فہمی میں خلفاء اربعہ، عبداللہ بن عباسؓ، عبداللہ بن مسعودؓ، زید بن ثابتؓ، ابی بن کعبؓ، ابو موسیٰ اشعریؓ اور عبداللہ بن زبیرؓ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ خاص اہمیت کے حامل ہیں جن میں بھی مدار تفسیر بطور خاص حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ ہیں۔ قرآن مجید کی جمع و تدوین بھی صحابہؓ کے دور میں ہوئی۔ گویا سورتوں اور آیات کے مقام کا تعین، جو بعد میں اصول تفسیر کا اہم موضوع بنا، صحابہؓ کے ہاتھوں انجام پایا۔ صحابہ کرامؓ کے تفسیری فن پاروں کا بغور مطالعہ کیا جائے تو یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ صحابہؓ کسی بھی کلمہ اور لفظ کے معنی کو متعین کرنے کے لیے قرآن مجید کی دوسری آیات، حدیث نبویہ اور جاہلی ادب وشاعری کو ضرور سامنے رکھتے تھے۔ اس سلسلہ میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو خاص عبور حاصل تھا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا:

> ”میرے علم میں نہیں تھا کہ آیت قرآنی فاطر السموات[39] کا کیا مطلب ہے؟ ایک بار دو اعرابی ایک کنویں بارے میں مجھ سے فیصلہ کروانے آئے ان میں سے ایک نے کہا"انا فطرتھا" میں نے اس کی ابتدا کی جس سے مجھے اس کا صحیح مفہوم پتہ چل گیا۔“[40]

اس طرح کی بہت سی مثالیں حضرت ابن عباسؓ کی سوانح سے سامنے آتی ہیں۔ چنانچہ واضح ہوا کہ دور صحابہ میں جن اصول تفسیر کے تحت قرآن مجید کی تفسیر کی جاتی تھی وہ ۱۔ تفسیر القرآن بالقرآن۔ ۲۔ تفسیر القرآن بالحدیث النبوی ۳۔ لغت وکلام عرب ۴۔ اجتہاد واستنباط ہیں۔

## عہد تابعین اور تبع تابعین میں اصول تفسیر

عہد تابعین کے مشہور مفسرین میں علقمہ، اسود بن یزید سعید بن جبیر، عمرو بن شرجیل، ابراہیم نخعی، مجاہد عکرمہ، حسن بصری، قتادہ، اعمش، طاؤس بن کیسان، عطا بن ابی رباح، محمد بن کعب، زید بن اسلم، مرہ ھمدانی، عامر شعبی وغیرہ شامل ہیں۔ ان میں سعید بن جبیر، ابوالعالیہ، محمد بن کعب القرظی، عطا بن ابی رباح، حسن بصری اور عکرمہ نے تفسیر اور اصول تفسیر کے بعض موضوعات پر کتابیں تصنیف کیں ہیں۔ مثلاً کسی نے ناسخ و منسوخ کسی نے وجوہ نظائر، کسی نے احکام القرآن اور کسی نے مشکل مقامات اور غریب الفاظ کی تشریح و توضیح کے لیے قلم اٹھایا۔ تبع تابعین میں امام مالک بن

دریافت فرمایا کرتے تھے۔ اور حضور ﷺ اسکی وضاحت فرمادیتے تھے۔ اوراس بات کو قرآن مجید نے رسول اللہ ﷺ کی ذمہ داری ٹھہرایاہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ۔[31]

"اور ہم نے تیری طرف یہ نصیحت اتاری تاکہ آپ لوگوں کی طرف جو قرآن اتارا گیاہے اسکو کھول کر بیان کر دیں تاکہ وہ اس میں غور وفکر کریں۔"

ابن کثیر اس آیت کی تفسیر اس طرح بیان کرتے ہیں :اے نبی ﷺ آپ لوگوں کے لیے اسکے مجملات کی تفصیل اور مشکلات کی وضاحت کر دیں۔[32]

مثال کے طور پر جب قرآن مجید کی یہ آیت "الَّذِينَ آمَنُواْ وَلَمْ يَلْبِسُواْ إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ"[33] "ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک کے ) ظلم سے محفوظ نہیں کیا"۔ نازل ہوئی تو صحابہ کرام کو ظلم کا مفہوم سمجھ میں نہ آیا تو یہ آیت ان پر بڑی شاق گزری تو انہوں نے آپ ﷺ سے دریافت فرمایا: یارسول الله وأينا لا يظلم نفسه۔[34] کہ یارسول اللہ ہم میں سے ایسا کون ہے جس نے اپنے نفس پر ظلم نہ کیا ہو؟ اس وقت آپ نے فرمایا کہ یہاں ظلم سے مراد شرک ہے نہ کہ وہ جو تم سمجھ رہے ہو۔ اور قرآن پاک سے اس کی مثال بیان فرمائی "إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ۔"[35]

اسی طرح جب آیت کریمہ "وَكُلُواْ وَاشْرَبُواْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ۔"[36] "اور کھاؤ پیو یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری رات کی سیاہ دھاری سے الگ نظر آنے لگے" نازل ہوئی تو عدی بن حاتمؓ کو آیت کا مفہوم سمجھ میں نہ آیا لہٰذا انہوں نے ایک سفید اور کالا دھاگہ تکیے کے نیچے رکھ لیا اور رات کو اٹھ اٹھ کر دیکھتے تھے کہ ان میں امتیاز ہوا کہ نہیں۔ صبح ہوئی تو رسول کریم ﷺ سے سارا ماجرہ کہاتب آپ ﷺ نے آیت کا صحیح مطلب ان کے سامنے بیان کیا کہ "إنما هي سواد الليل وبياض النّهار۔"[37] "اس سے مراد رات کی تاریک اور دن کی سفیدی ہے"۔ چنانچہ دور رسالت میں صحابہ کرام اپنے ذوق عربیت کی بدولت قرآنی آیات کا فہم بھی رکھتے تھے اور جہاں کہیں دشوارای محسوس کرتے تو آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور اس آیت کی تفسیر معلوم کرتے۔ اسکے علاوہ ابتدائی دور میں قرآن پاک کے علاوہ حضور ﷺ نے ہر چیز لکھنے سے منع فرمایا تھا۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے۔ مجھ سے سن کر کوئی بات مت لکھو جس نے قرآن مجید کے سوا مجھ سے کوئی چیز لکھی ہو وہ اسے مٹا دے۔ البتہ مجھ سے سن کر حدیثیں بیان کرو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اور جس نے مجھ پر دانستہ جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔[38] آپ ﷺ نے یہ حکم اس لیے فرمایا تھا کہ قرآن وغیر قرآن آپس میں خلط ملط نہ ہو جائیں۔ چنانچہ مندرجہ بالا بحث سے یہ نتیجہ اخذ ہوا کہ دور رسالت میں یہ دوامور اصول تفسیر تھے؛ کلام عرب کا ذوق اور فرمان نبوی ﷺ (یعنی حدیث و سنت)۔

## تفسیر واصول تفسیر کا آغاز وارتقاء

قرآن مجید کے نزول کا بنیادی مقصد، تلاوت آیات اور احکام میں غور و فکر کر کے ان سے نصیحت حاصل کرنا ہے۔ پھر غور و فکر کر کے اسکے معنی بیان کرتے وقت چند اصول وضوابط مد نظر رکھنا پڑتا ہے لہذا اصول تفسیر کی تدوین اگرچہ بعد میں ہوئی ہے مگر اسکی تاریخ اسی وقت سے شروع ہوتی ہے جب سے نزول قران کا آغاز ہوا۔

قرآن مجید جس قوم پر نازل ہوا وہ امی تھی مگر زبان و قلب سے محروم نہ تھی، ان کے ہاں شعر و شاعری اور ضرب الامثال بھی استعمال ہوتے تھے، ان کا اسلوب کلام متنوع ہوا کرتا تھا جس میں تشبیہ، استعارہ، صریح، کنایہ، ایجاز و اطناب سے انواع سخن شامل تھے۔ اور انہیں اپنی زبان دانی پر اتنا فخر تھا کہ اپنے علاوہ باقی اقوام کو عجمہ کہہ کر پکارا کرتے تھے۔

انکا یہ فخر بے جانہ تھا بلکہ وہ فصاحت وبلاغت کے لحاظ سے سب پر حاوی تھے۔ قرآن مجید بھی اس دور کی عربی زبان میں اترا اور آپ ﷺ کا معجزہ قرآن باقی انبیاء کے معجزات کی طرح اپنی قوم کے حسب حال تھا اہل زبان میں سے جس نے اسکو سنا وہ اسکی عظمت و برتری کا اعتراف کیے بغیر نہ رہ سکا۔ قرآن پاک جس کو بنی آدم کی فلاح و بہبود کے لیے نازل کیا گیا ہے ایک مکمل ضابطہ حیات اور جامع قانوں ہدایت ہے۔ چنانچہ اس قانون ہدایت کے مقنن اعظم نے محض الفاظ کی تعلیم ہی نہیں دی بلکہ اسکی تعبیر و تفسیر کا حق اپنے پیغمبر محمد ﷺ کو عطا کیا اور انکے کے ہر قول و فعل کو حجت بنا دیا۔

علم تفسیر کے ارتقاء سے متعلق بہت سارا ذخیرہ پایا جاتا ہے۔ مثلاً التفسیر والمفسرون از محمد حسین ذھبی، تاریخ تفسیر و اصول تفسیر از پروفیسر میاں منظور احمد، تفسیر و تاریخ تفسیر و مفسرین از غلام احمد حریری، تبیان الراسخ معروف بہ تاریخ التفسیر از قاضی عبد الصمد صارم۔ ان تمام اور ان کے علاوہ بہت سے دوسرے مصنفین نے تفسیری ارتقاء کو بڑی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ جبکہ اصول تفسیر کے ارتقائی مراحل کیا رہے اور اس نے کس طرح مدون علم کی شکل اختیار کی۔ اس کے تفصیلی جائزہ کی ضرورت ہے۔ ذیل میں اصول تفسیر کے ارتقائی مراحل کو ذکر کیا جا رہا ہے اگرچہ تفسیر کے ارتقاء اور اصول تفسیر کے ارتقاء کو کلی طور پر جدا نہیں کیا جا سکتا پھر بھی یہ کوشش کی گئی ہے کہ تفسیر کے ارتقاء کو ضمناً اور اصول تفسیر کے ارتقاء کو اصلاً بیان کیا جائے۔

## اصول تفسیر عہد رسالت اور دور صحابہ میں

عہد رسالت میں تفسیر قرآن کا دائرہ طویل نہیں تھا کیونکہ قرآن پاک صحابہ کے سامنے نازل ہو رہا تھا اور ان کے لیے زبان و بیان کا کوئی مسئلہ نہیں تھا اس لیے ہر آیت کی تفسیر کے لیے آپ ﷺ کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی تھی۔ جب کسی آیت کے فہم میں دشواری محسوس ہوتی تو صحابہ کرام حضور ﷺ سے اس کی تفسیر

" قرآن مجید کے معانی کو اپنے سیاق وسباق اور وحی منزل میں اللہ تعالیٰ کی مراد کو سمجھنے کے معروف اصول و قواعد کی روشنی میں واضح کرنے کا نام اصول تفسیر ہے۔"

اصول تفسیر ان قواعد کا نام ہے جو کسی مفسر کے تفسیری خاکہ کو منضبط کرتے ہیں۔ اور مفسر کے اس تفسیری خاکہ اور اس کے فہم اور استنباط کی غلطی کے درمیان ایک محافظ کا کام کرتے ہیں۔ مزید یہ کہ تفسیر میں معنی و مراد کو علی وجہ الافضل بیان کرنے میں مفسر کے مددگار ہوتے ہیں۔

شیخ ابن تیمیہؒ نے اصول تفسیر کی تعریف درج ذیل الفاظ میں کی ہے:

مجموعة القواعد التی ینبغی ان یسیر علیها المفسّرون فی فهم المعانی القرآنیةوتعرف العبر والاحکام من الایات۔[28]

"اصول تفسیر ان قواعد کے مجموعے کا نام ہے جن کا لحاظ رکھنا مفسرین کے لیے معانی قرآن کے فہم اور آیات سے مستنبط حِکم واحکام کی پہچان کے لیے نہایت ضروری ہے۔"

## اصول تفسیر اور علوم قرآن

مفسرین اپنے تفسیری مقدمات میں وہ علوم جو آیات قرآنیہ کے فہم و ادراک اور کلام خداوندی کو سمجھنے کے لیے حاصل کیے جاتے ہیں انہیں بھی اصول تفسیر میں شمار کرتے ہیں۔ اگرچہ ایک گونہ فرق ان دونوں یعنی اصول تفسیر اور علوم القرآن میں پایا جاتا ہے۔ ایک مدون فن کی حثیت سے علوم قرآن سے مراد وہ تمام علوم ومباحث علمیہ ہیں جو قرآن مجید سے متعلق ہیں اور فہم قرآن کے طالب علم کے لیے ناگزیر ہیں۔ مثلاً قرآن کی قرآت کا تعارف، اسکی فنی تعریف، نزول قرآن کی کیفیت، قرآن کی تدوین و کتابت، جمع و ترتیب، مکی و مدنی کی معرفت، اسباب نزول، ناسخ و منسوخ، محکم و متشابہ۔[29] اور ایک مفسر کا ان کو جاننا ضروری ہے۔ جبکہ اصول تفسیر سے مراد وہ قواعد وکلیہ ہیں جن کی روشنی میں ہی ایک مفسر تفسیر میں کسی خاص اسلوب کا پابند رہتا ہے۔ مثلاً قرآن کی تفسیر بالقرآن کا قاعدہ اور تفسیر میں عقل کا کیا درجہ ہوگا وغیرہ وغیرہ۔ گویا ایک مفسر کے لیے علوم القرآن واصول تفسیر دونوں کا ہی جاننا ازبس ضروری ہے۔

متقدمین، متاخرین، اور معاصرین نے اصول تفسیر کے حوالہ سے جتنی تصنیفات، تالیفات اور تحقیقات کی ہیں اکثر و بیشتر سب کے ناموں میں علوم القرآن کا لفظ استعمال کیا ہے۔[30] لہذا اصول تفسیر کو علوم القرآن ہی کی ایک شاخ کے طور پر ذکر کیا جا سکتا ہے۔

اصول کا واحد اصل ہے بطور مفرد یہ لفظ قرآن مجید میں دو مقامات پر استعمال ہوا ہے۔ایک مقام پر پاکیزہ درخت کی جڑ اور بنیاد کے لیے، جب کہ دوسرے مقام پر جہنمی درخت کی جڑ اور بنیاد کے لیے۔پاکیزہ کلمہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَیِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَیِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾[23]

"کیا آپ نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح پاکیزہ بات کی مثال بیان کی کہ وہ مثل ایک پاکیزہ درخت کے ہے، جس کی جڑ مضبوط ہے اور جس کی ٹہنیاں آسمان میں ہیں۔"

دوسرے مقام پر جہنم میں اگنے والے درخت زقوم کے بارے میں فرمایا:

إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ۔[۲۴]

"تحقیق وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی جڑ میں نکلتا ہے۔"

اس مادہ سے قرآن مجید میں اَصیل اور آصال بھی مستعمل ہے۔[25] گویا شاخوں کا انحصار جس تنے اور جڑ پر ہوتا ہے اس کو اصل یا اصول کہتے ہیں۔

## اصول کا اصطلاحی مفہوم

اصطلاح میں اصول ان قواعد و کلیہ کو کہتے ہیں جن پر جزئیات کا انحصار ہوتا ہے۔اور ان سے جزئیات کے حالات و خصوصیات کا علم حاصل ہوتا ہے۔اصولیین نے اس لفظ اصل کو بمعنی دلیل، قاعدہ، حالت اصلی اور راجح کے استعمال کیا ہے۔[26] چنانچہ اصول سے مراد کسی بھی علم و فن کی بنیادیں ہیں جن کے بنا وہ علم قائم نہیں رہ سکتا۔

"اصول تفسیر" مرکب اضافی ہے، جس سے مراد وہ بنیادی قواعد و کلیہ ہیں جن کی مدد سے قرآن مجید کے علوم و معارف کو حاصل کیا جاتا ہے اور ایک مفسر کے لیے ان سے کوءی مفر نہیں۔اصول تفسیر سے مراد وہ علم ہے جس میں قرآن مجید کے معنی و مفہوم اور مطلب کی تشریح پر کئی طریقوں سے بحث کی جاتی ہے۔دوسرے الفاظ میں ایک مفسر کو قرآن مجید کی تشریح کرتے ہوئے جن اصول و قواعد کا پابند رہنا پڑتا ہے ان قواعد کا نام اصول تفسیر ہے۔یعنی اگر ان اصولوں کی پابندی نہ کی جائے تو حاصل شدہ مواد پر قرآن مجید کی تفسیر کا اطلاق نہ ہو گا۔چنانچہ انحرافی مکتب فکر کی کتب پر بھی لفظ تفسیر کا اطلاق ایسا ہی ہے جیسا کہ موضوع حدیث پر لفظ حدیث کا اطلاق۔صاحب کشاف نے اصول تفسیر کی اصطلاحی تعریف درج ذیل الفاظ میں کی ہے:

هو الكشف عن معانی الفاظ القرآن الكريم فی سياقاتها حسب قواعد و اصول معروفة لفهم مراد الله تعالىٰ من وحيه المنزل۔[27]

پھر تفسیر بالرائے کو مزید تفسیر بالرائے المحمود اور تفسیر بالرائے المذموم کی ذیلی اقسام کے طور پر بھی ذکر کیا جاتا ہے۔ان اقسام کی بنیادی تقسیم کے بعد تفسیر کے مناہج جو اگرچہ ان ہی اقسام میں آ جاتے ہیں، کو بیسیوں کی تعداد میں ذکر کیا گیا ہے۔ یہ رجحانات عصری ضرورتوں اور تقاضوں کے تحت وجود میں آئے ہیں۔ جیسے قرون اولیٰ میں فقہی ابحاث اور مسائل کے اخذ و استنباط کے لیے احکام القرآن یعنی فقہی رجحان کی تفاسیر لکھی گئیں اور سائنسی ترقی کے موجودہ دور میں تفسیر کا علمی رجحان سامنے آیا۔ان رجحانات کو شاہ ولی اللہؒ، محمد حسین ذھبی اورڈاکٹر فہد الرومی نے تفصیلاً ذکر کیا ہے۔[19] ان رجحانات میں جن پر تصنیفات پائی جاتی ہیں ان میں اثری، کلامی، فقہی، نحوی ولغوی،ادبی، قراءات کا رجحان، اشاری، فلاسفہ کا رجحان، علمی وسائنسی، الحادی، موضوعی، بلاغی وغیرہ شامل ہیں۔

## اصول تفسیر کا مفہوم

اصول تفسیر سے مراد وہ اصول ہیں جو کوئی مفسر اپنی تفسیر کے لیے مقرر کرتا ہے ۔ عموماً اصول تفسیر اور علوم القرآن کو آپس میں ملا دیا جاتا ہے جس سے یہ واضح نہیں ہوتا کہ اصول تفسیر اور علوم القرآن میں کیا فرق ہے۔ جبکہ اصول تفسیر کسی مفسر کا منہج علمی ہوتا ہے اور علوم القرآن وہ طے شدہ علوم ہیں جن کا جاننا کسی مفسر کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ اصول تفسیر دو کلموں سے مرکب ہے۔ پہلے ان دونوں کی علاحدہ توضیح کی جاتی ہے۔پھر مرکب کے طور پر اس کا مفہوم بیان کیا جائے گا۔

## اصول کا لغوی مفہوم

اصول اصل کی جمع ہے۔اس کا مادہ (ا ص ل) ہے جسکے معنی بنیاد، جڑ، کسی چیز کا نچلا حصہ جس پر وہ بنی ہو۔ ابن منظور الافریقی کہتے ہیں:

الأصل: أسفل كل شيئ استأصيلت الشجرته : ثبت أصلها۔[20]

"کسی چیز کے کل اور مجموعے کو الاٴصیلۃ کہتے ہیں۔"

اس معنی میں عرب لوگ کہتے ہیں:لا اٴصل لہ ولا فصل، الاصل الحسب، والفصل اللسان،یعنی نہ اسے نسبی شرافت حاصل ہے اور نہ لسانی۔[21]

## قرآن مجید میں استعمالات

یہ لفظ اصول جمع کے طور پر قرآن مجید میں ایک جگہ استعمال ہوا ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآىِٕمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ [۲۲]

"تم نے جو بھی کھجور کے درخت کاٹ ڈالے یا جنھیں تم نے ان کی جڑوں پر باقی رہنے دیا، یہ سب اللہ تعالیٰ کے فرمان سے تھا۔ اور اس لیے کہ فاسقوں کو اللہ تعالیٰ رسوا کرے۔"

تشریح کو بھی تفسیر نہیں کہا جاسکتا بلکہ اسکے لیے شرح الحدیث کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اس علم کی ضرورت، اہمیت اور غرض وغایت وغیرہ کے ساتھ ساتھ تفسیر و تاویل میں فرق کے مباحث اس علم کو سمجھنے میں معین ومددگار ہیں۔[15] تفسیر، تاویل اور تحریف کے فرق کو علامہ خالد محمود نے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی (م1239ھ / 1823) کے اصول تفسیر کے حوالہ سے واضح کیا ہے۔ شاہ صاحب تفسیر میں تین چیزوں کی رعایت ضروری سمجھتے ہیں۔

1. ہر ہر کلمہ کے متعلق یہ جاننا کہ اس کا لغوی معنی کیا ہے اور یہ کہ اس کے مجازی استعمال کی وسعت کہاں تک ہے۔
2. سیاق وسباق پر پوری نظر رکھنا تاکہ کلام اوّل آخر سے مربوط رہے کسی مرحلہ پر بے معنی نہ ہونے پائے۔
3. نزول وحی کے وقت جو لوگ موجود تھے انہوں نے اس سے کیا سمجھا تھا کوئی تشریح حضور ﷺ کے بیان اور صحابہؓ کی تفسیر کے خلاف نہ ہو۔

شرط اوّل کا لحاظ نہ رہے تو یہ تاویل قریب ہے۔ دوسری شرط فوت ہو تو یہ تاویل بعید ہے اور تیسری بھی ملحوظ نہ رہے تو یہ تفسیر نہیں تحریف ہوگی۔[16]

## علم تفسیر کی اقسام

علم تفسیر کی اقسام پر بحث سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس بات کو بھی واضح کیا جائے جو ایک عامی[17] ذہن میں یہ سوال پیدا کرتی ہے کہ تفسیر کی اقسام کیوں اور کیسے وجود میں آئیں جبکہ اللہ کا کلام ایک ہے اور اس کا معنی ومراد اللہ تعالیٰ کے رسول جناب محمد رسول اللہ ﷺ نے واضح کر دیا اور صحابہ کرامؓ نے اس کی عملی تصویر بھی پیش کر دی۔ اس بات کو مختصراً اس طرح سمجھا جائے کہ قرآن مجید کی تفسیر کے لیے تفسیر و تأویل دو طرح کی اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں۔ تفسیر کے معنی کسی لفظ اور جملے کی مراد کو کھولنا اور بیان کرنا ہیں۔ جبکہ تأویل کے معنی رجوع کرنے اور لوٹانے کے ہیں۔ یعنی قرآن مجید کے الفاظ کو ظاہری معنی سے ہٹا کر باطنی معنی کی طرف لوٹا دینا۔ خالد علوی لکھتے ہیں:

ضرورتِ پیش آمدہ میں جہاں قرآن کریم کی نص نہیں ملتی نہ اس خاص جزئیہ میں کوئی واضح حدیث موجود ہو تو اپنی ضرورت کو قرآن وحدیث کی طرف لوٹاؤ۔ قرآن وحدیث کے بیان کردہ مسائل میں اگر اس ضرورت پیش آمدہ پر کچھ دلالت اور رہنمائی ملے تو قرآن وحدیث کی طرف لوٹنا ہے لیکن ازراہِ تأویل نہ کہ ازراہِ تفسیر۔ قرآن کریم میں یہاں احسن تأویل اسی کو کہا گیا ہے۔[18]

چنانچہ تفسیر کرتے ہوئے لازماً تأویل سے بھی کام لینا پڑے گا۔ جو صحابہ کرامؓ کے دور سے آج تک لیا جا رہا ہے۔ اور تأویل صحیح اور تأویل فاسد اسی ذیل میں سامنے آتی ہیں۔ اور اسی طرح تفسیر کو اصول تفسیر کی روشنی میں بیان کرنا اور نہ کرنا سے ہی تفسیر المحمود اور تفسیر المذموم کی اقسام وجود پذیر ہوئیں۔ چنانچہ تفسیر میں صرف آثار سے کام لینا یا پھر رائے اور اجتہاد واستنباط سے تفسیر بیان کرنے کی بنیاد پر دو مشہور اقسام تفسیر بالماثور اور تفسیر بالرائے میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

التفسير علم يعرف به فهم كتاب الله المنزل على نبيه محمد صلى الله عليه وسلم وبيان معانيه واستخراج أحكامه وحكمه، واستمداد ذلك من علم اللغة، النحو والتصريف وعلم البيان واصول الفقه والقراءت ويحتاج معرفة أسباب النزول والناسخ والمنسوخ.[12]

"تفسیر وہ علم ہے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی اس کتاب کا فہم حاصل ہوتا ہے جو اسکے نبی محمد پر نازل ہوئی ہے۔ جس کے ذریعے اس کے معانی کی وضاحت ہوتی ہے اور جس کے ذریعے اس کے احکام و حکمتیں معلوم کی جاتی ہیں۔ اور اس سلسلے میں علم لغت، نحو، صرف، علم بیان، اصول فقہ اور قرآت سے مدد لی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں اس کے لیے اسباب نزول اور ناسخ و منسوخ کی معرفت بھی ضروری ہے۔"

جلال الدین سیوطی (م 911ھ / 1505ء) فرماتے ہیں:

التفسير في الإصطلاح علم نزول الآيات وشوؤنها وأقاصيصها وأسباب النازل فيها ثم تركيب مكيها ومدنيها ومحكمها ومتشابهها وناسخها ومنسوخها وخاصها وعامها، مطلقها ومقيدوها ومجملها ومفصلها وحلالها وحرامها ووعدها ووعيدها وأمرها ونهيها وعبرها و أمثالها۔[13]

"اصطلاح میں تفسیر ایک ایسا علم ہے جس میں قرآنی آیات کے نزول، انکے واقعات و متعلقہ اسباب نزول نیز مکی و مدنی، محکم و متشابہ، ناسخ و منسوخ، خاص وعام، مطلق و مقید، مجمل و مفسر، حلال و حرام، وعدہ، وعید، امر و نہی اور عبرت و امثال وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔"

علامہ عبد العظیم الزرقانی (م 1367ھ / 1948ء) نے مناہل العرفان میں سب سے زیادہ مختصر اور جامع و مانع تعریف کی ہے:

والتفسير في الإصطلاح علم يبحث فيه عن القرآن الكريم من حيث دلالاته على مراد الله تعالى بقدر طاقة البشرية۔[14]

"اصطلاح میں تفسیر وہ علم ہے جس میں قرآن کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔ اس حیثیت سے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی مراد پر بشری طاقت کے مطابق دلالت کرتا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ انسانی طاقت و صلاحیت کے مطابق قرآنی آیات سے اللہ تعالیٰ کی مراد معلوم کرنے کو تفسیر قرآن کہا جاتا ہے۔"

درج بالا بحث سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ لغوی اعتبار سے تو تفسیر کا اطلاق ہر قسم کی وضاحت پر ہوتا ہے مگر اصطلاح میں تفسیر کا لفظ صرف قرآن مجید کی تشریح و توضیح کے ساتھ مخصوص ہے۔ یہاں تک کہ حدیث رسول کی

امام راغب اصفہانی (م502ھ-1108ء)[7] کے نزدیک فسر کا استعمال اشیا عقلیہ اور معانی میں ہوتا ہے۔ جبکہ سفر کسی ٹھوس شے کے ظہور میں استعمال ہوتا ہے۔[8]

لفظ تفسیر بیان اور وضاحت کے معنوں میں خود قرآن میں بھی استعمال ہوا ہے۔

وَلَا يَأْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿٣٣﴾[9]

"اور نہیں لاتے یہ لوگ تیرے سامنے کوئی عجیب سوال مگر یہ کہ ہم آپ کے پاس سچا اور قطعی جواب اور بہترین وضاحت لے آتے ہیں۔"

اس طرح حدیث شریف میں تفسیر کا لفظ ترجمہ، تشریح اور احکام و مسائل کی وضاحت، تفصیل اور بیان کے لئے استعمال ہوا ہے۔ جیسے سنن ابن ماجہ میں حضرت عمرؓ کا ارشاد منقول ہے:

ان آخر ما نزلت آية الرّباء، وان رسول اللهﷺ قبض ولم يفسرها لنا فدعوا الرباء والريبة۔[10]

"آیت ربا سب سے آخر میں نازل ہوئی، رسول اللہ ﷺ وفات فرما گئے جب کہ آپ ﷺ نے ہمارے لیے اس کی تشریح نہیں فرمائی تھی، لہٰذا تم سود اور شک کو چھوڑ دو۔"

مندرجہ بالا تصریحات سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ تفسیر کا لفظ بلحاظ لغت محسوسات اور معقولات دونوں کے اظہار اور بیان کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

## تفسیر کا اصطلاحی مفہوم

اصطلاح میں تفسیر کے معنی ہیں (مقررہ حدود و قیود کا لحاظ رکھتے ہوئے) قرآن مجید کی تشریح و توضیح اور تفصیل کرنا، اس کے مشکل الفاظ اور جملوں کے مفہوم و مطلب کو ظاہر کرنا۔ مفسرین نے تفسیر کے اصطلاحی مفہوم کے بارے میں مختلف آرا بیان کی ہیں، جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

علامہ ابو حیان اندلسی (م745ھ/1344ء) نے علم تفسیر کی درج ذیل تعریف کی ہے:

التفسير علم يبحث فيه عن كيفية النطق بالفاظ القرآن ومدلولاتها وأحكامها الإفرادية والتركيبية ومعانيها التى تحمل عليها حالت تركيب وتتمات لذلك[11]

"علم تفسیر وہ علم ہے جس میں قرآن مجید کے الفاظ کے تلفظ، انکے معانی و مفاہیم اور ان کے افرادی و ترکیبی احکام اور ان معانی سے بحث کی جاتی ہے جو ان الفاظ سے مرکب حالت میں مستنبط ہوتے ہیں اور ان کے تتمات سے بحث کی جاتی ہے۔"

علامہ الزرکشی (م795ھ / 1393ء) نے تفسیر کو فہم قرآن کا ذریعہ قرار دیا ہے:

## تفسیر کا تعارف و مفہوم

اللہ تعالیٰ نے انسانیت کی ہدایت ور ہنمائی کے لیے انبیاء ورسل کو مبعوث فرمایا۔ ان انبیاء علیہم السلام پر نزول وحی کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوا اور حضرت محمد ﷺ پر ختم ہوا۔ انبیا کرام پر نازل کردہ مصاحف اور چار کتابوں میں سے آج صرف قرآن مجید کا متن محفوظ ہے اور یہ متن قرآن تا قیامت آنے والے انسانوں کی فکری، مادی، روحانی، تہذیبی، انفرادی اور اجتماعی معاملات میں رہنمائی کا بنیادی ماخذ ہے۔ قرآن ہی خدا کی مضبوط رسی ہے۔ وہی ذکر حکیم اور صراط مستقیم ہے۔ مگر اس صحیفہ ہدایت کو سمجھنا اور اس سے معنی و مفہوم اخذ کرنا ایک باقاعدہ علم کا متقاضی ہے۔ کیونکہ قرآن پاک کے علوم و مقاصد صرف اس کے منطوق اور ظاہر میں منحصر نہیں اگر ایسا ہوتا تو تلاوت اور عبادت کے بعد اس کے بیان و تبیان اور پھر اس میں تدبر کی قطعاً کوئی ضرورت نہ تھی حالانکہ قرآن عزیز خود اس ضرورت کا اعلان کرتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ۔[1]

"اور ہم نے تم پر بھی یہ کتاب نازل کی ہے تاکہ جو (ارشادات) لوگوں پر نازل ہوئے ہیں وہ ان پر ظاہر کردو اور تاکہ وہ غور کریں۔"

اور یہی وہ ضرورت اور مقصد عظیم تھا جس کے پیش نظر علم تفسیر کی تدوین عمل میں آئی۔

## تفسیر کا لغوی مفہوم

تفسیر کا مادہ فسر ہے۔ یہ باب تفعیل سے مصدر کا صیغہ ہے۔ جس کے معنی ہیں کسی مجمل بات کی وضاحت کرنا یا کسی مخفی چیز سے پردہ اٹھانا وغیرہ۔ ابن منظور الافریقی (م 1311ء بمطابق 711ھ)[2] لکھتے ہیں:

الفسر كشف المغطى والتفسير كشف المراد عن اللفظ المشكل.[3]

"فسر کے معنی ہیں: ڈھانپی ہوئی چیز کو کھولنا اور تفسیر کے معنی ہیں: مشکل الفاظ کی مراد سے پردہ اٹھانا"

جمال الدین أبو الفرج عبد الرحمن ابن الجوزی (م 597ھ)[4] نے تفسیر کی تعریف یوں کی ہے:

التفسير إخراج الشئ من مقام الخفاء إلى مقام تجلى[5]

"کسی چیز سے اسکے مخفی پن کو ختم کرکے واضح و متین کرنے کا نام تفسیر ہے۔"

القاموس المحیط میں مجد الدین فیروز آبادی (م 817ھ) فرماتے ہیں:

الفسر الإبانة وكشف المغطى كالتفسير والفعل كضرب ونصر[6]

"فسر کے معنی ہیں ظاہر کرنا، پردہ اٹھانا اور یہی معنی تفسیر کے ہیں۔ اسکا فعل ضرب، یضرب اور نصر، ینصر کے باب پر آتا ہے۔"

# تفسیر واصولِ تفسیر: مفہوم، ارتقاء اور اقسام

# Interpretation and Principles of Interpretation: Concepts, Evolution and Types

*ظفر اقبال


## ABSTRACT

Qur'an is Divine guidance for Human beings. Efforts are listed from the early Islamic period to date to understand the text of this guidance. Holy Prophet Muhammad (SAW) was the first exegete, His companions and followers were the next ones and this chain continues till now. In the third century Hijra, exegesis of Qur'an got the position of permanent science and then the work, in this field, was started in different dimensions. Many writers wrote permanent exegesis and others worked on its branches; i.e. Uloom ul Quran, Mushkalat ul Quran, Ghraib ul Quran, Nasikh-o-Mansookh, Ijaz ul Quran, etc. In this article, a basic introduction to this science, its branches, and its principles are discussed. It is found that exegesis work started from the early Islamic period and continues till now and many branches in exegesis work took place beside the development of its principles and helping sciences. Usool-e-Tafseer (Principles/Methods of illustration) are compiled, the first time in seven century hijra by Ibn Taymiyyah with this name. Later on, many books were written in this field, especially the territory of the subcontinent got a special place in this science. There are three schools of thought exist regarding this science. Everyone published their own work and insisted to describe the Quranic text according to their own principles. These principles also exist in the prefaces of the exegeses.


***KEY WORDS:*** *Qur'an, Holy Prophet Muhammad (SAW), Ghraib ul Quran, Uloom ul Quran, Mushkalat ul Quran.*

*لیکچرار شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

62 ۔ الحجرات،1:49

63 ۔ النساء،64:4

64 ۔ البقرۃ،104:2

65 ۔ المائدۃ،101:5

66 ۔ مسلم، الجامع الصحیح، کتاب الحج، باب فرض الحج مرۃ فی العمر، رقم الحدیث:2،1337/ 975

67 ۔ النور،62،24

68 ۔ الاحزاب،53:33

69 ۔ الاحزاب،6:33

37 ۔ لقمان، 13:31

38 ۔ النعام، 88:6

39 ۔ الزمر، 65:39

40 ۔ التوبۃ، 5:9

41 ۔ ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، السنن، تحقیق: محمد محی الدین عبد الحمید، کتاب الفتن والملاحم، باب ذکر الفتن ودلائلھا، رقم الحدیث: 4252، المکتبۃ العصریۃ، بیروت، 4/97؛

ابن ماجۃ، ابو عبد اللہ محمد بن یزید قزوینی، السنن، تحقیق: محمد فؤاد عبد الباقی، کتاب الفتن، باب مایکون من الفتن، رقم الحدیث: 3952، داراحیاء الکتب العربیۃ، 2/1304

42 ، الزمر، 53:39

43 ۔ یونس، 18:10

44 ۔ الانعام، 6:78-79

45 ۔ الکھف، 110:18

46 ۔ الکافرون، 109:1-2

47 ۔ ایضا: 5

48 ۔ البقرۃ، 21:2

49 ۔ النمل، 86:16

50 ۔ الاعراف، 54:7

51 ۔ الانعام، 121:6

52 ۔ الانعام، 136:6

53 ۔ ایضا: 137

54 ۔ الانعام، 6:138-139

55 ۔ المائدۃ، 2:5

56 ۔ النساء، 59:4

57 ۔ الانفال، 24:8

58۔ بیہقی، احمد بن حسین بن علی، تحقیق محمد عبد القادر عطا، السنن الکبریٰ، جماع ابواب الشھید ومن یصلی علیہ، باب الجنب یستشھد فی المعرکۃ، رقم الحدیث: 6814، الطبعۃ الثالثۃ، 1428ھ-2003م، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، 4/22

59 ۔ النور، 63:24

60 ۔ الاحزاب، 33:45-46

61 ۔ ابراھیم، 9:14

10 ۔ الاخلاص:112/1

11 ۔ لؤی الطیبی، اسالیب التنبیہ، شبکۃ الفصیح لعلوم اللغۃ العربیۃ:www.alfaseeh.com/vb/archive/index

12 ۔ ابراھیم:14/10

13 ۔ الاخلاص:112/1

14 ۔ الاعراف:7/65

15 ۔ ایضا،66-68

16 ۔ النحل:16/86

17 ۔ الحج:22/73

18 ۔ الانعام:6/73

19 ۔ یٰسین:36/82

20 ۔ الانعام:6/162-163

21 ۔ یٰسین:36/22

22 ۔ الکوثر:108/2

23 ۔ البقرۃ:2/21

24 ۔ الاعراف:7/65

25 ۔ القصص:28/88

26 ۔ الاعراف:7/54

27 ۔ الانعام:6/73

28 ۔ النساء:4/59

29 ۔ الماعون:107/1

30 ۔ الماعون:107/4-7

31 ۔ مسلم بن حجاج، الجامع الصحیح، تحقیق محمد فواد عبد الباقی، کتاب البر والصلۃ والآداب، فصل عیادۃ المریض، رقم الحدیث:2569، داراحیاء التراث العربی، بیروت۔

32 ۔ محمد:47/38

33 ۔ البقرۃ:2/217

34 ۔ النساء:4/116

35 ۔ الانفطار:82/6

36۔ بخاری، ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، تحقیق: محمد زھیر بن ناصر الناصر، کتاب الشھادات، باب ما قیل فی شھادۃ الزور، رقم الحدیث:2654، الطبعۃ الاولیٰ، 1422ھ، دار طوق النجاۃ، 3/172

سے بیان کیا گیا ہے اور بالخصوص ان آیات کو موضوعِ بحث بنایا گیا ہے جن میں تنبیہ کا پہلو پایا جاتا ہے تاکہ ان تنبیہات کے ذریعے ان عقائد سے متعلق احکام کی پہچان کر کے اپنی زندگیوں پر لاگو کیا جائے۔

## تجاویز و سفارشات:

اس تحقیقی بحث کے بعد درج ذیل اہم امور کا ذکر ضروری ہے جن کا عملی تحقیقی دونوں اعتبار سے پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے کہ:

- قرآن میں تنبیہات کی مختلف جہتوں کا مطالعہ کر کے عملی اقدام کے لئے ملت کے افراد کی تربیت کی جائے۔
- محققین اصلاحِ احوال سے متعلق موضوعات کا انتخاب کر کے مسلم قوم کی نشاطِ ثانیہ کے لئے کام کریں تاکہ اخلاقی قباحتیں جو مجموعی طور پر مسلم قوم میں رچ بس چکی ہیں ان سے بچاؤ کا سامان کیا جاسکے۔
- قرآن پاک کتابِ ہدایت ہے لہذا اس میں اصلاحِ معاشرہ کی جہتوں کا انتخاب کر کے نوجوان نسل کی اصلاح کیلئے لٹریچر تیار کیا جائے تاکہ نوجوانوں کی اصلاح کا سامان کر کے ان کو معاشرے کا کارآمد فرد بنایا جاسکے۔
- تنبیہاتِ قرآنی کا ایک نصاب متعین کر اصلاحی پہلوؤں پر تدریس، تقریر اور تحریر کے ذریعے اصلاحِ احوال کی طرف توجہ دی جائے۔

## حواشی و حوالہ جات


1 ۔ زبیدی، ابوالفیض مرتضیٰ، تاج العروس من جواهر القاموس، فصل النون، دارالهدیۃ، بیروت، 3/517

2 ۔ جرجانی، علی بن محمد بن علاؤالدین، التعریفات، باب التاء، دارالکتب العلمیۃ، بیروت، لبنان، 1/67

3 ۔ ازدی، ابو بکر محمد بن الحسن بن درید، جمهرة اللغۃ، دار علم للملایین، بیروت، الطبعۃ الاولیٰ، 1987م، 2/485

4 ۔ عضیمہ، محمد بن عبد الخالق بن علی، المغنی فی تصریف الافعال، دارالحدیث، القاهرة، الطبعۃ الثانیۃ، 1420ھ-1999م، 2/158

5 ۔ ثعلب، احمد بن یحیٰ بن زید بن سیار، قواعد الشعر، مکتبۃ الخانجی، القاهرة، الطبعۃ الثانیۃ، 1995م، 2/145

6 ۔ نہاوندی الزجاجی، عبد الرحمٰن بن اسحاق، حروف المعانی والصفات، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، الطبعۃ الاولیٰ، 1984م، 3/145

7 ۔ الغلایینی، شیخ مصطفیٰ، جامع الدروس العربیۃ، المکتبۃ العصریۃ، بیرات، 1415ھ-1994م، 3/260-261

8 ۔ حوالہ سابقہ، 3/262

9 ۔ https://www.almaany.com/ur/dict/

جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جاؤ نہ کہ باتیں کرنے کے لئے جم کر بیٹھے رہو بے شک یہ بات نبی کو تکلیف دیتی ہے اور وہ تم سے حیاء کرتے ہیں (کہ تمہیں چلے جانے کا کہیں) لیکن اللہ تعالیٰ حق بات کہنے سے حیاء نہیں فرماتا اور جب نبی کی بیویوں سے کوئی چیز مانگو تو پردہ کے پیچھے سے مانگا کرو یہ تمہارے دلوں کے لئے زیادہ پاکیزہ ہے اور ان کے دلوں کے لئے بھی اور تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم نبی کو ایذاء دو اور نہ ہی یہ جائز ہے کہ آپ ﷺ کے بعد آپ کی بیویوں نکاح کرو، بے شک یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑا گناہ ہے"

اس آیت میں آپ ﷺ کے ادب کے حوالے سے درج ذیل امور کو بیان کیا گیا ہے:

- نبی کریم ﷺ کے گھر آپ ﷺ کی اجازت کے بغیر نہ جایا جائے؛
- آپ ﷺ کے گھر بعد از اجازت تب جایا جائے جب کھانے پر بلایا جائے نہ کہ پہلے وہاں جا کر بیٹھا جائے؛
- دعوت پر کھانا کھانے کے بعد آپ ﷺ کے دولت کدہ پر بات چیت کے لئے نہ بیٹھا جائے بلکہ رخصتی کی اجازت لئے بغیر ہی چلے جایا جائے؛
- آپ ﷺ کے دستر خوان پر بیٹھ کر برتنوں کو نہ جھانکا جائے جس طرح کہ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے؛
- ازواجِ مطہرات سے ضرورت کی کوئی چیز لینا مقصود ہو تو پردہ کے پیچھے رہ کر مانگا جائے اور حرمِ رسول ﷺ کی حرمت کا خیال رکھا جائے؛
- نگاہ اور دل کی طہارت کا سامان کیا جائے اور کوئی ایسا کام نہ کیا جائے جو رسول اللہ ﷺ کے لئے اذیت کا باعث بنے؛
- رسول اللہ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی ازواج سے نکاح نہ کرو کیونکہ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ[69] کے تحت وہ مومنوں کی مائیں ہیں جن کے ساتھ نکاح حرام ہوتا ہے۔
- رسالت پر ایمان کے بعد ان امور کی پاسداری ایمان کا تقاضا ہے اگر ان میں سے کسی معاملہ میں بھی کوتاہی ہو گئی تو سب کچھ ضائع ہو جائے گا۔ اصحابِ رسول ﷺ کی تعلیم کے ذریعے امت کو مقامِ نبوت سے آگاہ کیا گیا اور تا قیامت اس کو ملحوظ رکھنے کا حکم دیا گیا۔

## خلاصہ بحث:

اس مقالہ میں لفظِ تنبیہ کی وضاحت کرتے ہوئے قرآن پاک میں عقائد میں عقیدہ توحید و رسالت سے متعلق تنبیہ کی تین جہات توحید، رد شرک اور عقیدہ رسالت کے حوالے سے بحث کی گئی ہے۔ پھر ان سے متعلق تنبیہات کو ذیلی عنوانات کے تحت ان سے متعلق اہم امور اور تقاضوں کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔ ان تمام امور قرآنی آیات کے حوالے

اجازت لئے بغیر نہ جایا جائے بلکہ کام ہو تب بھی اجازت ملے تو تب جایا جائے ورنہ آپ کا ساتھ چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے۔ قرآن پاک اس حوالے سے مسلمانوں کو یوں متنبہ کرتا ہے:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾ [67]

"مومن تو وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لاتے ہیں اور جب کسی جمع ہونے والے کام رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہوتے ہیں تو آپ سے اجازت لئے بغیر نہیں جاتے، یہی وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں تو (اے حبیب ﷺ) جب یہ آپ سے اپنے کسی کام کی غرض سے اجازت مانگیں تو آپ ان میں سے جس کو چاہیں اس کو اجازت دے دیں اور ان کے لئے استغفار کیجئے بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے"

اس آیت میں مسلمانوں کو آدابِ نبوی سکھائے گئے اور آپ ﷺ کو امت کے ساتھ شفقت کا حکم دیا گیا مگر اختیار پھر بھی آپ کو دیا گیا کہ جس کو چاہیں اس کو اجازت دے دیں اور ساتھ ان کے لئے استغفار بھی کیجئے کہ ان کی اجازت مانگنے کی جسارت سے کہیں اللہ تعالیٰ ان سے ناراض نہ ہو جائے اور ان چیزوں کو پھر ایمان کے ساتھ بھی اٹیچ کیا تا کہ مسلمانوں کو بارگاہِ نبوی کا ادب ملحوظ رہے۔

### iv. نجی زندگی میں بھی ادب کی پاسداری:

روزمرہ کے معاملات میں بسا اوقات بے تکلفی میں ایک دوسرے کے گھر آنے جانے، دعوتوں اور ایک دوسرے کے گھر دیر تک بیٹھے رہنے میں کوئی قباحت محسوس نہیں کی جاتی لیکن قرآن پاک نے ان چیزوں میں نبوی حیثیت کا خیال رکھنے کی تنبیہ فرمائی۔ اس ذیل میں ارشاد فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۡ وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ۭ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔــلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَاۗءِ حِجَابٍ ۭ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ۭ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ۭ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ [68]

"اے ایمان والو نبی کے گھر میں داخل نہ ہونا مگر اس وقت جب تمہیں کھانے کے لئے بلایا جائے نہ کہ اس کی تیاری کا انتظام کرتے ہوئے، لیکن جب تمہیں بلایا جائے تب داخل ہوں پھر

رسالت پر ایمان کا تقاضا ہے نبی کے ادب و احترام کو ملحوظ رکھا جائے کوئی ایسا عمل نہ کیا جائے جس سے بے ادبی کا شائبہ بھی پیدا ہوتا ہو اس ضمن میں قرآن پاک نے جن امور کو ملحوظ رکھنے کا حکم دیا ان میں بعض درج ذیل ہیں:

### i. پکار میں ادب کا پاس:

قرآن مجید میں اس ضمن میں اہلِ ایمان کو متنبہ کرتے ہوئے فرمایا:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقُولُوا رَاعِنَا وَقُولُوا انظُرْنَا وَاسْمَعُوا ۗ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ [64]

"اے ایمان والو! رَاعِنَا نہ کہو بلکہ اُنظُرنَا کہو اور سنو کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے"

اس سے واضح ہوتا ہے کہ رسول ﷺ کی توجہ حاصل کرنے کے لئے ایسے لفظ کا استعمال جس میں بے ادبی کا شائبہ ہو اس کا استعمال قرآن نے حرام قرار دیا ہے کیونکہ صحابہ تو توجہ حاصل کرنے کے لئے راعنا کا لفظ استعمال کرتے تھے مگر منافق شرارت کرتے ہوئے اس کو لمبا کر کے راعینا کہہ کر پکارتے تھے اور اللہ نے اس لفظ کا استعمال ہی حرام کر دیا اور ساتھ وارننگ بھی دے دی اگر حکم ملنے کے باوجود اس لفظ کا استعمال کروگے تو کافر ہو جاؤ اور دردناک عذاب تمہارا مقدر بن جائے گا۔

### ii. کثرتِ سوال سے گریز:

بعض لوگوں کو غیر ضروری سوالات کی عادت ہوتی ہے لیکن بارگاہِ رسالت کا ادب سکھاتے ہوئے قرآن پاک نے مسلمانوں کو متنبہ کرتے ہوئے فرمایا:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِن تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۖ وَإِن تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ ۗ عَفَا اللَّهُ عَنْهَا ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ﴿١٠١﴾ [65]

"اے ایمان والو ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور یہ باتیں ایسے وقت میں پوچھو گے جب کہ قرآن نازل ہو رہا ہو تو تم پر ظاہر کر دیا جائیں گی، (گذشتہ سوالات) اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے معاف کر دئے ہیں اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا بردبار ہے"

اس آیت میں درس ہے کہ معاملاتِ شریعت میں آپ ﷺ سے زیادہ سوالات نہ کئے جائیں کیونکہ کثرتِ سوال وجوبی احکام کے نزول کا سبب بن سکتے ہیں جیسا کہ اگلی آیت میں اس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور خود آپ ﷺ نے حج کے بارے ہر سال فرضیت کا سوال کرنے والے کو تنبیہ فرماتے ہوئے زیادہ سوالات پوچھنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ اگر میں ہاں کہہ دیتا تو یہ ہر سال ہی فرض ہو جاتا[66]۔

### iii. بغیر اجازت جانے کی ممانعت:

رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کسی کام یا مہم میں مشارکت کے دوران ادب کا تقاضا ہے کہ آپ ﷺ کے پاس سے

"کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جو تم سے پہلے تھے، نوح کی قوم، عاد، ثمود اور ان کی جو ان کے بعد تھے، جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، ان کے رسول ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے چہروں پر رکھ لیے اور کہنے لگے بیشک ہم اسے نہیں مانتے جو تم دے کر بھیجے گئے ہو اور بیشک ہم اس چیز کے بارے میں جس کی طرف تم ہم کو بلاتے ہو ایک اضطراب میں ڈالنے والے شک میں مبتلا ہیں"

اگر ان جیسا رویہ اختیار کیا جائے تو لازمی طور پر ان جیسے انجام کا بھی سامنا کرنا پڑے گا اس لئے اس رویہ سے گریز کا حکم دے دیا۔

## 5. معاملات میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے آگے بڑھنے سے گریز:

رسول ﷺ کا یہ مقام ہے کہ معاملاتِ زندگی ان کی اتباع میں سرانجام دئے جائیں اور کسی بھی صورت ان سے اعراض وانحراف اور پیش قدمی سے گریز کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اس معاملہ کو تنبیہی انداز میں بیان کرتے ہوئے فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ [62]

"اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے آگے نہ بڑھو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو، بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے"

اس ذیل میں ایک تنبیہ فرمائی کہ:

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ [63]

"اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے، اور (اے حبیب!) اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور رسول ﷺ بھی ان کے لئے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے"

یہاں ایک تو رسول کے منصب کا مقصد بھی بیان کر دیا، ان کی اطاعت کی تنبیہ کے ساتھ ساتھ خاص طور پر آپ ﷺ کی اپنی امت پر نوازش کو بیان فرما دیا کہ دامن مصطفیٰ ﷺ سے وابستگی اصلاح احوال کا ذریعہ اور گناہوں کی بخشش کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رحمت کے حصول کا بھی ذریعہ ہے۔

## 6. ادب واحترام کا اہتمام اور بے ادبی کے شائبہ سے گریز:

"رسول ﷺ کے بلاوے کو آپس میں ایک دوسرے کو بلانے جیسا نہ سمجھو، اللہ تعالیٰ تم میں سے ان لوگوں کو جانتا ہے جو چھپ چھپ کر کھسک جاتے ہیں، سو جو لوگ ان کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں اس سے ڈرنا چاہئے کہ ان پر کوئی آفت آن پڑے یا ان کو دردناک عذاب آلے"

ان دونوں آیات کا مطالعہ بتاتا ہے رسول ﷺ کی پکار پر فوری لبیک کہنا اللہ کی رحمتوں کے نزول اور بخشش ومغفرت کا ذریعہ بنتا ہے جب کہ اس میں کوتاہی مصیبتوں اور عذاب میں مبتلا ہونے کا ذریعہ۔ اسلئے رسالت پر ایمان رسالت مآب کے اشارہ ابرو پر سب کچھ قربان کرنے کے لئے تیار رہنا ہے نہ کہ لیت ولعل یا حیل وحجت سے کام لینا۔

### 3. شرعی انذار وتبشیر کالحاظ:

اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ کو دنیا میں اپنے دین کی تبلیغ، اطاعتِ احکامِ شریعت پر اخروی نجات و بلندی درجات کی نوید اور نافرمانی اور ارتکابِ گناہ کی صورت میں عذاب کی وعید سنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ آپ ﷺ کے اس مقام کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرۡسَلۡنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيۡرًا ﴿۴۵﴾ وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذۡنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيۡرًا ﴿۴۶﴾ [60]

"اے نبی ﷺ بے شک ہم نے آپ کو گواہی دینے والا، بشارت دینے والا، ڈرانے والا، اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کی طرف بلانے والا اور سرج منیر بنا کے بھیجا ہے"

اس آیتِ مقدسہ میں تنبیہ کا انداز انسانوں کو آپ ﷺ کے مرتبہ ومقام کو پہچان کر اس کے مطابق اطاعت کا معاملہ کرنے کا درس ہے۔ اگر انسان بالعموم اور مسلمان بالخصوص آپ ﷺ نے ان مناصب کو سامنے رکھتے ہوئے آپ ﷺ کے ہر حکم کی تعمیل اور آپ ﷺ کے اسوہ کے مطابق زندگی بسر کریں گے تو معاشرہ تمام تر قباحتوں سے پاک ہو جائے گا اور اطاعتِ دین اور اعمالِ صالحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے نزول کا مرکز بن جائے گا۔

### 4. سابقہ اقوام کے رویہ سے گریز:

اللہ تعالیٰ نے سابقہ اقوام کا انبیاء کرام کے ساتھ جو رویہ تھا اس کی وضاحت فرماتے ہوئے اس قوم کو متنبہ کیا ہے کہ دیکھنا ان کی روش اختیار نہ کرنا چنانچہ ارشاد فرمایا:

اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَبَؤُا الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوۡدَ ۛ وَ الَّذِيۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ ۛ لَا يَعۡلَمُهُمۡ اِلَّا اللّٰهُ ؕ جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ فَرَدُّوۡۤا اَيۡدِيَهُمۡ فِىۡۤ اَفۡوَاهِهِمۡ وَ قَالُوۡۤا اِنَّا كَفَرۡنَا بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ وَ اِنَّا لَفِىۡ شَكٍّ مِّمَّا تَدۡعُوۡنَنَاۤ اِلَيۡهِ مُرِيۡبٍ ﴿۹﴾ [61]

"اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور رسول ﷺ کی اور جو تمہارا حکمران ہو اس کی اطاعت کرو پس اگر کسی معاملہ میں تمہارا جھگڑا ہو جائے تو اسے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف لے آو"

ایسا کرنے سے ان کا تصفیہ بھی ہو جائے گا اور اللہ اس کے رسول ﷺ کی اطاعت بھی ہو جائے گی جو کہ انسانی معاشرہ کی فلاح کا اہم ذریعہ ہے۔

## 2. دعوت پر لبیک کہنا:

رسالت پر ایمان کا تقاضا ہے کہ رسول ﷺ کی پکار پر فوری لبیک کہا جائے اور حکم کی اطاعت میں ذرا بھی تاخیر نہ کی جائے۔ اللہ تعالیٰ نے رسول ﷺ کی پکار پر لبیک کہنے کے اس معاملہ کو اپنی پکار پر لبیک کہنا شمار کرتے ہوئے فرمایا:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ وَ اَنَّهٗۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ [57]

"اے ایمان والو اللہ اور رسول ﷺ کا حکم مانو جب کہ وہ تمہیں اس طرف بلائیں جو تمہیں زندگی بخشے اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ آدمی اور اس کے دل کے درمیان آڑ بن جاتا ہے اور بے شک تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے"

اس آیت میں نکتے کی بات یہ کہ جب بلاوے پر لبیک کہنے کی بات کی بلاوے کے لئے اللہ اور رسول دونوں کے لئے صیغہ واحد کا استعمال کیا تا کہ یہ واضح ہو جائے کہ شریعت کے معاملہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ دونوں کے احکام کی اتباع ایک ہی انداز میں لازم ہے۔ چنانچہ ایسی اتباع کا جذبہ جب پیدا ہو جائے اور بیوی سے مجامعت کے بعد حضرت حنظلہ بغیر غسل کئے ہی جہاد کی پکار پر نکل کھڑے ہوں کہ غسل کے چکر میں کہیں پکار پر لبیک کہنے میں تاخیر نافرمانی نہ بن جائے اور وہ میدانِ جنگ میں شہید ہو جائیں اور ان کو غسل فرشتوں سے دلوا کر انعام بھی دنیا والوں کو دکھا دیا جاتا ہے [58] اور واضح کر دیا جاتا ہے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی پکار پر لبیک کہنے والے کو اگر غسل کی حاجت ہو اور اسی اتباع میں شہید ہو جائے تو اللہ اسے دنیا میں پاک کر کے سفر آخرت کے لئے تیار کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایک اور مقام پر فرمایا:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ [59]

سمجھنا، عند الذبح کسی بھی جانور پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لینے کا عقیدہ رکھنا، کچھ جانوروں کو مردوں کے حلال اور عورتوں کے حرام سمجھنا سب لغویات اور من گھڑت چیزیں ہیں اور ان سب کا بطلان ایک مسلمان کے عقیدہ کا تقاضا ہے بصورتِ دیگر اللہ تعالیٰ کے عذاب کی وعیدیں ان نظریات کے حاملین کے لئے موجود ہیں۔ اسی طرح جاہلیت میں مشرکین کے ایک اور طریقے سے بچنے کا حکم دیتے ہوئے قرآن مسلمانوں سے یوں مخاطب ہوتا ہے:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَ لَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَ لَا الْهَدْيَ وَ لَا الْقَلَآئِدَ وَ لَآ اٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رِضْوَانًا[55]

"اے ایمان والو نہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کو حلال سمجھو، نہ حرمت والے مہینوں کو، نہ حرم میں قربان ہونے والے جانوروں کو، نہ ان جانوروں کو جن کے گلے میں پٹے پڑے ہوئے ہیں اور ان کو حرم کی طرف اپنے رب کا فضل اور خوشی تلاش کرنے کی غرض سے آنے والے ہیں ان کو حلال سمجھو"

اس آیت کے مطابق اگر کوئی شخص کسی جگہ یا کسی جانور کو حرمِ مکہ یا حرمِ مدینہ، قربانی کے جانوروں اور شعائر اللہ کی حرمت کے مماثل جانے، بعض مقامات کی اسی طرح تعظیم کرے جیسے کعبہ کی جاتی ہے یا کسی اور مقام کا طواف کرے یا پھر مسجدِ نبوی میں ریاض الجنۃ جیسی فضیلت یا تحریم کسی اور جگہ کے لئے ثابت کرے یا اس کا عقیدہ رکھے تو شرک فی التحریم کا مرتکب سمجھا جائے گا۔ قرآن پاک اس طرح کے تنبیہی احکام کے ذریعے معاشرہ میں عقیدہ کی اصلاح کا سامان کیا گیا ہے تاکہ لوگ اپنے دامن کو توحید کے دامن میں پرو کر شرک کی آلائشوں سے بچا لیں اور دارین کی فلاح حاصل کر سکیں۔

## عقیدہ رسالت سے متعلق تنبیہات:

عقیدہ توحید اور ردِ شرک کے بعد رسالت کا عقیدہ اسلامی عقائد میں سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ انبیاء و مرسلین کے توسط سے ہی اللہ تعالیٰ اپنا پیغامِ ہدایت اپنی مخلوق تک منتقل فرماتا ہے ورنہ انسان کی اللہ تعالیٰ تک رسائی ناممکن ہے۔ قرآنی تنبیہات کے اس گوشہ پر جب غور کیا جاتا ہے تو اصلاح معاشرہ کی درج ذیل جہتیں سامنے آتی ہیں:

### 1. اطاعت کا لزوم:

انبیاء کی بعثت کا مقصد ان کی اطاعت کر کے اپنی عاقبت کو سنوارنا ہے اور مومنوں کو حکم دیا گیا ہے کہ اپنے تمام تر معاملات کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت میں لے آؤ چنانچہ ارشاد فرمایا:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ[56]

وَ كَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَ لِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾[53]

"اور اسی طرح ان کے خیال میں بہت سے شریکوں نے اپنی اولاد کے قتل کرنے کو خوشنما بنا دیا ہے تا کہ وہ ان کو ہلاکت میں ڈال دیں اور ان پر ان کے دین کو مشتبہ بنا دیں، اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے لہذا انہیں اور ان کے اس افتراء کو چھوڑ دو جو وہ کرتے ہیں"

اس میں سرزنش کے اندز میں ان سے بے اعتنائی برتنے کا حکم دیا جارہا ہے اور ان کے عقیدہ کا افتراء اور محض گمان قرار دیتے ہوئے اس سے بچنے کا درس دیا جارہا ہے اور واضح کیا جارہا کہ ایسا طریقہ قتلِ ناحق اور اولاد کشی کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔

## vi. جانوروں کی حرمت میں تخصیص سے گریز:

بعض اوقات جانوروں کی حرمت کے حوالے بعض امور کو مخصوص کر دیا جاتا ہے جو کہ شریعت سے اعراض اور تصادم کی صورت اختیار کر جاتا ہے جیسا کہ قرآن پاک میں اسی ذیل میں جاہلیت کے کچھ معاملات بیان فرمایا گیا کہ:

وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّ حَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَ اَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَ قَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾[54]

"انہوں نے کہا کہ یہ جانور اور کھیتیاں ہیں جو کہ روک دی گئی ہیں ان کے خیال کے مطابق ان کو صرف وہی کھا سکے گا جسے ہم چاہیں گے، کچھ جانور ہیں کہ جن پر سواری حرام کر دی گئی اور کچھ جانور ہیں کہ جن پر وہ اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیتے، یہ سب من گھڑت چیزیں ہیں عنقریب اللہ تعالیٰ انہیں اس کی سزا دے گا جو وہ افتراء کرتے رہے۔ پھر انہوں نے کہا ہے کہ ان جانوروں کے پیٹوں میں جو کچھ ہے وہ ہمارے مردوں کے لئے خاص ہے مگر ہماری عورتوں پر حرام ہے اور وہ مردہ پیدا ہوا تو اس کے کھانے وہ دونوں برابر ہیں، اللہ عنقریب انہیں ان کرتوتوں کی سزا دے گا بے شک وہ حکمت والا جاننے والا ہے"

ان دونوں آیتوں میں مشرکین کے متعدد طریقوں کا تذکرہ کر کے قرآن پاکنے سب کو باطل قرار دے کر اس عقیدہ کے پیروکاروں کو سزا کا مستحق ٹھہرایا جو کہ تنبیہ کا واضح انداز ہے اور اس عقیدہ سے انکار کو لازم قرار دیا۔ لہٰذا یہ ماننا لازم ٹھہرا کہ جانوروں اور زرعی اجناس کو کسی کے مخصوص کرنا، مخصوص جانوروں پر سواری کو ناجائز و حرام

وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـِٕهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿١٢١﴾ [51]

"اور اس میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا گیا ہو کیونکہ اس کا کھانا گناہ ہے اور بے شک شیطان اپنے دوستوں کے دلوں میں باتیں ڈالتے ہیں تاکہ وہ تم سے جھگڑیں اور اگر تم نے ان کا کہامانا تو تم بھی مشرک ہو جاؤ گے"

اس سے واضح ہوتا ہے کہ اگر خوراک کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کے اس حکم سے اعراض ہوا تو شرک کا ارتکاب ہو گا جو کہ عدمِ توبہ کی صورت میں کبھی بھی معاف نہیں ہو گا۔

## iv. تحریم میں شرک سے گریز:

جو حرمتیں اللہ تعالیٰ کے لئے مختص ان کو کسی اور کے ساتھ خاص کرنا شرک ہو گا اور اس قسم کی تخصیصات سے بچنا عقیدہ ردشرک کا تقاضا ہے قرآن پاک کا اس حوالے سے فرمان ہے:

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ [52]

"اور وہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی کھیتی اور مویشیوں میں سے ایک حصہ ان کے لئے مقرر کرتے اور اپنے گمان کے مطابق کہتے ہیں کہ یہ تو اللہ کا حصہ ہے اور یہ ہمارے شریکوں کا حصہ ہے پھر جو حصہ ان کے شریکوں کا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں جاسکتا پھر جو حصہ اللہ کا ہے وہ ان کے شریکوں کو جاسکتا ہے، کتنا برا فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیں"

اس آیت میں کھیتیوں اور جانوروں میں صدقہ اور نذر نیاز اسی طرح اللہ کے شریکوں کے لئے نکالنے کا معاملہ بیان ہو رہا ہے جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کے لئے نکالتے ہیں۔ تو جو تخصیص وقف اور حرمت کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص تھی وہی ان معبودانِ باطلہ کے ساتھ خاص کر دی گئی جس سے یہ وقف شدہ کھیتی یا جانور عملِ شرک کے ارتکاب کا ذریعہ بن گیا ایسے عمل سے بچنا عقیدہ ردشرک کا تقاضا ہے اور سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ کے الفاظ اس معاملہ کی تنبیہ کی گئی ہے۔

## v. قتلِ اولاد سے گریز:

مشرکین اپنے باطل معبودوں کی خوشنودی کے لئے اپنی اولادوں کو قتل کر دیتے تھے جس کی طرف متنبہ کرتے ہوئے قرآن پاک نے فرمایا:

ہدایت جو ملتی وہ ہے:

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ [46]

"فرمادیجئے اے کافرو! میں اس کی پرستش نہیں کرتا جن کی تم کرتے ہو اور نہ ہی تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں کرتا ہوں"

بلکہ نجات اسی میں ہے ان تمام معبودانِ باطلہ کی پرستش سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے ایک رب کی بندگی کا اقرار واظہار کر کے قرآن کے اس فرمان پر عمل کیا جائے:

لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ [47]

"کہ تمہارے لئے تمہارا دین ہے اور میرے لئے میرا دین ہے"

### ii. تخلیق و حکومت میں شرک سے گریز:

عقیدہ رد شرک کا ایک تقاضا یہ بھی ہے اللہ تعالیٰ ہی کو خالق و حاکم مانا جائے اور اس معاملہ میں کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرایا جائے۔ چنانچہ بندگی کے اس تعلق کو مضبوط بنانے کے لئے اہل ایمان کو متوجہ کر کے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ [48]

"اے ایمان والو اپنے اس رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلوں کو پیدا فرمایا تا کہ تم پرہیز گار بن جاؤ"

بندگی کا تعلق جب مضبوط ہوتا ہے تو پھر کسی اور کی پرستش کا دل میں شائبہ بھی نہیں ہوتا اور اس کو چھوڑ کر کسی اور کو اس کا شریک بنا کر اس کی عبادت سے اعراض کرنے والوں کا انجام اور آخرت میں ان کے اپنے ان جھوٹے معبودوں پر غصہ اور ان کی اللہ تعالیٰ کے دربار میں گرفت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ کہیں گے:

رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ [49]

"اے ہمارے رب یہی ہمارے شریک ہیں جنہیں ہم تیرے علاوہ پکارا کرتے تھے"

اور پھر مخلوقات پر اپنے اختیار اور نفوذِ امر کا معاملہ بیان کرتے ہوئے فرمایا: اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ [50] "خبر دار پیدا کرنے اور حکم دینے کا اختیار اسی کے پاس ہے" اور جب مکمل اختیار اسی کے پاس ہے تو نہ اس کے علاوہ حکم کسی کا ہے اور عبادت و بندگی کے لائق کوئی اور ذات ہے۔

### iii. غیر اللہ کے نام کا ذبیحہ کھانے سے گریز:

رد شرک کے عقیدہ کا ایک تقاضا یہ کہ حلال جانور صرف اللہ کے نام پر ذبح کئے جائیں اور اگر اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کا نام لے کر ان کو ذبح کیا گیا تو ایسے جانور کا کھانا حرام ہو جائے گا۔ اس کی صراحت قرآن پاک میں یوں ملتی ہے:

فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَاۤ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتْ قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّ مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۷۹﴾[44]

"پھر جب انہوں سورج کو چمکتے ہوئے دیکھا تو کہا یہ میرا رب ہے یہ بڑا ہے پھر جب وہ غائب ہو گیا تو فرمایا اے میری قوم میں ان سے بیزار ہوں جن کو تم شریک ٹھہراتے ہو۔ سب سے یکسو ہو کر میں نے اپنے منہ کو اسی کی طرف متوجہ کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو بنایا اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں"

ابراہیم علیہ السلام کا ایمان آج بھی امتِ مسلمہ سے تقاضا کر رہا ہے کہ یہود و ہنود سے روابط منقطع کر کے اعلاءِ کلمۃ اللہ کے لئے کوشش شروع کر دی جائے اور ہر قسم کے خطرات کو بالائے طاق رکھ شرک سے بیزاری کا اعلان کر دیا جائے اور ایک اللہ کی عبادت کی طرف متوجہ ہو کر تمام معبودانِ باطلہ کارد کیا جائے۔

### 4. شرک سے گریز اخروی فلاح کی ضمانت:

ایمان لانے کے بعد شرک سے گریز اور اعمالِ صالحہ کا تسلسل انسان کی اخروی فلاح کا ضامن بن جاتا ہے۔ آخرت میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات اور کامیابی کے خواہاں افراد کو توجہ دلاتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا[45]

"بے شک تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے، پھر جو کوئی اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھے تو اس کو چاہئے کہ وہ نیک کام کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے"

اس سے واضح ہوتا ہے کہ شرک سے گریز اور نیک اعمال میں انہماک انسان کے لئے آخرت میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا ذریعہ بھی ہے اور کامیابی کی ضمانت بھی ہے۔ لہٰذا آج ہر مسلمان پر لازم ہے کہ وہ شرکیہ رغبت والے تمام اعمال سے اعراض کر کے ایک اللہ کی عبادت کا تہیہ کریں اور اسی کی رضا کے لئے نیک اعمال میں مشغول رہیں۔

### 5. عقیدہ ردشرک کے تقاضے:

قرآنی تنبیہات کے تناظر میں جب عقیدہ ردشرک کے تقاضوں کا جائزہ لیا جاتا ہے تو درج ذیل اہم امور سامنے آتے ہیں جن پر سختی سے کاربند رہنے میں ہی فلاح ہے:

#### i. عبادت میں شرک سے گریز:

عبادت صرف ایک اللہ کی جائے اور اس میں کسی اور کو شامل کیا جائے اور اس کے بارے میں قرآن پاک کی واضح

نحوست کا اندازہ امام ترمذی کی اس روایت سے لگایا جاسکتا ہے جس میں وہ حضرت ثوبان سے مروی آپ ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ: "قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک کہ میری امت کے قبائل مشرکین سے نہ جاملیں اور میری امت کے قبائل بتوں کی پرستش شروع نہ کردیں"[41]

ان تمام حقائق سے واضح ہوتا ہے کہ دامنِ توحید وابستگی ہی اصل ہدایت ہے اور شرک زندگی بھر کی نیکیوں کو ضائع کرنے والا ہے لہذا ابقاء توحید کے عقیدہ میں ہے اس سے فرار اختیار کرنے والا اپنی بربادی کا سامان کرتا ہے وہ کسی کا کچھ نہیں بگاڑتا۔

## 3. مشرکین سے براءت کا اعلان:

توبہ کی صورت میں اللہ تعالیٰ گنہگاروں کے گناہوں سے اعراض کرتے ہوئے ان کی طرف نظرِ رحمت فرماتا ہے اور ان کے گناہوں کو معاف بھی فرمادیتا ہے اور ان کے بارے میں بات کرتا ہے تو فرماتا ہے:

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۵۳[42]

"فرمادیجئے کہ اے میرے وہ بندو! جو اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے ہو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف فرمادے گا، بے شک وہ بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے"

لیکن اس کے برعکس جب مشرکین کی بات کی تو فرمایا:

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّـــُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۱۸[43]

"وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ ان کی پرستش کرتے ہیں جو نہ ان کو نقصان پہنچاسکتے ہیں اور نہ ہی فائدہ دے سکتے ہیں اور کہتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں، فرمادیجئے کہ کیا تم اللہ تعالیٰ کو وہ بتاتے ہو جو اسے آسمانوں اور زمینو میں معلوم نہیں وہ پاک ہے اور ان لوگون کے شرک سے بلند ہے"

یہاں مشرکین سے ایک طرح سے لاتعلقی کا اعلان بھی ہے اور ایک طرح سے ان ڈانٹا بھی جارہا ہے۔ یقینی طور پر جس سے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کی نظر پھیر اس کی دنیاوآخرت دونوں برباد ہیں چہ جائیکہ اس سے لاتعلقی اور براءت کا اعلان کر دیا جائے۔ لہذا ضروری ہے سنتِ ابراہیمی پر عمل کرتے ہوئے آج کا مسلمان مشرکین سے روابط بڑھانے کی بجائے ان سے لاتعلقی کا اعلان کردے۔ قرآن پاک ان کے اس لاتعلقی کے بیان کا تذکرہ یوں کرتا ہے:

اس آیت میں نہ صرف شرک سے بچنے کا حکم دیا جارہا ہے بلکہ اس کے وبال اور انجام کو بھی بیان کیا جارہا ہے کہ خود خالقِ کائنات نے اس کو ظلمِ عظیم قرار دیتے ہوئے قرآن پاک میں اس کا تذکرہ کر دیا ہے۔ مستزاد یہ کہ شرک ایک ایسا فعل قبیح ہے جس سے انسان کی زندگی بھر کی نیکیاں ضائع ہو جاتی ہیں اور وہ نیک اعمال کے اعتبار آنِ واحد میں تہی دامن ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی صراحت کرتے ہوئے فرمایا:

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ [38]

"یہ اللہ کی ہدایت ہی ہے کہ اپنے بندوں میں جسے چاہتا ہے اس پر چلاتا ہے اور اگر یہ لوگ بھی شرک کرتے تو جو اعمال وہ کرتے رہے تھے وہ سب ضائع ہو جاتے"

اسی طرح ایک اور مقام پر آپ ﷺ کو مخاطب کر کے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَ لَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَ اِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ [39]

"(اے حبیب ﷺ) یقینا آپ کی طرف اور ان لوگوں کی طرف بھی جو آپ سے پہلے ہو گذرے ہیں وحی نازل کی گئی ہے کہ اگر آپ نے شرک کیا تو آپ کے اعمال ضرور ضائع ہو جائیں اور آپ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے"

معاملہ کی نزاکت کیا ہے تاجدارِ انبیاء کو مخاطب کر کے پوری انسانیت کو شرک سے گریزاں رہنے کی تلقین کی جارہی ہے اور اس کے لئے لام تاکید کا استعمال کر اس کی سنجیدگی کو واضح کیا جارہا ہے۔

اللہ تعالیٰ کو شرک کتنا ناپسند ہے اس کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن پاک کے ذریعے نبی کریم ﷺ کو تاکید کی گئی کہ:

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَ خُذُوْهُمْ وَ احْصُرُوْهُمْ وَ اقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ [40]

"پس جب حرمت والے مہینے گذر جائیں تو مشرکین کا جہاں بھی پاؤ قتل کر دو اور ان کو پکڑ لو، انہیں گھیر لو اور ان کی تاک میں ہر جگہ بیٹھو، پھر اگر وہ توبہ کر لیں، نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کرنے لگ جائیں تو ان کا راستہ چھوڑ دو بے شک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے"

یہاں مشرکین کو قتل کرنے، ان کو قید کرنے، ان کا محاصرہ کرنے اور ہر جگہ ان کی تاک میں بیٹھنے اور اس طرح کے دیگر احکام واضح کرتے ہیں کہ شرک مذموم و مقہور ہے اور اسلام اس معاملہ میں سختی کا درس دیتا ہے اور اس کی

"بلاشبہ اللہ تعالیٰ اس کو تو معاف نہیں کرے گا کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے اور اس کے سوا جس (گناہ) کو چاہے گا معاف فرمادے گا اور جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا تو وہ بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا"

اس آیتِ مقدسہ میں شرک کو نہ صرف ناقابلِ معافی گناہ قرار دیا بلکہ اس کو گمراہی کی جڑ بھی قرار دے دیا گیا اور اس کو دائمی عذاب کا ذریعہ بھی قرار دے دیا گیا۔

## 1. شرک کی حقیقت:

شرک ایک ایسا معاملہ ہے جو انسان کو دھوکہ میں رکھتا ہے اور اپنے غرور میں سرگردان اپنے رب سے دور ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا قرآن پاک میں اس حوالے سے ارشاد ہے:

يَٰٓأَيُّهَا ٱلۡإِنسَٰنُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ ٱلۡكَرِيمِ[35]

"اے انسان کس چیز نے تجھے اپنے کریم رب سے غرور میں ڈال دیا ہے"

یہ دھوکہ اور غرور کا شاخسانہ ہی ہے کہ انسان اپنے رب سے دور ہو گیا اور لایعنی چیزوں کے سامنے سجدہ ریزیاں کر کے ذلیل ورسوا ہونے لگا۔ یقینی طور پر اس عمل سے وہ سب سے بڑے جرم کا مرتکب ہو رہا ہے اس لئے کہ آپ ﷺ نے صحابہ کرام کی طرف متوجہ ہو فرمایا کیا میں تمہیں کبرہ گناہوں میں سب سے بڑے گناہ کے بارے میں نہ بتا دوں تو انہوں نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ ﷺ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

الاشراک باللہ وعقوق الوالدین[36]

"اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا اور والدین کی نافرمانی کرنا"

اس سے واضح ہوتا ہے کہ شرک انسان کو اللہ تعالیٰ سے دور کرنے ذریعہ بھی اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ یہ سب سے بڑا اور ایسا گناہ ہے جس کی کوئی معافی تلافی نہیں ہے۔

## 2. شرک کا وبال:

شرک وہ جرم ٹھہرا جس کی معافی نہیں لیکن معاملہ یہیں پر ختم نہیں ہوتا بلکہ اس کے وبال پر نظر دوڑائی جائے تو اللہ تعالیٰ نے لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کو کی گئی نصیحت کا تذکرہ میں اس کو ظلمِ عظیم قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

وَإِذۡ قَالَ لُقۡمَٰنُ لِٱبۡنِهِۦ وَهُوَ يَعِظُهُۥ يَٰبُنَيَّ لَا تُشۡرِكۡ بِٱللَّهِۖ إِنَّ ٱلشِّرۡكَ لَظُلۡمٌ عَظِيمٌ[37]

"اور جب لقمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا اے میرے بیٹے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا بے شک شرک سب سے بڑا ظلم ہے"

کہ اس سے ایک تو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے اجر و ثواب اور مال میں اضافہ کی ضمانت سے محروم ہوگئے اور دوسرا محتاجوں سے بے اعتنائی برت کر اور اشاعتِ اسلام اور اعلائے کلمۃ اللہ کی خاطر انفاق کی جو ان کی ذمہ داری بنتی تھی اس میں وہ کوتاہی کرکے اللہ کے غضب کو دعوت دے کر اپنی بربادی کا سامان کر گئے۔ اگر وہ ان مقاصد کے لئے اپنا مال خرچ کرتے تو اللہ ان کا کفیل بن جاتا مگر ان کا رویہ ان کو اس سعادت سے محروم کر گیا۔

### 11. ارتداد سے گریز:

اسلام قبول کرنے کے بعد اس سے برگشتگی کی اسلام اجازت نہیں دیتا کیونکہ اس سے باقی مسلمانوں کے دلوں میں شکوک وشبہات پیدا ہونے کا خطرہ ہے اور باقاعدہ کفار نے یہ طریقہ سازش کے طور پر استعمال بھی کیا کہ صبح وہ اسلام قبول کرتے اور شام کو اس کا انکار کرکے منحرف ہو جاتے تاکہ ان کے دیکھا دیکھی باقی لوگ بھی اسلام کو چھوڑنے کا سوچیں۔ قرآن نے ارتداد کی صورت میں تنبیہ فرمائی کہ:

لَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَھُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ [33]

"اور یہ لوگ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ اگر مقدور رکھیں تو تم کو تمہارے دین سے پھیر دیں اور جو کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر (کر کافر ہو) جائے گا اور کافر ہی مرے گا تو ایسے لوگوں کے اعمال دنیا اور آخرت دونوں میں برباد ہو جائیں گے اور یہی لوگ دوزخ (میں جانے) والے ہیں جس میں ہمیشہ رہیں گے"

اس طرح اللہ تعالیٰ ارتداد کی صورت میں آخرت کے سخت عذاب کی وعید سنا کر لوگوں کو اسلام پر قائم رہنے اور کفار کی سازشوں سے متنبہ رہنے کا حکم فرمایا تاکہ اسلامی معاشرہ کے افراد دین سے برگشتہ ہو کر اپنی عاقبت کو برباد کرنے کی کوشش نہ کریں۔

## عقیدہ ردِّ شرک سے متعلق قرآنی تنبیہات:

شرک ایک ایسا معاملہ ہے جو خالقِ کائنات کے بارے انسان کے عقیدہ کو مکدر کر دیتا ہے اور اس کی آخرت کو برباد کر دیتا ہے۔ اس کی دنیوی زندگی بظاہر کتنی ہی اچھی کیوں نہ گذری ہو مگر اس کا شرک والا گناہ کبھی بھی معاف نہیں ہوگا جس کی وجہ سے اسے دائمی عذاب کا سامنا کرنا ہوگا اور اس کا اعلان خود اللہ تعالیٰ نے کرتے ہوئے فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا [34]

خزانے آپکے پاس ہیں) اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ کیا تمھیں معلوم نہیں کہ میر افلاں بندہ پیاسا تھا اور اس نے تم سے پانی طلب کیا تھا مگر تم نے نہ پلایا، اگر تم اس کو پانی پلاتے تو اسے (اجر) میرے پاس پاتے "[31]

اس حدیث میں انسان کی باز پرس کا معاملہ اپنے ساتھ وابستہ افراد کے حقوق کی عدمِ ادائیگی کی وجہ پیش آرہا ہے اور اگر وہ انسان ان حقوق کو ادا کرتا رہے تو مالک بھی ایسے انسانوں پر رحم فرمائے گا اور ان کو ان کے استحقاق سے زیادہ عطا فرماتا رہے گا جس کی وجہ سے معاشرہ ایک خوشحال معاشرہ بن جائے گا اور اس کے افراد سکون کی زندگی بسر کریں گے جس سے معاشرہ اصلاح کی ایک اعلیٰ مثال پیش کرے گا۔

معلوم ہوا کہ معاشرتی معاملات کی پختگی توحید پر ایمان کی پختگی ہے اور اس میں غفلت توحید کے تقاضوں سے بے اعتنائی ہے تبھی تو نماز جو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے اس کو بھی مسترد کیا جارہا ہے اور لفظ ویل کے ذریعے ان افرادِ معاشرہ کو تنبیہ کی گئی ہے جو حقوق العباد ادا نہیں کرتے یا اس میں غفلت برتتے ہیں۔

## 10. اللہ کی راہ میں خرچ کی ترغیب:

توحید پر ایمان اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل اور اعلائے کلمۃ اللہ کی خاطر اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کا تقاضا بھی کرتا ہے۔ یہ خرچ کبھی تو تبلیغ واشاعتِ اسلام کی خاطر ہوگا اور غرباء و مساکین کی ضروریاتِ زندگی کو پورا کرنے کے لئے ہوگا مگر بہر صورت یہ انفاق ضروری اور خاص طور اللہ کی رضا کی خاطر ہوگا کسی بھی قسم کا انکار، مفاد یا ریاکاری اس کے اجر کو ضائع کردے گا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا اسحوالے سے فرمان ہے:

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ[32]

"خبر دار تم وہ لوگ ہو جو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے بلائے جاتے ہو تو تم میں سے کچھ وہ لوگ ہیں جو بخل کرتے ہیں اور جو کوئی بخل کرے گا تو وہ محض اپنے ہی ساتھ بخل کرے گا اور اللہ بے پرواہ ہے اور تم محتاج ہو اور اگر تم انکار کروگے تو وہ تمہیں کسی اور قوم سے بدل دے گا جو کہ تمہاری طرح نہی ہوں گے"

آیت کے الفاظ معاملہ کی نزاکت کو واضح کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قطعا اس بات کو پسند نہیں فرماتا کہ اس کی مخلوق میں کوئی محتاج ہو اور مالدار اس کا خیال نہ رکھیں یا پھر جہاد اور تبلیغِ دین کے لئے مال کی ضرورت ہو مگر اس کے لئے خرچ نہ کیا جائے بلکہ کنجوسی سے کام لیا جائے اور اس کنجوسی کے معاملہ کو قرآن پاک میں خود ان ہی کے لئے نقصان دہ قرار دیا

## 9. بندوں کے حقوق کی ادائیگی:

جب یہ بات واضح ہے کہ جزاو سزا کا مالک اللہ تعالیٰ ہے اور اسی انسان پر لازم کیا ہے کہ وہ اس جہانِ فانی میں اس کے بندوں کے حقوق کی ادائیگی کو یقینی بنائے اور ایک دوسرے کی ضروریاتِ زندگی کی تکمیل کا سامان کیا جائے اگر ایسا نہیں ہے عبادتیں بھی رائیگاں ہیں اور قرآن کی زبان میں دین کو جھٹلانا ہے جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

أَرَأَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّينِ[29]

"کیا آپ نے اس کو دیکھا جو دین کو جھٹلاتا ہے"

اس آیت میں اللہ تعالیٰ تہدید کے انداز میں ایسے نمازیوں کی سرزنش فرماتا ہے کہ جب معاشرہ میں افراد کی حق تلفی ہو اور دوسرے افراد کی ضروریات کسی انسان کے ساتھ وابستہ ہوں اور وہ ان کو پورا کرنے میں کوتاہی کرے تو اس کی عبادت بھی بے اثر بلکہ مسترد ہو جاتی ہے چنانچہ ایسی بے مقصد عبادت کرنے والوں کی سرزنش ان کی ہلاکت کی وعید کے ساتھ کرتے ہوئے فرمایا:

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ ﴿٤﴾ الَّذِينَ هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ﴿٥﴾ الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ ﴿٦﴾ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ﴿٧﴾[30]

"پس ہلاکت ہے ان نمازیوں کے لئے جو اپنی نمازوں سے غافل ہیں، جو دکھلاوا کرتے ہیں اور روزمرہ استعمال کی چیزوں سے منع کرتے ہیں"

اس آیت میں وعید روزمرہ معاملات میں ایک دوسرے کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے کی گئی اور ضرورت مندوں کو استعمال کی چیزیں نہ دینے پر ان کی نمازوں کو بھی دکھلاوا میں شامل کر لیا گیا جو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہمکلامی کا ایک انداز ہے۔ لہٰذا لازم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ پیار کرتے ہوئے اس کے حقوق ادا کئے جائیں اس پہلو کی وضاحت حدیث نبوی ﷺ سے یوں ملتی ہے:

"اے ابن آدم میں نے تم سے کھانا مانگا تھا مگر تم نے انکار کر دیا؟ بندہ عرض کرے گا باری تعالیٰ! میں بھلا کیسے آپ کو کھانا کھلاتا آپ تو خود ربّ العٰلمین ہیں (کائنات میں موجود لاتعداد مخلوقات کو اکیلے ہی کھانا کھلانے اور پالنے والے ہیں)، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کیا تمہیں نہیں معلوم کہ میرے فلاں بندے نے تم سے کھانے کا سوال کیا تھا مگر تم نے انکار کر دیا اگر تم اسے کھانا کھلا دیتے تو اسے (اسکا اجر) میرے پاس پاتے۔ (پھر سوال ہو گا) اے ابن آدم میں پیاسا تھا اور میں نے تم سے پانی طلب کیا مگر تم نے نہ پلایا؟ بندہ عرض کرے گا باری تعالیٰ میں کیسے آپکو پانی پلاتا آپ تو ربّ العالمین ہیں (تمام انسانوں کو پانی پلانے والے ہیں اور روئے زمین میں پانی کے

وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ڛ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۭ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۭ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ[27]

"اللہ ہی وہ ذات ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو ٹھیک طور پیدا فرمایااور اس دن جب کہ وہ کہے گا کہ ہو جاتو وہ ہو جائے گا، اس کی بات سچی ہے اور اسی کی بادشاہی ہے اس دن جب کہ صور پھونکا جائے گا، وہ غیب اور حاضر کو جاننے والا ہے اور حکمت والا باخبر ہے"

یہاں اللہ تعالیٰ کے خالق ومالک اور مقتدر ہونے کا واضح اعلان کیا جارہاہے اور ان معاملات میں ہر قسم کے شریک کی نفی کی جارہی ہے کہ حاکم وقادرومالکِ مطلق وہی ذاتِ کبریاء ہے اور وہی ساری کائنات کا خالق بھی ہے لہٰذا حکم بھی اسی کا چلے گا اور انسان تو انسان کائنات کے مظاہر بھی اسی کے قبضہ واختیار میں ہیں۔

## 8. متنازع امور میں اللہ اور اس کے رسول کا فیصلہ ماننا:

اہل ایمان پر لازم ہے وہ اپنے تمام تر معاملات زندگی کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے مختص کردیں اور اختلاف ومنازعت کی صورت میں اپنی ہٹ دھرمی اور دھونس دھاندلی کی بجائے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فیصلے کو تسلیم کریں۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا فیصلہ آجانے کے بعد اپنی انانیت کو دفن کردے اور شریعت کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کردے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا[28]

"اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو، رسول ﷺ کی اور تم سے جو کوئی حکمران ہو اس کی اطاعت کرو، پس اگر کسی معاملہ میں تمہارا اختلاف ہو جائے تو اسے اللہ اور رسول ﷺ کی طرف لوٹا دو اگر تم اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو، یہی اچھی بات اور انجام کے اعتبار سے بہتر ہے"

اس آیتِ مبارکہ میں واضح کیا جارہاہے کہ اللہ، اس کے رسول ﷺ اور حاکمِ وقت کی اطاعت کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی فلاح اسی بات میں ہے متنازع امور پر مرنے مرانے کی بجائے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فیصلے کو ایسے معاملات میں تسلیم کرتے ہوئے معاشرتی فساد سے بچا جائے اور یہ فیصلہ برضاورغبت قبول کرنا ایمان کا تقاضا قرار دیا گیا ہے پھر مزید اس کے اثرات کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا کہ بہتر بات بھی یہی ہے اور ثمرات ونتائج کے لحاظ سے بھی یہی بہتر رویہ ہے بصورتِ دیگر دنیاوآخرت دونوں قسم کی بربادی، شرمندگی اور ناکامی کا سامنا کرنا ہوگا۔

ان دونوں آیتوں میں ایک اللہ کی عبادت کی طرف پوری انسانیت کی توجہ دلائی گئی اور ساتھ اس کی وجہ بھی بتادی کہ چونکہ پیدا کرنے والی وہذات ہے اس لئے عبادت کا استحقاق بھی اسی کا بنتا ہے اور اس کو چھوڑ کر کسی اور کی پرستش نہ صرف عقیدہ وبندگی میں خلل ڈالے گا بلکہ اس سے انسان کی زندگی معصیت والی ہو جائے جس سے اس کے باقی معمولات بھی متاثر ہوں گے لہذا افلاح ایک اللہ ہی بندگی میں نظر آتی ہے اسی لئے اس کے ساتھ پرہیز گاری کو وابستہ کیا گیا۔

## 7. حکومت و تخلیق کا مالک ماننا:

توحید پر ایمان کا ایک تقاضا یہ ہے کہ اسی ایک اللہ کو مقتدر و خالق تسلیم کیا جائے اور اس کے ساتھ اس معاملہ میں کسی اور کو شریک نہ ٹھہرایا جائے۔ چنانچہ اس کی حکومت واقتدار کی طرف متوجہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے تنبیہی انداز میں ارشاد فرمایا:

وَ لَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾ [25]

"اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ ٹھہرا، اس کی ذات کے علاوہ ہر چیز فنا ہونے والی ہے، اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم نے لوٹ کر جانا ہے"

اس آیت میں ایک تو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی طرف اشارہ ہے، دوسرا اس کی حکومت واقتدار اور تیسرا تخلیق وموت پر اسی کا اختیار وملکیت کا ثبوت ہے اور اہم معاملہ جو یہاں بیان کیا جارہا ہے ہو یہ ہے کہ اس کے علاوہ سب کچھ فنا ہونے والا ہے اور بقاء صرف اسی ذات کو ہے تو جو باقی ہے قدرت واقتدار بھی لازمی طور پر اسی کے پاس ہی ہونا چاہئے۔ اس کی شانِ خلاقیت وحاکمیت کی طرف حرفِ تنبیہ کے ساتھ اعلان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا ۙ وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۵۴﴾ [26]

"بے شک تمہارا رب وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو چھ دنوں میں پیدا فرمایا اور پھر عرش پر استواء فرمایا، رات دن کو ڈھانپتی اور اس کے پیچھے دوڑے ہوئے آتا ہے، اور سورج، چاند اور ستارے اسی کے حکم کے تابع ہیں، خبردار اسی کا کام پیدا کرنا اور حکم فرمانا ہے، اللہ برکت والا ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے"

مزید استشہاد کرتے ہوئے فرمایا:

"فرما دیجئے کہ بے شک میری نماز، میری قربانی، میرا جینا اور میرا مرنا سب کچھ اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں"

ان دونوں آیتوں میں درسِ اعلانِ توحید بھی ہے اور اسی کی عبادت کا اقرار بھی ہے کہ جب وہ سارے جہانوں کا پروردگار ہے تو مجھے بھی عبادات و معاملاتِ زندگی اسی کے لئے مختص کرنے چاہئیں کہ زندگی و موت کا مالک بھی تو وہی ہے لہذا اس کے علاوہ کسی اور کی طرف عبادت کی غرض سے توجہ کرنا اس کی ربوبیت و معبودیت کا انکار ہو گا اور یہی وہ بات ہے جس کو قرآن یوں بیان کرتا ہے:

وَمَا لِيَ لَآ اَعۡبُدُ الَّذِيۡ فَطَرَنِيۡ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ [21]

"اور مجھے کیا ہے کہ میں اس کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور تم سب اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے"

پھر کلمہ امر کے ساتھ مزید تاکید و تنبیہ کرتے ہوئے فرمایا:

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ [22]

"پس اپنے رب کے لئے نماز پڑھیے اور قربانی دیجئے"

ان قرآنی آیات میں خاص طور پر اس معاملہ کی طرف متنبہ کیا گیا ہے کہ بعد از ایمان انسان کو ایک اللہ کی عبادت و بندگی کر کے اپنے ایمان کا ثبوت اور توحید پر ایمان کی پختگی کا عملی مظاہرہ بھی کرنا چاہئے تاکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور فضل و احسان اس کے شاملِ حال رہے۔

## 6. انسانوں کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف رغبت دلانا:

مومن کی ذمہ داری بنتی ہے کہ عقیدہ توحید کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے دیگر انسانوں کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف رغبت دلائے اور اس مقصد کے لئے کوشاں بھی رہے۔ کیونکہ عقیدہ توحید کو ماننے والا جھوٹے معبودوں کی پرستش گوارا نہیں کرتا بلکہ اس ضمن میں انسانیت کی اصلاح کی کوشش کرتا ہے اور ہود علیہ السلام کا قومِ عاد میں اعلان اس کی واضح دلیل ہے کہ ایک اللہ کی عبادت کرو اس لئے کہ عبادت کا استحقاق اسی ذات کو ہے۔ قرآن مجید میں ہے:

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اعۡبُدُوۡا رَبَّكُمُ الَّذِيۡ خَلَقَكُمۡ وَالَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُوۡنَ [23]

"اے ایمان والو اس رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلے (لوگوں) کو پیدا کیا تاکہ تم پرہیز گار بن جاؤ"

قَالَ يٰقَوۡمِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمۡ مِّنۡ اِلٰهٍ غَيۡرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ [24]

فرمایا اے میری قوم! اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمہارا کوئی معبود نہیں"

باطل معبودوں سے بیزاری کا اظہار کر دے گا تو اس کو خوف بھی صرف ایک اللہ ہی کا ہو گا لہذا وہ بندگی بھی اسی کی کرے گا اور دامنِ توحید سے وابستہ ہو کر لایعنی خطرات اور باطل عقائد سے بھی بچ جائے گا۔

## 4. اللہ تعالیٰ کو ہی قادرِ مطلق سمجھنا:

عقیدہ توحید کے جن پہلوؤں کی اصلاح مطلوب ہے ان ایک پہلو قدرت و اختیار کا ہے۔ اس بات کا اعتقاد لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی قادرِ مطلق ہے اور امورِ کائنات میں تصرف صرف اسی کے قبضہ قدرت میں ہے اسی لئے تو انسانیت کو متنبہ کرتے ہوئے فرمایا:

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّ لَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ[17]

"اے ایمان والو ایک مثال بیان کی جارہی ہے اس کو غور سے سنو۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ جن جن جو تم پکار رہے ہو وہ سارے کے سارے اکٹھے ہو کر ایک مکھی بھی نہیں پیدا کر سکتے اور اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین کر لے جائے تو وہ اس سے واپس نہیں"

اللہ تعالیٰ کی یہی قدرت زمین و آسمان کی تخلیق میں بھی نظر آتی ہے جس کی گواہی قرآن نے بھی دی گئی ہے[18] کہ جب اس کے پاس پیدا کرنے کی طاقت و اختیار ہے تو امرِ کُن دفعتاً اس سب کو ختم بھی کر سکتا ہے کیونکہ اس ارادہ و قدرت کے لئے صرف امرِ کن ہی درکار ہے جس سے سارے کام ہو جاتے ہیں[19]۔ یہ وہ تمام حقائق ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ تخلیق و تصرف پر اس کے علاوہ کسی اور کا اختیار نہیں بلکہ ساری انسانیت بھی مل جائے تو ایک مکھی نہیں بنا سکتی اور پھر وہ اس سے کوئی چھینی ہوئی چیز بھی واپس نہیں لا سکتے۔ یہ آیت واضح کرتی ہے کہ انسان کے پاس جب ذاتی طور پر اتنی معمولی سی بھی طاقت نہیں ہے تو پھر اسے اس ذات کی طرف ہیں متوجہ رہنا چاہئے جو ان تمام امور پر قادر ہے اور جب ایمان میں یہ پختگی آجائے گی تو ما سوا اللہ کے تمام خطرات مٹ جائیں گے پھر عبادت میں اخلاص بھی ہو گا اور اس کا انسانی معاشرے پر اثر بھی نظر آئے گا۔

## 5. ایک اللہ کی عبادت کی طرف توجہ:

عقیدہ توحید انسان کو ایک اللہ کی عبادت کی رغبت دلاتا ہے اور اس سے تقاضا کرتا ہے کہ وہ خدائے وحدہ لاشریک کی عبادت کی طرف توجہ دے، صیغہ امر استعمال کرتے ہوئے قرآن پاک نے اس کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:

قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْۤ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَ نُسُكِيْ وَ مَحْيَايَ وَ مَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ [20]

وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ [14]

"اور قوم عاد کی طرف انہی میں سے ہود علیہ السلام کو بھیجا، انہوں نے کہا اے میری قوم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمہارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم ڈرتے نہیں؟"

یہاں تنبیہ کی جارہی ہے کہ تمہارا معبود وہی ایک اللہ ہے اس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اس معاملہ میں تمہیں اللہ کا خوف محسوس ہونا چاہئے اور اس کے علاوہ معبودانِ باطلہ کی نفی ہونی چاہئے مگر جوابا قوم نے ان کو بیوقوفی کے جب طعنے دئے اور جھوٹ آپ کی طرف منسوب کیا تو آپ نے واضح کیا کہ مجھے بیوقوفی کا عارضہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہ اعلان کیا جارہا ہے کیونکہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول بن کر تمہاری طرف آیا ہوں اور ساتھ ہی وارننگ بھی دے دی کہ یہ بات میں اپنی طرف سے نہیں بلکہ اپنے رب کا پیغام تم تک پہنچا رہا ہوں15۔

اس سے واضح ہوتا ہے کہ عقیدہ کے اعتبار سے نہ صرف توحید کا اعلان ضروری ہے بلکہ مخالفت کی صورت میں اس پر ڈٹ جانا اور منکرین کو اس طرف مائل کرنے کے لئے دلائل کا طریقہ اختیار کرنا بھی ضروری ہے۔ مزید یہ واضح کیا جارہا ہے کہ اعلانِ توحید کے بعد اگر مخالفت، دشمنی اور طعنوں کا سامنا بھی کرنا پڑے تو استقامت کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور ان سارے باطل حربوں کا نہایت جرأت اور جوانمردی سے مقابلہ کرنا چاہئے۔

### 3. معبودانِ باطلہ سے بیزاری کا اظہار:

دامنِ توحید سے وابستگی کے بعد اگلا مرحلہ غیر اللہ سے بچنے اور ان کی عبادت وپرستش سے بیزاری کا اظہار کرنا ہے جو کہ ہر مومن پر لازم ہے اس لئے بروزِ قیامت مشرکین اپنے ان معبودانِ باطلہ سے بیزاری کا اعلان کریں گے اور اللہ کے حضور ان کی شکایت کریں گے کہ ہماری گمراہی کا اصل سبب یہی معبودانِ باطلہ ہیں چنانچہ اس معاملہ کی طرف متوجہ کرتے ہوئے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَ اِذَا رَاَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِیْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَیْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ [16]

"اور مشرک جب اپنے شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے اے ہمارے پروردگار یہی ہیں ہمارے وہ شریک جنہیں ہم تیرے علاوہ پکارا کرتے تھے پھر وہ انہیں جواب دیں گے کہ تم سراسر جھوٹے تھے"

اس سے یہ واضح کیا جارہا ہے کہ ایک تو قیامت والے دن یہ جھوٹے معبود تمہارے کسی کام نہیں آئیں بلکہ الٹا تمہارے ہی خلاف گواہی دیں گے لہذا وہاں پشیمانی کی بجائے بہتر تم اسی دنیا میں ان سے بیزاری کا اعلان کردو اور اپنی آخرت کو بچالو ورنہ توحید سے دوری تمہیں برباد ہی کرے گی نجات کا اس میں قطعا گمان بھی نہیں ہے۔ جب بندہ ان

عقیدہ کی اس جہت سے متعلق اہم امور پر غور ضروری ہے جو کہ ان اہم نکات کی صورت میں سامنے آتا ہے:

## 1. ایک اللہ پر ایمان لانا:

عقیدہ توحید کی اہم جہت ایک اللہ پر ایمان ہے اس اعتبار سے تمام انسانیت پر لازم ہے وہ اپنی ذات کے اعتبار سے ایک ہے اور اس کے علاوہ کوئی اور الٰہ نہیں ہے اسی لئے تو فرمایا:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ[10]

"فرما دیجئے کہ اللہ ایک ہے"

اس میں قل صیغہ امر ہے اور صیغہ امر تنبیہ کا ایک اسلوب ہے[11] جس کے ذریعے توحید پر ایمان رکھنے والے کو اس حقیقت کا درس دینا ہے کہ کائنات کا اصل مالک اللہ تعالیٰ ہے اور اس کے معاملات و اختیارات میں کوئی اس کا شریک نہیں ہے لہٰذا حساب کتاب اور جزاء و سزا کا معاملہ بھی اسی کے اختیار میں ہے اسی لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے کفار کی اخروی بربادی کی خبر دیتے ہوئے استفہامی انداز میں اپنی ذات کے وجود اور قدرت کے بارے فرمایا:

قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ يُؤَخِّرَكُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ[12]

"ان کے رسولوں نے کہا کیا اللہ کے بارے میں شک ہے؟ جو آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا ہے۔ تمہیں اس لیے بلاتا ہے کہ تمہارے گناہ بخش دے اور تمہیں ایک متعین مدت تک مہلت دے۔ انہوں نے کہا تم ہمارے جیسے ہی بشر ہو، تم چاہتے ہو کہ ہمیں اس سے روک دو، جس کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے تھے، پس ہمارے پاس کوئی واضح دلیل لاؤ"

یہاں اللہ تعالیٰ کے وجود کی گواہی رسولوں کی زبانی دلوا کر اپنے وجود اور قدرت پر استشہاد کیا تا کہ اللہ کی وحدانیت پر ایمان کے بعد اس کے احکام کی اتباع کے ذریعے معاشرہ امن و آشتی کا مظہر بن جائے کیونکہ عقیدہ کی اس پختگی سے انسان کی اصلاح ہو گی اور اسی ایک مالک کی بندگی کی جائے گی جو بندگی کا اصل مستحق ہے۔

## 2. اعلانِ توحید:

اللہ تعالیٰ کی یکتائی پر صرف ایمان ہی ضروری نہیں بلکہ توحید سے متعلق آیات میں لفظِ قل کے ساتھ تنبیہ کی جا رہی ہے کہ صرف ماننا کافی نہیں بلکہ اس کا اعلان بھی ضروری ہے[13] اور یہ اعلان صرف آپ ﷺ ہی سے نہیں کروایا گیا بلکہ سابقہ انبیاء کرام کا بھی پہلا نعرہ یہی ہوتا تھا جس سے ان کے مشن اور تبلیغ کا آغاز ہوتا تھا۔ قرآن پاک حضرت ہود علیہ السلام کا اسی اعلانِ توحید کا معاملہ یوں بیان کرتا ہے:

فوری طور پر بات کی تہہ تک جا پہنچتا ہے۔ قرآن کی یہ تنبیہات کہیں تو اہل ایمان کے لئے ہیں اور کہیں منکرین اور اہل کفر کے لئے ہیں، پھر ان تنبیہات کا تعلق کہیں تو دنیوی فلاح و خسارہ سے ہے اور کہیں اخروی نجات اور ناکامی سے ہے۔ بہر حال معاشرتی اصلاح قرآن کا مقصدِ نزول ہے کہ اسی پر اخروی نجات اور دنیا میں انعاماتِ ربانی اور تائیدِ ایزدی کا انحصار ہے۔

یہ تحقیقی بحث قرآنی تنبیہات سے متعلق ہے اور لفظِ تنبیہ "نبہ" سے مشتق ہے جس کا معنی: القیام و الانتباہ من النوم"[1] کھڑا ہونا اور نیند سے بیدار ہونا" ہے اور تنبیہ کا معنی "الدلالة عما غفل عنه المخاطب"[2] مخاطب کو اس چیز سے متنبہ کرنا جس سے وہ غافل ہو چکا ہے"، اس اعتبار سے تاکید کرنا، چشم نمائی اور حکمی پیغام دینا[3] یا کسی کو روکنا اور ٹوکنا تنبیہ کہلاتا ہے[4] جبکہ وہ حروف جن کے ذریعے خبر دار کیا جائے، متنبہ کیا جائے یا ڈرایا جائے ان کو حروفِ تنبیہ کا نام دیا جاتا ہے[5]۔ اس لحاظ قرآن پاک میں عمومی طور پر "أَلَا، أَمَا اور هَا" تین حروف کا استعمال تنبیہ کے لئے ہوتا ہے،[6] ھا کا استعمال مخاطب کی تنبیہ کے لئے ہوتا ہے اور یہ درج ذیل چار اشیاء پر داخل ہوتا ہے[7]:

- اسمائے اشارہ پر جیسے هٰذا، هٰذه، هٰذان، هاتان، هؤلاء۔
- ضمیرِ رفع پر جیسے هاانتم اولاء
- ماضی قریب پر جیسے ها قدرجعت
- نداء میں ای کے بعد جیسے يَآ اَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ۔

اسی طرح یا بھی حرفِ تنبیہ میں شمار ہوتا ہے[8] اس کے علاوہ سیاقِ کلام اور ترہیب، زجر و توبیخ اور سزاؤں کا بیان بھی تنبیہ میں ہی شمار ہوتا ہے[9]۔ اس مقالہ میں اصلاح عقیدہ سے متعلق تنبیہات پر مشتمل آیاتِ قرآنی کو ذکر کر کے عقیدہ کی ان اہم جہات کا جائزہ لیا جائے گا جن میں انسانی اصلاح مقصود ہے اور غور کیا جائے گا کہ بعد از اصلاح انسانی زندگی پر ان کے کیا اثرات مترتب ہوتے ہیں اس ذیل میں جو جہات موضوعِ بحث ہوں گی وہ عقیدہ توحید، عقیدہ ردِّ شرک، عقیدہ رسالت ہیں۔ ذیل میں ان اہم امور پر تفصیلی غور کیا جاتا ہے:

عقیدہ کی اصلاح انسان کے اعمال کی قبولیت کا ذریعہ ہیں اور ان میں فساد اخروی ناکامی کا سبب ہے اللہ تعالیٰ کی یکتائی پر ایمان اور اس کے ساتھ شرک کی ہر نوعیت سے بچنا ہر انسان کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ ذیل میں تنبیہات قرآنی میں اصلاح کی اس جہت میں جن امور پر زور دیا گیا ہے ان کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

## عقیدہ توحید کی اصلاح سے متعلق تنبیہات:

عقائد کی اصل عقیدہ توحید ہے جس میں فساد باقی تمام معاملات کو فاسد کر دیتا ہے۔ قرآن پاک میں بھی اس عقیدہ کی اصلاح اور پختگی پر زور دیا گیا ہے تاکہ عقیدہ سے متعلق باقی امور کی بھی اصلاح ہو سکے۔

# قرآنی تنبیہات میں اصلاحِ عقیدہ
# (توحیدورسالت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ)

# Reformation in the Qur'anic Warnings (Research Study in the Context of Monotheism and Prophethood)


*ڈاکٹر نسیم محمود

**ڈاکٹر محمد ارشد



## ABSTRACT

"Reformation of Belief in Qur'anic Warnings: A Study in Monotheism and Prophethood Perspective" is a topic which deals with different dimensions for the reconstruction and betterment of belief. This research paper is a study of Qur'anic instructions in warning mode related to the belief of the oneness of Allah Almighty, the refusal of polytheism, and the belief of prophethood. So, three major dimensions of Qur'anic warnings related to belief have been discussed in detail in this article. Many sub-topics related to the title have been elaborated in the light of Qur'anic verses. This article is an effort to study the divine teachings for the purification of human-believes related to Allah Almighty and His Prophet. Requirements for Monotheism, denial of polytheism, and teachings related to Prophethood and manner for dealing with him are the main theme of this research. Some recommendations also have been made for further research in this regard.



***KEY WORDS:*** *Warning, Return, Customization, Prohibition, Almighty and Obedience.*


قرآن تمام انسانیت کے لئے بالعموم اور مسلمانوں کے لئے بالخصوص ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اور انسانی زندگی سے متعلق کوئی پہلو ایسا نہیں جس کے بارے قرآن راہنمائی فراہم نہ کرتا ہو۔ تعلیماتِ قرآنی کی متعدد جہتوں میں سے ایک جہت قرآنی تنبیہات کی ہے جو کہ یقینی طور پر معاملات کے فہم اور تفہیم کا ایک اچھوتا انداز ہے اور قاری اس سے


* اسسٹنٹ پروفیسر، ادارہ عربی وعلومِ اسلامیہ، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ

** ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج، شکر گڑھ

# فہرست اردو مضامین


| نمبر شمار | مقالہ نگار | مقالات | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- | --- |
| 1 | ڈاکٹر نسیم محمود<br>ڈاکٹر محمد ارشد | قرآنی تنبیہات میں اصلاحِ عقیدہ<br>(توحید ورسالت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ) | 1 |
| 2 | ظفر اقبال | تفسیر واصول تفسیر: مفہوم، ارتقاء اور اقسام | 31 |
| 3 | عبد الرؤف<br>ڈاکٹر ریاض احمد سعید | فتنہ وضع حدیث وانکار حدیث کے اسباب و محرکات اور ان کا تدارک<br>(تاریخی و تجزیاتی مطالعہ) | 47 |
| 4 | ڈاکٹر حافظ عبد الرشید | غزوات میں جنگی ہدایات واصلاحات: تعلیماتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں | 79 |
| 5 | محمد رفاقت علی<br>حافظ محمد نوید | زبدۃ الاتقان از مالکی اور التبیان از صابونی کی مشترک ابحاث کا تقابلی مطالعہ | 99 |

# اردو مقالات

# اداریہ

وفاقی اردو یونیورسٹی، اردو زبان کی ترویج و اشاعت کے لئے ملکی سطح پر قائم کی گئی پہلی یونیورسٹی ہے۔ اس یونیورسٹی کی بنیاد رکھنے کا مقصد یہی تھا کہ علوم وفنون کی تعلیم کو قومی زبان میں پڑھایا جائے۔ اپنی تاسیس کے بعد سے وفاقی اردو یونیورسٹی نے ترقی اور تحقیق کی بہت ساری منازل طے کی ہیں۔ یونیورسٹی سے متعدّد تحقیقی شمارے شائع ہو رہے ہیں۔ مجلّہ **الوفاق** وفاقی اردو یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس، شعبہ علومِ اسلامیہ کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والا پہلا شمارہ ہے جس کا بنیادی مقصد علوم اسلامیہ کی تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔

مجلّہ **الوفاق** اردو، عربی اور انگریزی تینوں زبانوں میں شائع ہونے والا ششماہی تحقیقی مجلّہ ہے۔ موصول ہونے والے مقالہ جات کو ابتدائی جانچ کے بعد ماہرین کے رائے کے لیے ان کے پاس بھیج دیا جاتا ہے اور ان کے رائے کی روشنی میں مضامین کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ شمارہ ہٰذا میں ماہرین کی رائے کے بعد نو(۹) مضامین کو اشاعت کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔ یہ یقیناً اللہ پاک کے فضل و کرم کے بغیر ممکن نہیں تھا، لہٰذا بحیثیت مدیر میں اس کاوش کو بحسن وخوبی پایہ تکمیل تک پہنچانے پر اللہ رب العزت کی ذات اقدس کا بے حد ممنون و مشکور ہوں۔

مجلس ادارت ان حضرات کی بھی شکر گزار رہے جو اس ساری تحقیقی سرگرمیوں میں معاون اور دست و بازو بنے، جن میں خاص طور پر شیخ الجامعہ جناب پروفیسر ڈاکٹر سید الطاف حسین قابل ذکر ہیں، جنہوں نے ان ساری کاوشوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ذاتی دلچسپی لی اور ہر مرحلے پر اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔

مجلّہ **الوفاق** میں علم و فکر کے متنوع موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ جن میں تفسیر، حدیث، فقہ، تاریخ، سیرت النبی ﷺ، اسلامی معاشیات اور شخصیات کی خدمات وغیرہ سب کے سب شامل ہیں۔ جن احباب کے مضامین اس شمارے میں شائع نہیں ہو سکے ان سے معذرت، کیونکہ ادارتی پالیسی پر کسی بھی قسم کا سمجھوتا ممکن نہیں۔ اس تحقیقی مجلّہ کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر متعدد انڈیکسنگ اور ایبسٹریکٹنگ ایجنسیز سے منظور کرایا جائے گا جس کے لیے ضروری امور پر کام جاری ہے۔

انسانوں کے ہاتھوں کیے گئے کام میں پوری کوشش کے باوجود غلطیوں کی گنجائش باقی رہتی ہے۔ لہٰذا ہم ارباب علم و دانش کی تجاویز اور اصلاحات کے ہمیشہ منتظر رہیں گے اور ان کا خیر مقدم کریں گے تاکہ شمارہ کو خوب سے خوب تر بنانے کا عمل بحسن و خوبی جاری رہے۔ اللہ رب العزت ہماری اس کاوش کو دینی، معاشرتی اور سماجی علوم کے فروغ کا سبب بنائے۔

مدیر

ڈاکٹر حبیب الرحمن

# شرکاءمقالہ نگار کا تعارف

1. ڈاکٹر نسیم محمود، اسسٹنٹ پروفیسر، ادارہ عربی وعلومِ اسلامیہ، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی، سیالکوٹ
2. ڈاکٹر محمد ارشد، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج، شکر گڑھ
3. ظفر اقبال، لیکچرار شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
4. عبد الرؤف، لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد
5. ڈاکٹر ریاض احمد سعید، لیکچرر، شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد
6. ڈاکٹر حافظ عبد الرشید، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، اسلام آباد
7. محمد رفاقت علی، ریسرچ اسکالر پی ایچ ڈی، شعبہ علوم اسلامی، جامعہ کراچی، کراچی
8. حافظ محمد نوید، ریسرچ اسکالر پی ایچ ڈی، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات
9. عبدالواحد، الباحث بمرحلة الدكتوراه، والأستاذ الزائر فى قسم التفسير و علوم القرآن، بكلية أصول الدين، الجامعة الإسلامية العالمية، بإسلام آباد
10. الدكتور سميع الله الزبيري ، الأستاذ المساعد فى قسم اللغة العربية وآدابها بكلية اللغة العربية والدراسات الإسلامية، جامعة العلامة إقبال المفتوحة، إسلام آباد
11. الدكتور عبد الماجد، الأستاذ المساعد ، قسم الدراسات الإسلامية ، جامعة الأردو الفيدرالية للفنون والعلوم والتكنولوجيا، إسلام آباد
12. الحافظ رضوان عبدالله، المحاضر، بقسم الدراسات الاسلامية، بالكلية الحكومية للدراسات العليا، خانيوال، باكستان
13. الدكتور الحافظ محمد ارشد اقبال، الأستاذ المشارك، بقسم دراسات القرآن والتفسير،بالجامعة العلامة اقبال المفتوحة، اسلام آباد، باكستان-
14. محمد راشد، پی ایچ ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ سیاسیات وبین الاقوامی تعلقات، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد
15. سرتاج، لیکچرر، فیکلٹی آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز، رفاح انٹرنیشنل یونیورسٹی، اسلام آباد
16. عرشی بشیر، ایم فل ریسرچ سکالر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، اسلام آباد
17. ڈاکٹر محمد عرفان، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، اسلام آباد

9. پروفیسر ڈاکٹر محمد اعجاز

ڈائریکٹر، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

10. پروفیسر ڈاکٹر عبد القدوس صہیب

چیئر مین / ڈائریکٹر، اسلامک ریسرچ سنٹر، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

11. پروفیسر ڈاکٹر حافظ منیر احمد

ڈین، فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز، سندھ یونیورسٹی، جامشورو

12. ڈاکٹر حافظ محمد سجاد

ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامی فکر و تاریخ و ثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

13. ڈاکٹر عبد الغفار بخاری

ایسوسی ایٹ پروفیسر و چیئر مین، شعبہ علومِ اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز،
اسلام آباد

14. ڈاکٹر محمد ریاض خان الازہری

ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک تھیالوجی، اسلامیہ کالج یونیورسٹی، پشاور

15. ڈاکٹر ارشد منیر لغاری

ایسوسی ایٹ پروفیسر و چیئر مین، شعبہ علومِ اسلامیہ، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات

9. پروفیسر ڈاکٹر مہدی زہرا

ڈیپارٹمنٹ آف اکنامکس اینڈ لاء، گلاسگو سکول فار بزنس اینڈ سوسائٹی، گلاسگو کیلی ڈونین یونیورسٹی، گلاسگو، برطانیہ

10. پروفیسر ڈاکٹر توقیر عالم

ڈین، فیکلٹی آف تھیالوجی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اتر پردیش، انڈیا

## قومی

1. پروفیسر ڈاکٹر قبلہ ایاز

چیئرمین، اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد

2. پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق

ڈائریکٹر جنرل، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

3. پروفیسر ڈاکٹر عبد العلی اچکزئی

ڈین، فیکلٹی آف ایجوکیشن اینڈ ہومینیٹیز، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ

4. پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء

ڈین، فیکلٹی آف علومِ اسلامیہ، یونیورسٹی آف پشاور، پشاور

5. پروفیسر ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی

چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

6. پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

ڈائریکٹر جنرل، اصلاح انٹرنیشنل، لاہور

7. پروفیسر ڈاکٹر محمد حماد لکھوی

ڈین، فیکلٹی آف علومِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

8. پروفیسر ڈاکٹر مستفیض احمد علوی

ڈین، فیکلٹی آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز، گفٹ یونیورسٹی، گوجرانوالہ

# مجلسِ مشاورت

## بین الاقوامی

1. پروفیسر ڈاکٹر عطاء اللہ صدیقی

مارک فیلڈ انسٹیٹیوٹ آف ہائر ایجوکیشن، مارک فیلڈ، لیسٹر شائر، برطانیہ

2. پروفیسر ڈاکٹر اسرار احمد خان

فیکلٹی آف اسلامک سٹڈیز، فاتح سلطان محمد یونیورسٹی، استنبول، ترکی.

3. پروفیسر ڈاکٹر سید محمد یونس گیلانی

فیکلٹی آف اسلامک ریویلڈ نالج اینڈ ہیومین سائنسز، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی،

کوالالمپور، ملائیشیا

4. پروفیسر ڈاکٹر محمد سکری صالح

ڈائریکٹر سنٹر فار اسلامک ڈیویلپمنٹ اینڈ منیجمنٹ سائنسز، سکول آف سوشل سائنسز، یونیوسٹی آف

سینز، پینانگ، ملائیشیا

5. پروفیسر ڈاکٹر یاسین مظہر صدیقی

ڈائریکٹر (ریٹائرڈ) شاہ ولی اللہ ریسرچ سیل، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اترپردیش، انڈیا

6. پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد

ممبر ریجنل کونسل، یونیورسٹی آف ویسٹرن سڈنی، آسٹریلیا

7. پروفیسر ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی

ڈیپارٹمنٹ آف سنی تھیالوجی، فیکلٹی آف تھیالوجی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، اترپردیش، انڈیا

8. پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالوحید

ڈائریکٹر عبدالحلیم قرآنک انسٹیوٹ، ٹیکساس، امریکہ

# مجلس ادارت

**سرپرست اعلیٰ**

پروفیسر ڈاکٹر سید الطاف حسین

شیخ الجامعہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**سرپرست**

پروفیسر ڈاکٹر عبد الغفور بلوچ

رئیس، کلیہ معارفِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**مدیر اعلیٰ**

ڈاکٹر حافظ عبد الرشید

صدر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**مدیر**

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**نائب مدیران**

- ڈاکٹر محمد عرفان

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

- ڈاکٹر عبد الماجد

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

8. مقالہ اردو، انگریزی اور عربی زبان میں لکھا جاسکتا ہے۔

9. مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں۔

- حواشی و حوالہ جات مقالے کے آخر میں دیئے جائیں۔
- حواشی و حوالہ جات کی ترتیب میں شگاگو مینوئل سٹائل(Chicago Manual Style) کو بروئے کارلایا جائے۔
- کتاب کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا معروف نام، پورا نام، کتاب کا مختصر نام، ناشر، مقام اشاعت اور سنِ اشاعت کے بعد جلد نمبر اور صفحہ نمبر درج کریں۔

ابن کثیر، حافظ عماد الدین ابو الفداء اسماعیل بن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، دار صادر، بیروت، ۲۰۰۸، ۳/۲۱۲

- ایک ہی مصدر یا مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کریں۔
- مقالہ میں موجود قرآنی آیات عربی رسم الخط میں تحریر کریں اور آیات کا حوالہ دیتے وقت درج ذیل مثال کو مدّ نظر رکھیں۔ مثلاً سورۃالاَعراف:۷/۱۹۰
- احادیث کا حوالہ دیتے وقت درج ذیل مثال کو ملحوظ رکھیں:

البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب افشاء السلام من السلام، دار السلام، ریاض، ۱۴۱۲ھ، حدیث نمبر:۲۹، ۱/۸

- مقالہ میں مذکور غیر معروف شخصیات کا مختصر تعارف کروائیں۔ اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتابوں سے حوالہ جات دیں۔

# 'الوفاق' میں مقالہ کے لیے قواعد وضوابط

مجلّہ الوفاق میں مقالہ نگار حضرات اپنے مقالہ کی ترتیب و تدوین کرتے ہوئے درج ذیل قواعد و ضوابط کو پیشِ نظر رکھیں۔

1. مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔ نیز طوالت 25 صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔
2. مقالہ نگار اپنے مقالے کی ہارڈ کاپی کے ساتھ سافٹ کاپی بھی فراہم کرے گا۔
3. کمپوزنگ کے سلسلے میں درج ذیل فانٹس کا خیال رکھا جائے۔
    - فصل اور بحث کے لیے فانٹ سائز:18
    - ذیلی فصول کے لیے فانٹ سائز:16
    - مقالے کے متن کا فانٹ سائز
        - اردو اور عربی متن:14
        - انگریزی متن:12
    - مقالے کے حواشی کا فانٹ سائز
        - اردو اور عربی متن:12
        - انگریزی متن:10
4. مقالہ کسی اور جگہ شائع نہ ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ اشاعت کے لیے دیا گیا ہو۔
5. مقالہ تحقیق کے اصولوں کے مطابق ہونا چاہیے، نئی تحقیق پر مبنی اور علمی سرقہ سے خالی ہو نیز مقالہ بنیادی مصادر کے حوالوں سے مزین ہو
6. املاء اور رموز واوقاف کا التزام لازمی ہے۔
7. مقالہ نگار تقریباً 250 الفاظ پر مشتمل اپنے مقالہ کا ملخص بحث (Abstract) انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ فراہم کرے گا۔

# الوفاق: ادارتی پالیسی

الوفاق جملہ اسلامی علوم و فنون سے متعلقہ ایک تحقیقی مجلّہ ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالہ جات کے متعلق ادارتی پالیسی حسبِ ذیل ہے:

1. الوفاق ایک ششماہی رسالہ ہے یعنی سال میں دو مرتبہ شائع ہوتا ہے۔
2. الوفاق میں شائع ہونے والے مضامین کے موضوعات علوم القرآن، علوم الحدیث، علم فقہ و اصول فقہ، تقابلِ ادیان، علم کلام و تصوّف، فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات، ثقافت و تمدن اور اسی طرح مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ و تعارف) وغیرہ سے متعلق ہونے چاہئیں۔
3. الوفاق کی اشاعت کے سلسلہ میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات و جملہ قوانین و ضوابط کو ملحوظ رکھا جائے گا۔
4. الوفاق میں مقالہ کے شائع ہونے کے حوالے سے ادارتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہو گا۔
5. الوفاق کی مجلس ادارت کو ارسال کیے گئے مقالات میں ضروری ترامیم، تنسیخ و تلخیص کا حق حاصل ہو گا۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ کاروں کی رائے، نیز مقالہ میں مطلوب کسی تبدیلی سے متعلق آگاہ کرے گا۔
6. الوفاق مجلّہ کا مقالہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں، مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مجلسِ ادارت یا وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی پر بالکل نہیں ہو گی بلکہ مقالہ نگار پر ہو گی۔

# المقالات العربية


1 تعزيز الفكر الإسلامي والأخلاق وأثره فى المجتمع عند الشيخ الشنقيطي –رحمة الله عليه– من خلال تفسيره " أضواء البيان" 1

أ: عبدالواحد / د: سميع الله الزبيري / د: عبدالماجد

2 استقصاء المتون في حديث صفوان بن أمية السلمي و تنسيقها بترتيب جزئياتها من الشواهد والمتابعات (دراسة نقدية) 19

الحافظ رضوان عبدالله / الدكتور الحافظ محمد ارشد اقبال


# English Articles


1. The Modern Glimpses of Madrassah Curriculum (A Contextual Analysis) 1
Muhammad Rashid / Sartaj / Muhammad Rafaqat Ali

2. Right of Asylum in Islamic International Law (Siyar) and International Law (United Nations' Universal Declaration of Human Rights): A Comparative Study 9
Arshi Bashir / Dr. Muhammad Irfan

# فہرست موضوعات


1 الوفاق: ادارتی پالیسی i

2 'الوفاق' میں مقالہ کے لیے قواعد وضوابط ii

3 مجلس ادارت iv

4 مجلس مشاورت v

5 شرکاء مقالہ نگار کا تعارف vii

6 اداریہ viii


# اردو مضامین


1 قرآنی تنبیہات میں اصلاحِ عقیدہ (توحید ورسالت کے تناظر میں تحقیقی مطالعہ) 1

ڈاکٹر نسیم محمود / ڈاکٹر محمد ارشد

2 تفسیر واصول تفسیر: مفہوم، ارتقاء اور اقسام 31

ظفر اقبال

3 فتنہ وضع حدیث وانکار حدیث کے اسباب ومحرکات اوران کا تدارک (تاریخی وتجزیاتی مطالعہ) 47

عبد الرؤف / ڈاکٹر ریاض احمد سعید

4 غزوات میں جنگی ہدایات واصلاحات: تعلیماتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں 79

ڈاکٹر حافظ عبد الرشید

5 زبدۃ الاتقان از مالکی اور التبیان از صابونی کی مشترک ابحاث کا تقابلی مطالعہ 99

محمد رفاقت علی / حافظ محمد نوید

**ناشر:** شعبہ علومِ اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**طباعت:** وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

**آئی ایس ایس این:** (Print) 2709-8907
(Online) 2709-8915

**جلد:** 2

**شمارہ:** 1(جنوری-جون2019)

**تعداد:** 200

**قیمت اندرون ملک:** 500روپے

**قیمت بیرون ملک:** 10ڈالر

**خط و کتابت کے لیے:**

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

مدیر، مجلّہ اَلوِفاق

شعبہ علومِ اسلامیہ،

وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی،

G-7/1، خیابانِ سہروردی، نزد زیرو پوائنٹ، اسلام آباد۔

Ph: +92 51 9252860-3, Ext: 168
Cell: +92 331 3103333
Email: alwifaq@fuuast.edu.pk
Website: www.alwifaqjournal.com

# الوفاق

ششماہی

علومِ اسلامیہ کا علمی و تحقیقی مجلّہ

جلد: ۲ شمارہ: ۱ جنوری-جون ۲۰۱۹ء

**سرپرست اعلیٰ**

پروفیسر ڈاکٹر سید الطاف حسین، شیخ الجامعہ

**سرپرست**

پروفیسر ڈاکٹر عبد الغفور بلوچ، رئیس کلیہ معارفِ اسلامیہ

**مدیر اعلیٰ**

ڈاکٹر حافظ عبد الرشید، صدر شعبہ

**مدیر**

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن

**نائب مدیران**

ڈاکٹر محمد عرفان ڈاکٹر عبد الماجد

شعبہ علومِ اسلامیہ

وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد

بسم الله الرحمن الرحيم

ISSN (Print) : 2709-8907
ISSN (Online) : 2709-8915

ششماہی

# الوفاق

علومِ اسلامیہ کا علمی و تحقیقی مجلہ

جلد ۲

شمارہ ۱

جنوری-جون ۲۰۱۹

شعبہ علومِ اسلامیہ
وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی، اسلام آباد